www.dailybolan.com

MEMBER APNS — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

Mobile: 0336-6113760

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

فون و فیکس 0853-310203

صفحات 8 — قیمت 20 روپے

جلد 37 — اتوار یکم نومبر 2026ء، بمطابق 20 جمادی الاول 1448ھ — شمارہ 323

مزید فوج سعودی عرب بھیجنے کا فیصلہ حالات اور سیاسی قیادت کے فیصلے سے مشروط ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

پاکستان سعودی عرب اور مقدس مقامات مکہ و مدینہ کے دفاع کے لیے پرعزم ہے

یمن تنازع یمن کا اندرونی معاملہ ہے، پاکستان تنازع کا حصہ نہیں بلکہ سعودی عرب اور حرمین شریفین کے تحفظ کے لئے موجود ہے، انٹرویو

راولپنڈی (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ سعودی عرب مزید پاکستانی فوجی بھیجنے کا فیصلہ حالات اور دونوں ممالک کی سیاسی قیادت کے فیصلے سے مشروط ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کی جانب سے رائٹرز کو دیے گئے خصوصی انٹرویو میں مزید تفصیلات سامنے آئی ہیں جن میں انہوں نے کہا کہ پاکستان ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی کے حوالے سے محتاط طور پر پرامید ہے، اگر کوئی مثبت پیش رفت کی علامت نہ ہوتی تو فیلڈ مارشل دوبار (ایران) کیوں جاتے؟ ا(بقیہ نمبر 1 صفحہ 7پر)

اسمبلی میں مولانا سے ملاقات ہوئی تو محسوس ہوا مجھ میں تھوڑا دم خم ہے، خواجہ آصف

سیاسی زندگی میں بہت سے نشیب و فراز دیکھے، مشرف دور میں اٹک قلعے پر قید رہا، وزیر دفاع

بھارت سے جنگیں پہلے بھی ہوئیں لیکن کوئی ابہام رہ جاتا تھا مگر اس بار بھارت اور اسکی فوج نے تسلیم کیا، گفتگو

سیالکوٹ (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بھی (بقیہ 4 صفحہ 7پر)

اظفر علی ناصر سوشل میڈیا پروٹیکشن اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی کے چیئرپرسن مقرر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزارت داخلہ نے اظفر علی ناصر کو سوشل (بقیہ نمبر 3 صفحہ 7پر)

کے پی میں گورنر راج 2 سے 6 ماہ تک رہ سکتا ہے، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین

مولانا فضل الرحمان کا اپنے ہی اداروں کے خلاف چڑھائی ملک دشمنی کے مترادف ہے،

پی ٹی آئی کے دھرنوں نے ماضی میں ملک کو نقصان پہنچایا، اب دھرنوں کی سیاست کی اجازت نہیں دی جائے گی

شرقپور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7پر)



لاہور: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی کے کانووکیشن میں خطاب کر رہے ہیں

دہشت گرد بلوچستان کا انفراسٹرکچر تباہ کر رہے ہیں اور معصوم پاکستانیوں کو قتل کر رہے ہیں، کسی بھی محرومی یا سیاسی اختلاف کو تشدد کا جواز نہیں بنایا جاسکتا

پاکستان کیلئے ہماری وفاداری غیر مشروط ہے اور ہمیشہ رہے گی، سرفراز بگٹی

بلوچستان کا مقدمہ اور یہاں کے عوام کے حقیقی مسائل اجاگر کرنے کے نام پر بعض حلقوں کی جانب سے کنفیوژن اور گمراہ کن بیانیہ پھیلایا جارہا ہے

بلوچستان کو اس وقت تین بڑے چیلنجز کا سامنا ہے جن میں تشدد کو جائز قرار دینے والا بیانیہ، مسلح دہشت گردی اور سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کی ذہن سازی شامل ہیں

لاہور (بولان بیورو): وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کے لیے ہماری وفاداری غیر مشروط ہے۔ بلوچستان کا مقدمہ اور یہاں کے عوام کے حقیقی مسائل اجاگر کرنے کے نام پر بعض حلقوں کی جانب سے کنفیوژن اور گمراہ کن بیانیہ پھیلایا جارہا ہے۔ بلوچستان کو اس وقت تین بڑے چیلنجز کا سامنا ہے جن میں تشدد کو جائز قرار دینے والا بیانیہ، مسلح دہشت گردی اور سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کی ذہن سازی شامل ہیں۔ دہشت گرد بلوچستان کا انفراسٹرکچر تباہ کر رہے ہیں اور معصوم پا(بقیہ 5 صفحہ 7پر)

پاکستان کویت کیساتھ ممکن تعلقات کو مزید بہتر کر رہا ہے، اسحاق ڈار

اسحاق ڈار اور کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح کے درمیان وزارت خارجہ میں وفود کی سطح کے مذاکرات

فریقین کا ادارہ جاتی روابط کو مزید مستحکم بنانے، اعلیٰ سطح کے رابطوں کے تبادلوں سے دوطرفہ تعاون مزید مؤثر منظم بنانے پر اتفاق

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح نے بدھ کو یہاں وزارت خارجہ میں وفود کی سطح کے مذاکرات کی مشترکہ صدارت کی۔ دفتر خارجہ کے مطابق دونوں فریقوں نے پاکستان اور کویت کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جامع جائزہ لیا اور تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، افرادی قوت، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، صحت، کان کنی و معدنیات، دفاع اور وسیع (بقیہ نمبر 8 صفحہ 7پر)

مسئلہ مکالمے اور پارلیمنٹ کے فورم پر حل ہوسکتا ہے، بلال اظہر کیانی

پیپلزپارٹی اپوزیشن والی تقریریں کر کے آزاد کشمیر میں اپنی ہی حکومت کے فیصلوں کی نفی کر رہی ہے

جمہوریت دلیل سے قائل کرلینے کا عمل ہے، کشمیری مہاجرین کی نمائندگی کے بغیر آزاد کشمیر اور پاکستان دونوں نامکمل ہیں، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ پیپلزپارٹی آزاد کشمیر کی انتخابی مہم میں اپوزیشن والی تقریریں کر کے اپنی ہی حکومت کے فیصلوں کی نفی کر رہی ہے۔ بلال اظہر کیانی نے آزاد کشمیر کے حلقہ ایل اے 42 ویلی 3 سے امیدوار سید شوکت شاہ اور حلقہ ایل اے 39 جموں (بقیہ 7 صفحہ 7پر)

چینی سرمایہ کار میری ٹائم اور لاجسٹکس شعبے میں دلچسپی لیں، جنید انوار

حکومت پاکستان ملک کو علاقائی ٹرانزٹ ٹریڈ، لاجسٹکس اور صنعتی مرکز بنانے کے لیے جامع اصلاحات پر عمل پیرا ہے

وفاقی وزیر بحری امور کا بیجنگ میں ریجنل ٹرانزٹ ٹریڈ ہب انیشی ایٹو سے خطاب

بیجنگ (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے چینی سرمایہ کاروں پر زور دیا ہے کہ وہ پاکستان کی بندرگاہوں، لاجسٹکس اور بحری شعبے میں سرمایہ کاری بڑھائیں کیونکہ حکومت پاکستان ملک کو علاقائی ٹرانزٹ ٹریڈ، لاجسٹکس اور صنعتی مرکز بنانے کے لیے جامع اصلاحات پر عمل پیرا ہے۔ ریجنل ٹرانزٹ ٹریڈ ہب انیشی ایٹو سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری اب ایک نئے (بقیہ نمبر 6 صفحہ 7پر)



اسلام آباد: وزیر اعظم محمد شہباز شریف خیبر پختونخوا کے مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی اراکین سے ملاقات کر رہے ہیں

پاک فوج کی قربانیوں کی بدولت آج سکون کی سانس لے رہے ہیں، میر علی حسن زہری

ایف ڈبلیو او کے ذریعے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں میگا پروجیکٹ پر معیاری کام جاری ہے ایسے ادارے کے خلاف بات کرنا سمجھ سے بالاتر ہے

حب میں تعلیم، صحت، پینے کے پانی کی فراہمی و دیگر مسائل اپنے قائدین کی قیادت و رہنمائی میں حل کریں گے، حب کا نقشہ بدلنے کے عزم اظہار

کیڈٹ کالج کی تعمیر کے لیئے 2 کروڑ روپے اور ماسٹر پلان کے لیئے اب تک صرف ڈیڑھ ارب روپے جاری ہوئے ہیں سابق صوبائی وزیر کا ساکران میں جلسے سے خطاب

ساکران میر علی حسن زہری کے جیالوں کا گڑھ بن چکا ہے، انجینئر سعید مینگل، عثمان کوہ بلوچ، ایم کریم مری، احمد خان جمالی، غلام محمد و دیگر کا جلسے سے خطاب

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلزپارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر و ترجمان صدر آصف علی زرداری برائے بلوچستان میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاک فوج ہمارے سر کا تاج (بقیہ 9 صفحہ 7پر)



لاہور: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی کے کانووکیشن میں فارغ التحصیل طلبہ کو ڈگریز دے رہے ہیں

حتمی عدالتی فیصلوں پر دوبارہ مقدمہ بازی کی اجازت نہیں دی جاسکتی، وفاقی آئینی عدالت

عملدرآمد کرنے والی عدالت ڈگری کے دائرہ کار سے تجاوز کر کے پہلے سے طے شدہ حقوق میں تبدیلی نہیں کرسکتی

ایک ہی تنازعہ کو بار بار عدالتوں میں اٹھانا قانون کی منشا کے خلاف ہے حتمی عدالتی فیصلوں کو مسلسل چیلنج نہیں کیا جاسکتا، فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی آئینی عدالت نے کہا ہے کہ حتمی عدالتی فیصلوں پر دوبارہ مقدمہ بازی کی اجازت نہیں دی جاسکتی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی آئینی عدالت نے اپنے فیصلہ میں کہا ایک ہی تنازعہ کو بار بار عدالتوں میں اٹھانا قانون کی منشا کے خلاف ہے حتمی عدالتی فیصلوں کو مسلسل چیلنج نہیں کیا جاسکتا۔ وفاقی آئینی عدالت نے لاہور ہائیکورٹ کا فیصلہ برقرار رکھتے ہوئے اپیل کی اجازت دینے سے انکار کردیا اور کہا عدالتوں کے فیصلوں کو حتمی حیثیت دینا نظامِ انصاف اور قانون کی بالادستی کے لیے (بقیہ 16 صفحہ 7پر)



حب۔ پاکستان پیپلزپارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر و ترجمان صدر آصف علی زرداری برائے بلوچستان میر علی حسن زہری، انجینئر سعید مینگل، احمد خان جمالی، ایم کریم مری و دیگر حسن پیر گوٹھ عطاء محمد میں شمولیتی جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

بلاول بھٹو زرداری کی گلگت بلتستان کے 79 ویں یوم آزادی پر خطے کے عوام کو مبارکباد

یکم نومبر گلگت بلتستان کی تاریخ کا ایک روشن اور یادگار دن ہے

عوام کی بہادری، قربانیوں اور آزادی کے غیر متزلزل عزم کی علامت ہے، بیان

کراچی / اسلام آباد / لاہور / اسکردو (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے گلگت بلتستان کے 79 ویں یوم آزادی پر خطے کے عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یکم نومبر گلگت بلتستان کی تاریخ کا ایک روشن اور یادگار دن ہے، جو عوام کی بہادری، قربانیوں اور آزادی کے غیر متزلزل عزم کی علامت ہے۔ میڈیا سیل بلاول ہاس سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق، پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کی تاریخی جدوجہد اور قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا قابلِ فخر با(بقیہ 10 صفحہ 7پر)

وزیر اعظم شہباز شریف سے رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن دریشک کی ملاقات

لاہور (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن دریشک نے لاہور میں ملاقات کی اور ملک کی عمومی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7پر)

محمود خان اچکزئی نے نواز شریف کی مدد سے ہاری ہوئی سیٹ حاصل کی، بیرسٹر سیف

راجہ ناصر عباس اسٹیبلشمنٹ کے اہم لوگوں کے ساتھ براہ راست رابطے میں ہیں مگر وہ رابطے عمران خان کی رہائی کے لیے نہیں ہیں، انٹرویو

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت کے سابق مشیر بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ محمود خان اچکزئی نے نواز شریف کی مدد سے ہاری ہوئی سیٹ حاصل کی مگر وہ بانی پی ٹی آئی کے لیے شہباز شریف کے ساتھ بیٹھنے کو تیار نہیں، انہیں بانی پی ٹی آئی نے اپوزیشن لیڈر بنایا مگر وہ ان کے لیے کچھ نہیں کر رہے۔ ایک انٹرویو میں بیرسٹر سیف نے دعویٰ کیا کہ راجہ ناصر عباس اسٹیبلشمنٹ کے اہم لوگوں کے ساتھ براہ راست رابطے میں ہیں مگر وہ رابطے عمران خان کی رہائی کے لیے نہیں ہیں۔

نعتیہ شاعری اردو ادب کی ایک مقدس اور عظیم صنف ہے، اورنگزیب خان کھچی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت اورنگزیب خان کھچی نے کہا ہے کہ نعتیہ شاعری اردو ادب کی ایک مقدس اور عظیم صنف ہے، محبت رسول ﷺ کے اظہار کے لیے معیاری اور بامقصد نعتیہ تقریبات کا انعقاد ہونا چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے (بقیہ 14 صفحہ 7پر)

بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری قومی سلامتی کا معاملہ بن چکی ہے، محمد علی

ابتدائی مرحلے میں اسلام آباد، فیصل آباد اور گوجرانوالہ کی ڈسکوز کی نجکاری کا منصوبہ 2027ء میں بڑے پیمانے پر پیش رفت متوقع

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر برائے نجکاری اور چیئرمین نجکاری کمیشن محمد علی نے کہا ہے کہ پاکستان کے توانائی اور بجلی کے شعبے کے مسائل حل نہ کرنا اب قومی سلامتی کا مسئلہ بن چکا ہے، بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی نجکاری کا بنیادی مقصد محض سرکاری اداروں کو فروخت کرنا نہیں بلکہ بجلی کے شعبے میں بنیادی اصلاحات، مسابقتی نظام کا قیام اور صارفین کے لیے بجلی کی قیمتوں میں کمی لانا (بقیہ 11 صفحہ 7پر)

حکومت کا چھوٹی صنعتوں کو عالمی منڈیوں تک رسائی دینے کے لیے اقدامات کا فیصلہ

بلال اظہر کیانی کی چھوٹی صنعتوں کو مالی اور انتظامی رکاوٹوں سے نکالنے کیلئے مکمل تعاون کی یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے چھوٹی صنعتوں کو عالمی منڈیوں تک رسائی دینے کے لیے فوری اقدامات کا فیصلہ کر لی ہے، وزیر مملکت خزانہ بلال اظہر کیانی نے ایس ایم ایز کے لیے برآمدی قرضوں کی سہولت سے فائدہ نہ اٹھانے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے سٹیٹ بینک اور ایکسپورٹ امپورٹ بینک کو چھوٹے برآمدکنندگان تک رسائی بڑھانے کی ہدایت کر دی۔ بلال اظہر کیا(بقیہ نمبر 17 صفحہ 7پر)

گلگت بلتستان کے عوام کو 79 ویں یوم آزادی کی مبارکباد

وفاقی حکومت خطہ کی تعمیر و ترقی کو اولین ترجیح دیتی ہے، امیر مقام

وفاقی حکومت گلگت بلتستان کی تعمیر و ترقی کو اولین ترجیح دیتی ہے، گلگت بلتستان سی پیک کے حوالے سے اہم خطہ ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان، س(بقیہ 12 صفحہ 7پر)

افغانستان طالبان رجیم کیخلاف مسلح مزاحمت میں مزید تیزی

طالبان مخالف مسلح گروپ افغانستان فریڈم فرنٹ نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کے جنگجوؤں نے کابل سے بدخشان جانے والے طالبان کے ایک فوجی قافلے کو راکٹ حملے کا نشانہ بنایا

فریڈم فرنٹ کی مسلسل کارروائیاں اور ڈرون حملے تنظیم کی بڑھتی ہوئی جنگی صلاحیت، مؤثر منصوبہ بندی، انٹیلی جنس، لاجسٹکس اور تیاری کی عکاسی کرتے ہیں

کابل (اے ایف پی) افغانستان کے صوبہ بدخشان میں طالبان مخالف مسلح کارروائیوں میں تیزی دیکھی جارہی ہے، جہاں مختلف اضلاع میں جھڑپوں کے بعد سیکیورٹی صورتحا(بقیہ 15 صفحہ 7پر)

امت مسلمہ کا مستقبل علم، کردار اور اتحاد سے وابستہ ہے، حافظ نعیم الرحمٰن

غزہ عالمی ضمیر کا امتحان، مسلم دنیا کو مظلومیت کے احساس سے نکل کر عملی متبادل پیش کرنا ہوگا

امیر جماعت اسلامی پاکستان کا استنبول میں ترک پارلیمنٹیرینز کے استقبالیہ سے خطاب

استنبول (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم (بقیہ 18 صفحہ 7پر)

لیوی کے خاتمے پر جماعت اسلامی، حکومتی کمیٹی کے مذاکرات 3 نومبر کو ہوں گے، لیاقت بلوچ

اسحاق ڈار اور احسن اقبال کا قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان رابطہ، مذاکراتی اجلاس کے انعقاد سے آگاہ کردیا

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ سے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار اور وفاقی وزیر احسن اقبال نے ٹیلی فونک رابطہ کیا اور انہیں جما(بقیہ 13 صفحہ 7پر)

ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب کا دفاعی معاہدہ گیم چینجر ثابت ہوگا، ترک وزیر خارجہ

اسرائیلی اور بھارت کا پروپیگنڈا معاہدے کی اہمیت کو کم نہیں کرسکتا، ہاکان فیدان

انقرہ (این این آئی) ترک وزیر خارجہ نے کہا ہے کہ مکہ دفاعی معاہدہ ترکیہ، پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی تعاون کے حوالے سے اہم پیش رفت ثابت ہوسکتا ہے اور (بقیہ 19 صفحہ 7پر)



غیر معیاری خوردنی مواد کی روک تھام کیلئے بی ایف اے کی صوبے بھر میں کارروائیاں

ملاوٹی دودھ اور غیر معیاری خوراک کے خاتمے کے لیے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے صوبے کے مختلف اضلاع میں بھرپور کارروائیاں

ژوب میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے اسسٹنٹ کمشنر ژوب کے ہمراہ متعدد دودھ کی دکانوں اور ڈیری فارمز کا معائنہ کیا

کوئٹہ (این این آئی) ملاوٹی دودھ اور غیر معیاری خوراک کے خاتمے کے لیے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں نے صوبے کے مختلف اضلاع میں بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے 2 دودھ کی دکانیں سیل، 25 فوڈ بزنس آپریٹرز کو جرمانے اور 18 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے۔ کارروائیوں کے دوران دودھ میں ملاوٹ، صفائی کی ناقص صورتحال، زائد المیعاد اشیاء کی فروخت، غیر قانونی رنگوں، ناقص اسٹوریج اور فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزیوں پر قانونی ایکشن لیا گیا۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق ژوب میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیم نے اسسٹنٹ کمشنر ژوب کے ہمراہ متعدد دودھ کی دکانوں اور ڈیری فارمز کا معائنہ کیا۔ دودھ میں پانی کی ملاوٹ اور اسکمڈ ملک ثابت ہونے پر 2 دودھ کی دکانیں سیل کردی گئیں جبکہ 2 ڈیری فارمز سمیت مجموعی طور پر 4 یونٹس کو جرمانہ کیا گیا اور 5 بہتری نوٹسز جاری کیے گئے۔ معائنے کے دوران دودھ میں پانی کی ملاوٹ، چکنائی کی کمی، حشرات کی موجودگی، آلودہ برتن، غیر صحت بخش ماحول اور صفائی کے ناقص انتظامات جیسے سنگین نقائص سامنے آئے۔ علاوہ ازیں کوئٹہ میں مختلف انسپکشن ٹیموں نے کاسی روڈ، علمدار روڈ، نچاری روڈ، ہزارہ ٹاؤن، ایئرپورٹ روڈ، پٹیل روڈ، میر احمد خان روڈ اور سرکی روڈ پر کارروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر 13 فوڈ بزنس آپریٹرز کو جرمانے اور 5 اصلاحی نوٹسز جاری کیے۔ کارروائیوں کے دوران دودھ میں پانی کی ملاوٹ پر 2 ملک شاپس کے خلاف ایکشن لیا گیا جبکہ 3 ملک شاپس کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ مختلف جنرل اسٹورز، ریسٹورنٹس، ہوٹلز، بیکریز، بیف شاپس اور دیگر مراکز میں ناقص صفائی، بغیر لائسنس کاروبار، خراب گوشت، غیر معیاری اسٹوریج، حشرات کی موجودگی، کھلے کوڑے دان، غیر فوڈ گریڈ رنگوں، زائد المیعاد اشیاء اور ممنوعہ مصنوعات کی موجودگی پر قانونی کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔ اسی دوران نئے واٹر پلانٹ مالکان کو بی ایف اے ایس او پیز، رجسٹریشن اور محفوظ پانی کی تیاری سے متعلق رہنمائی بھی فراہم کی گئی جبکہ نان شاپس میں کارکنوں کو ذاتی حفاظتی سامان (PPEs) تقسیم کرکے محفوظ خوراک کی تیاری سے متعلق عملی آگاہی دی گئی۔ اسی طرح پنجگور میں پرانا تربت روڈ اور شہر کے مختلف علاقوں میں کارروائیوں کے دوران 2 جنرل اسٹورز کو جرمانہ اور 5 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ معائنے کے دوران زائد المیعاد مشروبات، اسنیکس، ملک کریم، جوسز، مصالحہ جات، پابندی عائد چائنیز نمک اور نان فوڈ گریڈ کلرز ضبط کرلیے گئے۔ خضدار میں آرسی ڈی روڈ پر قائم مختلف فوڈ پوائنٹس کی چیکنگ کے دوران 2 ریسٹورنٹس، 3 جنرل اسٹورز اور 1 نان شاپ سمیت 6 مراکز کو جرمانہ جبکہ 8 مراکز کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے گئے۔ کارروائیوں کے دوران انتہائی ناقص صفائی، گندگی، مکھیوں کی بھرمار، زنگ آلود برتن، ناقص نکاسی آب، کم وزن روٹی کی تیاری اور زائد المیعاد اشیاء کی فروخت پر قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا اس سلسلے میں کہنا ہے کہ ملاوٹی دودھ، غیر معیاری خوراک اور عوامی صحت سے کھیلنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، جبکہ فوڈ بزنس آپریٹرز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ بی ایف اے قوانین، حفظانِ صحت کے اصولوں اور فوڈ سیفٹی ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں۔

بھارت، لڑکی پسند کی شادی کیلئے ٹاور پر چڑھ گئی، آن لائن نکاح کرانے پر نیچے اتر آئی

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں ایک لڑکی محبوب سے شادی کیلئے 100 فٹ اونچے ٹاور پر چڑھ گئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ریاست اتر پردیش میں ایک انوکھا واقعہ پیش آیا جہاں 19 سالہ لڑکی صاحبہ عرف مہک اپنے 21 سالہ محبوب نورالدین سے شادی کرنے کی خواہش مند تھی۔ شادی کیلئے بضد مہک نے اپنی والدہ سے بحث کی

اوستہ محمد شہر میں پینے کے صاف پانی کا شدید بحران

محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے مقامی افسران واہلکاروں کی کانوں جوتک نہیں رینگتی محکمہ کے ملازمین گھر بیٹھے تنخواہ وصول کررہے ہیں

اوستہ محمد (نامہ نگار حنیف بلوچ) اوستہ محمد شہر میں پینے کے صاف پانی کا شدید بحران شہری پانی کی بوند بوند کے لیے ترس گئی محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پانی کی فراہمی میں بری طرح ناکام شہری سراپا احتجاج میں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے مقامی افسران و اہلکاروں کی کانوں جوتک نہیں رینگتی محکمہ کے ملازمین گھر بیٹھے تنخواہ وصول کررہے ہیں پانی کے بحران کے خلاف اوستہ محمد بچاتحریک نے احتجاج کا اعلان کردیا تفصیلات کے مطابق شہر بھر میں پینے کے صاف پانی کے شدید بحران کے خلاف شہری سراپا احتجاج میں دور جدید میں اوستہ محمد کی عوام پینے کے صاف پانی سے محروم محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ پانی کی فراہمی میں بری طرح ناکام کروڑوں روپے کے فنڈز خرچ کرنے کے باوجود شہری پانی کی بوند بوند کے لیے ترس گئی محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے مقامی افسران واہلکاروں کے کانوں جوتک نہیں رینگتی شہر میں پینے کے صاف پانی کی شدید بحران کے خلاف اوستہ محمد بچاتحریک نے دو نومبر کو احتجاج کا اعلان کردیا اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے حکام بالا سے اس جانب فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا



بلوچستان رورل ڈویلپمنٹ اکیڈمی (BRDA) کے زیر اہتمام سرکاری آفیسران کے لیے مصنوعی ذہانت (AI) کے عملی استعمال سے متعلق تربیتی ورکشاپ کی اختتامی تقریب کے موقع پر کامیاب شرکا میں اسناد تقسیم کی جارہی ہیں

کمیونٹی چیئرمینوں کی غیر قانونی تعیناتیوں پر سول سوسائٹی گدر کا احتجاج

غیر قانونی تعیناتیوں کی فہرست منظر عام پر لاکر انہیں منسوخ کیا جائے اور مقامی غیر سرکاری افراد کو مقرر کیا جائے

سوراب (نمائندہ بولان) سول سوسائٹی گدر نے ضلع سوراب کے پرائمری اور مڈل اسکولوں میں اضافی کمروں کی تعمیر کے لیے قائم کمیونٹی کمیٹیوں میں مبینہ غیر قانونی تعیناتیوں پر محکمہ تعلیم اور ضلعی انتظامیہ کی خاموشی کو مجرمانہ غفلت قرار دیا ہے۔ ترجمان سول سوسائٹی کے مطابق پالیسی اور PTSMC رولز 2019 کے تحت کمیونٹی چیئرمین کا متعلقہ کلی کا مستقل رہائشی اور غیر سرکاری ہونا لازمی ہے، تاہم مبینہ طور پر باہر کے افراد اور حاضر سروس سرکاری ملازمین کو چیئرمین مقرر کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے پہلے بھی ثبوتوں کے ساتھ نشاندہی کی گئی، مگر تاحال کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ سول سوسائٹی نے ڈپٹی کمشنر سوراب، سیکرٹری تعلیم بلوچستان اور ڈائریکٹر اسکولز سے مطالبہ کیا ہے کہ غیر قانونی تعیناتیوں کی فہرست منظر عام پر لاکر انہیں منسوخ کیا جائے اور مقامی غیر سرکاری افراد کو مقرر کیا جائے۔ بصورت دیگر پریس کانفرنس، نیب اور عدالت سے رجوع کرنے کا عندیہ دیا ہے۔

ایران جنگ میں ہلاک ہونے والے امریکی فوجیوں کی تعداد 23 ہوگئی، امریکی اخبار

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ دفاع نے ایران جنگ سے متعلق فوجی کارروائیوں کے دوران ہلاک ہونے والے امریکی فوجیوں کی تعداد میں 2 کا اضافہ کیا ہے جس کے بعد یہ تعداد 23 ہوگئی ہے۔ امریکی اخبار کے مطابق پینٹاگون کے رپورٹنگ ڈیٹا بیس 'ڈیفنس کیو ولٹی اینالیسس سسٹم' میں بدھ اور جمعرات کو کی جانے والی اپ ڈیٹس میں ان ہلاکتوں کو شامل کیا گیا ہے



ڈپٹی کمشنر نصیرآباد دریندر لعل پولیو مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

روہڑی کے بجٹ پر سوالات اٹھنے لگے، شہر کے حقوق کہاں خرچ ہو رہے ہیں؟

غیر مقامی کونسلرز کے کردار اور مبینہ بدعنوانیوں کی تحقیقات کا مطالبہ

روہڑی (رپورٹ اسلم سومرو) روہڑی کے بجٹ پر سوالات اٹھنے لگے، شہر کے حقوق کہاں خرچ ہو رہے ہیں؟ غیر مقامی کونسلرز کے کردار اور مبینہ بدعنوانیوں کی تحقیقات کا مطالبہ، روہڑی کے ترقیاتی فنڈز، بلدیاتی بجٹ اور شہری سہولیات کی فراہمی میں مبینہ بے ضابطگیوں پر شہریوں میں تشویش، بزرگ شہریوں کے ساتھ مبینہ ناانصافیوں کا معاملہ بھی توجہ طلب، اعلیٰ حکام سے شفاف تحقیقات اور شہر کے حقوق کا تحفظ یقینی بنانے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق تاریخی شہر روہڑی کے بلدیاتی بجٹ، ترقیاتی فنڈز اور شہریوں کے بنیادی حقوق کے حوالے سے مختلف سوالات جنم لینے لگے ہیں۔ شہری حلقوں کی جانب سے یہ سوال اٹھایا جا رہا ہے کہ روہڑی کے نام پر مختص ہونے والے بجٹ اور ترقیاتی فنڈز آخر کہاں خرچ ہو رہے ہیں، جبکہ شہر کے متعدد علاقوں میں بنیادی شہری سہولیات کی صورتحال بہتر ہونے کے بجائے عوام کو مختلف مسائل کا سامنا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ روہڑی کے وسائل اور بجٹ پر سب سے پہلا حق روہڑی کے عوام کا ہے، لیکن اگر بجٹ کے استعمال، ترقیاتی منصوبوں اور بلدیاتی امور میں شفافیت نہ ہو تو اس کا براہِ راست نقصان عام شہریوں کو برداشت کرنا پڑتا ہے۔ خاص طور پر سینئر شہریوں کے ساتھ مبینہ ناانصافیوں اور ان کے مسائل کو نظرانداز کیے جانے کی شکایات بھی سامنے آرہی ہیں، جن کا فوری نوٹس لیا جانا ضروری ہے۔ دوسری جانب بعض شہری حلقوں کی جانب سے غیر مقامی کونسلرز کی رہائشی حیثیت، انتخابی اہلیت اور بلدیاتی معاملات میں ان کے کردار پر بھی سوالات اٹھائے جا رہے ہیں۔ شہریوں کا مطالبہ ہے کہ متعلقہ حکام ان کونسلرز کے قانونی اور انتخابی ریکارڈ کی جانچ پڑتال کریں اور اگر کسی قسم کی بے ضابطگی سامنے آئے تو قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ بلدیاتی نظام میں مبینہ کرپشن، ترقیاتی کاموں کے معیار، فنڈز کے استعمال اور سرکاری وسائل کی تقسیم کے حوالے سے بھی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ شہری حلقوں کا مؤقف ہے کہ اگر کسی ذمہ دار یا منتخب نمائندے کے خلاف مالی بدعنوانی کے شواہد موجود ہیں تو ان کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرکے حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں، تاکہ قومی خزانے اور شہریوں کے وسائل کے تحفظ کو یقینی بنایا جا سکے۔ شہریوں نے سندھ حکومت، محکمہ بلدیات، ڈپٹی کمشنر سکھر، متعلقہ احتسابی اداروں اور اعلیٰ انتظامی حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ روہڑی کے گزشتہ اور موجودہ بلدیاتی بجٹ، ترقیاتی فنڈز، اخراجات، ٹھیکوں اور منصوبوں کا مکمل آڈٹ کرایا جائے، جبکہ سینئر شہریوں کے ساتھ مبینہ ناانصافیوں اور کونسلرز کی قانونی حیثیت سے متعلق شکایات کی بھی تحقیقات کی جائیں۔ شہری حلقوں نے واضح کیا

لاہور، شادی کا جھانسا دے کر بیوہ خاتون سے مبینہ زیادتی

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے گرین ٹاؤن میں شادی کا جھانسا دے کر بیوہ خاتون سے مبینہ زیادتی کا واقعہ سامنے آیا ہے۔ لاہور پولیس کے مطابق متاثرہ خاتون کی مدعیت میں ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا گیا ہے، ایف آئی آر کے مطابق ملزم شادی کا جھانسہ دے کر 1 سال تک زیادتی کا نشانہ بناتا رہا ہے۔ علاوہ ازیں مناواں کے علاقے میں مختلف واقعات میں 1 لڑکی اور 2 خواتین سے زیادتی کی کوشش کی گئی جبکہ شاہدرہ میں ملزم نے خاتون سے مبینہ زیادتی کی کوشش کے ساتھ تشدد کیا،

اٹک میں سی سی ڈی کی بڑی کارروائی، دوہرے قتل کا مرکزی ملزم ساتھی سمیت ہلاک

اٹک (این این آئی) ضلع اٹک کے علاقے جھٹیوٹ روڈ، موضع بوٹا میں سی سی ڈی ٹیم اور اوڈھ گینگ کے ملزمان کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں دوہرے قتل کا مرکزی ملزم حق نواز عرف حقوا اپنے ایک ساتھی سلیم عرف شیم سمیت ہلاک ہوگیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے تبادلے کے دوران دونوں ملزمان اپنے ہی ساتھیوں کی گولیوں کا نشانہ بنے۔



مشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خان محمدی پارک کی تعمیر واپ گریڈیشن بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

میڈی کیم ٹرافی انڈر 19 - انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ

افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی زاہد حسین بھٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر میڈی کیم گروپ آف کمپنیز ہونگے

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) خالد نفیس چیئرمین آرسی اے کے ٹورنامنٹ کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیراہتمام میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے آرسی اے کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے تیسرے اور آخری مرحلے میڈی کیم ٹرافی انڈر 19- انٹر زونل کرکٹ ٹورنامنٹ بروز منگل 3 نومبر سے شروع ہورہا ہے۔ ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ زون چار بلوز اور زون پانچ بلوز کے درمیان نیا ناظم آباد جمخانہ اسٹیڈیم پر کھیلا جائے گا۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی جناب زاہد حسین بھٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر میڈی کیم گروپ آف کمپنیز ہونگے جو کہ گیند کو ہٹ لگا کر باقاعدہ ٹورنامنٹ کا افتتاح کرینگے جبکہ جناب سید محمد طلحہ نائب صدر ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی تقریب کی صدارت کے فرائض انجام دیں گے۔ اس مرتبہ ٹورنامنٹ نئے فارمیٹ کے تحت کھیلا جائے گا جس کے مطابق ٹورنامنٹ میں سات زونز کی 14 منتخب ٹیمیں شرکت کررہی ہیں جس میں ہر زون کی دو دو ٹیمیں شامل ہیں۔ جن کو تین گروپ میں تقسیم کیا گیا ہے۔ زون چار بلوز اور زون پانچ بلوز کے منتخب کھلاڑیوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ بروز منگل 3 نومبر کو صبح 30۔8 بجے اسکروٹنی کے لئے جبکہ دیگر زونز کے منتخب کھلاڑی اسکروٹنی کے لئے 00۔11 بجے صبح نیا ناظم آباد جمخانہ اسٹیڈیم پر اپنے اپنے زونز کے عہدے داران یا محمد توصیف صدیقی جوائنٹ سیکریٹری کو رپورٹ کریں۔

باغ میں پرتشدد واقعات پر وزیراعظم آزاد کشمیر کا سخت ردعمل، ملوث افراد کے کڑے احتساب کا عندیہ

مظفرآباد (این این آئی) آزاد کشمیر حکومت نے باغ میں ہونے والے پرتشدد واقعات کا ذمہ دار کالعدم جوائنٹ عوامی ایکشن کو قرار دیتے ہوئے معصوم جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم آزاد جموں کشمیر افتخار گیلانی نے ایک پیغام میں باغ میں معصوم جانوں کے المناک ضیاع پر گہرے دکھ اور سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ کالعدم تنظیم جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کی پانچ ماہ سے جاری دہشت گردی، دھمکیوں اور پرتشدد کارروائیوں نے عوام کو شدید مصائب کا شکار کردیا ہے۔

پان فروش معشوق پر پولیس اہلکار عمران اور اس کے بھائی سجاد پر تشدد

تشدد، اسلحے کے زور پر یرغمال بنانے اور موٹرسائیکل چھیننے کا الزام عائد

ماتلی (رپورٹ دلمراد لمبوہ) تلہار شہر کے شمس کلی کے رہائشی پان فروش معشوق سموں نے پولیس اہلکار عمران اور اس کے بھائی سجاد پر تشدد، اسلحے کے زور پر یرغمال بنانے اور موٹرسائیکل چھیننے کا الزام عائد کرتے ہوئے ماتلی پریس کلب کے سامنے احتجاج کیا ہے۔ احتجاج کے دوران معشوق سموں نے صحافیوں کو بتایا کہ وہ دلوانی موڑ کے قریب جا رہا تھا کہ مبینہ طور پر دونوں بھائیوں نے اسے روک کر اسلحے کے زور پر یرغمال بنایا اور تشدد کرکے زخمی کرنے کے بعد اس کی موٹرسائیکل چھین کر فرار ہوگئے۔ واقعے کا مقدمہ تلہار تھانے میں درج کروانے کے باوجود تاحال کوئی مؤثر کارروائی نہیں کی گئی۔ معشوق سموں کا کہنا تھا کہ وہ غریب محنت کش ہے اور پان کی کیبن چلا کر اپنے بچوں کا پیٹ پالتا ہے جبکہ مبینہ ملزمان کی جانب سے مقدمے سے دستبردار ہونے کے لیے دھمکیاں دی جارہی ہیں، جس کے باعث وہ خوف کے مارے گھر تک محدود ہو کر رہ گیا ہے اور اس کے اہل خانہ کو شدید معاشی مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے اعلیٰ پولیس حکام اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے اپیل کی کہ واقعے کا نوٹس لے کر چھینی گئی موٹرسائیکل واپس دلوائی جائے اسے تحفظ فراہم کیا جائے اور مبینہ ملزمان کے خلاف شفاف تحقیقات کرکے قانون کے مطابق کارروائی کی جائے۔



بدین ۔ قوم پرست رہنما ریاض چانڈیو دیگر پارٹی رہنماں کے ہمراہ بدین پریس کلب میں صحافیوں سے گفتگو کررہے ہیں

برکت علی نادر رونجھو کی روڈ حادثے میں المناک وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

ان کی وفات سے اہلِ خانہ، عزیز و اقارب اور علاقے کے عوام ایک مخلص شخصیت سے محروم ہوگئے ہیں، مفتی عبدالولی

حب (نمائندہ بولان) جمعیت علماء اسلام تحصیل حب کے امیر مفتی عبدالولی، جنرل سیکریٹری حافظ ہدایت اللہ و دیگر اراکین مجلسِ عاملہ نے لسبیلہ و حب کی سیاسی و سماجی شخصیت برکت علی نادر رونجھو کی روڈ حادثے میں المناک وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے انہوں نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں کہا کہ برکت علی نادر رونجھو کی اچانک وفات کی خبر انتہائی افسوسناک اور دل کو رنجیدہ کرنے والی ہے۔ ان کی وفات سے اہلِ خانہ، عزیز و اقارب اور علاقے کے عوام ایک مخلص شخصیت سے محروم ہوگئے ہیں، جبکہ ان کے اہلِ خانہ کو ایک ناقابلِ تلافی نقصان پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس دکھ اور غم کی گھڑی میں مرحوم کے اہلِ خانہ، عزیز و اقارب اور تمام لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، ان کی قبر کو نور سے منور فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور تمام پسماندگان کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کے لیے صبرِ جمیل عطا فرمائے۔

صالح جتک کا برکت علی نادر رونجھو کے حادثاتی انتقال پر اظہار افسوس

پیپلز پارٹی لسبیلہ میں سیاسی جدوجہد کی طویل جدوجہد کی یادیں ہمیشہ زندہ رہیں گی

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حب کے سینئر رہنما و سابق ترجمان صالح جتک نے پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر رہنما برکت علی نادر رونجھو کے حادثاتی انتقال پر اظہارِ افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر اور نظریاتی رہنما برکت علی نادر رونجھو کے روڈ حادثے میں اچانک انتقال کی خبر انتہائی افسوسناک اور دل کو رنجیدہ کرنے والی ہے مرحوم پارٹی کے مخلص، نظریاتی اور وفادار ساتھی تھے، انہوں نے اپنی زندگی پاکستان پیپلز پارٹی کے نظریے جمہوریت کی بحالی اور عوامی مسائل کیلئے آواز بلند کرتے رہے ان کی سیاسی وابستگی، جدوجہد اور پارٹی سے وفاداری ہمیشہ یاد رکھی جائے گی، ان کا اچانک بچھڑ جانا نہ صرف ان کے اہلِ خانہ بلکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے تمام کارکنان اور نظریاتی ساتھیوں کے لیے ایک بڑا صدمہ ہے وہ نہایت شفیق انسان مہربان دوست تھے انکی کمی ہمیشہ پیپلز پارٹی کے سینئر دوست محسوس کریں گے انکے ساتھ پیپلز پارٹی لسبیلہ میں سیاسی جدوجہد کی طویل جدوجہد کی یادیں ہمیشہ زندہ رہیں گی دعا گو ہیں اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند کرے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے اور تمام لواحقین، عزیز و اقارب اور پارٹی کارکنان کو یہ عظیم صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے

ماتلی کے علاقے کاٹھوڑ میں زمین کے تنازع پر دو سگے بھائیوں کے درمیان جھگڑا

جھگڑے کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں 50 سالہ قاضی اکبر نظامانی جاں بحق

ماتلی (رپورٹ دلمراد لمبوہ) ماتلی کے علاقے کاٹھوڑ میں زمین کے تنازع پر دو سگے بھائیوں کے درمیان جھگڑے کے دوران فائرنگ کے نتیجے میں 50 سالہ قاضی اکبر نظامانی جاں بحق جبکہ نوجوان ہارون نظامانی زخمی ہوگیا۔ اطلاعات کے مطابق زمین کے معاملے پر مسلم نظامانی اور ہارون نظامانی کے درمیان تنازع شدت اختیار کرگیا۔ فائرنگ کی زد میں آکر ایک فریق کے گھر مہمان بن کر آئے ہوئے 50 سالہ قاضی اکبر نظامانی گولیاں لگنے سے جاں بحق ہوگئے جبکہ نوجوان ہارون نظامانی زخمی ہوگیا۔ واقعے کے بعد زخمی اور جاں بحق شخص کو تعلقہ اسپتال ماتلی منتقل کیا گیا جہاں ابتدائی طبی امداد کے بعد زخمی نوجوان کو تشویشناک حالت میں حیدرآباد ریفر کردیا گیا

مردوں اور خواتین نے بااثر افراد کی مبینہ زیادتیوں کے خلاف احتجاجی مظاہرہ

بااثر زمیندار مبینہ طور پر انہیں ان کے گھروں سے بے دخل کرکے علاقہ چھوڑنے پر مجبور کرنا چاہتے ہیں،

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) گھوڑا باری کے قریب کٹ بیلی میں رہائش پذیر ملاح برادری کے مردوں اور خواتین نے بااثر افراد کی مبینہ زیادتیوں کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا، اس موقع پر احتجاج کرنے والوں آچار ملا، عثمان ملا، آمنہ ملا، دھنیانی ملا و دیگر نے کہا کہ وہ گزشتہ 30 سال سے کٹ بیلی میں رہائش پذیر ہیں اور ان کے گزر بسر کا واحد ذریعہ مچھلی پکڑنے کا کام ہے، مظاہرین کا کہنا تھا کہ وہ غریب اور محنت کش لوگ ہیں، جو کئی دہائیوں سے اپنے اہل خانہ کے ساتھ یہاں رہائش اختیار کیے ہوئے ہیں، تاہم اب بعض بااثر زمیندار مبینہ طور پر انہیں ان کے گھروں سے بے دخل کرکے علاقہ چھوڑنے پر مجبور کرنا چاہتے ہیں، جس کے باعث وہ شدید پریشانی اور بے چینی کا شکار ہیں، انہوں نے کہا کہ اگر انہیں کچے کے علاقے میں رہنے نہیں دیا جائے گا تو وہ اپنے بچوں اور اہل خانہ کو لے کر کہاں جائیں گے؟ غریب لوگوں کو پکی آبادی میں کون رہنے کے لیے جگہ دے گا؟ ان کا کہنا تھا کہ محدود وسائل میں زندگی گزارنے والے افراد کے لیے اپنے گھر بار چھوڑ کر کسی دوسرے مقام پر رہائش اختیار کرنا انتہائی مشکل ہے۔



سوراب: ڈی ایچ کیو ہسپتال میں نامعلوم لاش سے اٹھنے والی بدبو کے باعث ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی جانب سے مین گیٹ کے سامنے او پی ڈی کا انعقاد، جہاں مریضوں کو طبی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔

ڈویژنل انتظامیہ ملتان کی جانب سے ٹریفک سگنلز کی بحالی کا عمل تیز کردیا گیا

ملتان ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے شہر کے اہم چوکوں پر خراب اور طویل عرصے سے غیر فعال ٹریفک سگنلز بحال کرکے فعال کردیے ہیں

ملتان (نمائندہ بولان) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر شہر میں ٹریفک کی روانی بہتر بنانے اور شہریوں کو محفوظ سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے ڈویژنل انتظامیہ ملتان کی جانب سے ٹریفک سگنلز کی بحالی کا عمل تیز کردیا گیا ہے۔ ملتان ڈویلپمنٹ اتھارٹی نے شہر کے اہم چوکوں پر خراب اور طویل عرصے سے غیر فعال ٹریفک سگنلز بحال کرکے فعال کردیے ہیں۔ اس حوالے سے کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خان کی زیرصدارت ٹریفک سگنلز کی بحالی اور فعالیت کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ نواں شہر چوک، ایس پی چوک، رضا آباد چوک اور چونگی نمبر ایک کے ٹریفک سگنلز بحال کر دیے گئے ہیں، جبکہ عیدگاہ، چونگی نمبر 9، کچہری اور سیداں والا بائی پاس پر بھی ٹریفک سگنلز فعال ہیں۔ ایس پی چوک کا ٹریفک سگنل 13 سال بعد بحال کیا گیا ہے۔ اجلاس میں ڈی جی ایم ڈی اے راشد ارشاد نے بتایا کہ شہر کے چار اہم چوکوں پر ٹریفک سگنلز کی بحالی کے لیے ابتدائی طور پر 41 ملین روپے کا تخمینہ لگایا گیا تھا، تاہم ایم ڈی اے کی اندرونِ محکمہ کوششوں اور مقامی تکنیکی ماہرین کی خدمات سے یہ کام تقریباً 1.5 ملین روپے میں مکمل کرلیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ٹریفک سگنلز کی وائرنگ، کنٹرول سسٹم اور دیگر تکنیکی نقائص دور کرکے انہیں فعال بنایا گیا ہے۔

ملتان میں تجاوزات مافیا کے خلاف ضلعی انتظامیہ کا کریک ڈاؤن

کچہری چوک اور نشتر روڈ پر آپریشن، بھاری مقدار میں سامان قبضے میں لے لیا گیا

ملتان (نمائندہ بولان) ملتان میں تجاوزات مافیا کے خلاف ضلعی انتظامیہ کا کریک ڈاؤن، کچہری چوک اور نشتر روڈ پر آپریشن، بھاری مقدار میں سامان قبضے میں لے لیا گیا ملتان: ڈپٹی کمشنر ملتان ڈاکٹر فیصل سلیم کی ہدایت پر شہر بھر میں تجاوزات کے خاتمے کے لئے ضلعی انتظامیہ کی کارروائیاں جاری ہیں۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر سٹی مکرم سلطان کی سربراہی میں ضلعی انتظامیہ کی ٹیم نے کچہری چوک اور نشتر روڈ پر تجاوزات کے خلاف بھرپور آپریشن کیا۔ کارروائی کے دوران سڑکوں، فٹ پاتھوں اور عوامی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات کا خاتمہ کرتے ہوئے بھاری مقدار میں سامان قبضے میں لے لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فیصل سلیم نے واضح کیا ہے کہ شہر میں ٹریفک کی روانی متاثر کرنے اور عوامی راستوں پر قبضہ کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تجاوزات کے خاتمے کے بعد دوبارہ قبضہ کرنے والوں کے خلاف بھی سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

سوراب: دشتِ گوران سے دو نامعلوم افراد کی گولیوں سے چھلنی لاشیں برآمد

پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں، تاہم تاحال مقتولین کی شناخت اور قتل کے محرکات معلوم نہیں ہوسکے

سوراب (نمائندہ بولان) ضلع سوراب کی تحصیل دشتِ گوران کے علاقے مل شاہوزئی کے قریب سے دو نامعلوم افراد کی گولیوں سے چھلنی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق دونوں افراد کو فائرنگ کرکے قتل کیا گیا ہے، جن کی عمریں تقریباً 27 اور 28 سال بتائی جاتی ہیں۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر سوراب پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاشوں کو تحویل میں لے کر ضروری قانونی کارروائی اور شناخت کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال سوراب منتقل کردیا۔ پولیس نے واقعے کی تحقیقات شروع کردی ہیں، تاہم تاحال مقتولین کی شناخت اور قتل کے محرکات معلوم نہیں ہوسکے۔

مریم نواز کا سرمایہ کاروں کیلئے خصوصی مراعاتی پیکیج کا اعلان

فیصلہ وزیراعلیٰ پنجاب سے اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن (او پی ایف) کے وفد کی اہم ملاقات کے دوران سامنے آیا

صوبے میں جدید گرین انڈسٹریل اکنامک زون کے قیام کے منصوبے کی اصولی منظوری، جامع ایکشن پلان طلب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لیے خصوصی مراعاتی پیکیج کا اعلان کر دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے میں جدید گرین انڈسٹریل اکنامک زون کے قیام کے منصوبے کی اصولی منظوری دیتے ہوئے اس پر عملدرآمد کے لیے جامع ایکشن پلان طلب کرلیا ہے۔ یہ فیصلہ وزیراعلیٰ پنجاب سے اوورسیز پاکستانیز فاؤنڈیشن (او پی ایف) کے وفد کی اہم ملاقات کے دوران سامنے آیا، جس میں چیئرمین او پی ایف سید قمر رضا نے گرین انڈسٹریل اکنامک زون کے منصوبے پر تفصیلی بریفنگ دی، وفد نے او پی ایف اور گرین انرجی گروپ کے اشتراک سے پنجاب میں عالمی معیار کا گرین اکنامک زون قائم کرنے کی تجویز پیش کی، جس کا مقصد صاف توانائی، صنعتی ترقی، برآمدات اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنا ہے۔ بریفنگ کے مطابق مجوزہ گرین اکنامک زون میں سولر، ونڈ، ہائیڈرو، گراؤنڈ سورس انرجی، بیٹری اسٹوریج اور ایچ وی او بیک اپ سسٹمز پر مشتمل جدید کلین انرجی انفراسٹرکچر قائم کیا جائیگا جس سے صنعتوں کو ماحول دوست اور پائیدار توانائی میسر آئے گی۔ منصوبے کے تحت 18 ہزار سے زائد براہِ راست اور بالواسطہ روزگار کے مواقع پیدا ہونے، سالانہ 5.6 ارب روپے سے زائد آمدن حاصل ہونے اور ماحول دوست مصنوعات کی برآمدات کے ذریعے قومی جی ڈی پی میں تقریباً 1.5 فیصد تک اضافے کی توقع ظاہر کی گئی، منصوبے سے کاربن کے اخراج میں نمایاں کمی اور پاکستان کے نیٹ زیرو اہداف کے حصول میں بھی مدد ملے گی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب ہر قسم کی سرمایہ کاری کے لیے مکمل طور پر تیار ہے اور حکومت سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی، انہوں نے کہا کہ صوبے میں نئی صنعتوں اور کاروبار کے آغاز کے لیے زیرو ٹائم ٹو سٹارٹ پالیسی نافذ کر دی گئی ہے، جبکہ سرمایہ کاروں کے لیے ون ونڈو آپریشن کے تحت تمام این او سیز کی فوری فراہمی کا مؤثر نظام بھی قائم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب میں انتظامی اور بیوروکریٹک رکاوٹوں سے پاک، محفوظ اور سرمایہ کار دوست ماحول فراہم کیا جا رہا ہے تاکہ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کار اعتماد کے ساتھ سرمایہ کاری کرسکیں۔ وزیراعلیٰ کا کہنا تھا کہ حکومت کا وژن پنجاب کو جدید گرین انڈسٹری، صاف توانائی اور عالمی تجارتی سرگرمیوں کا مرکز بنانا ہے، اور اس مقصد کے حصول کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

روسی وزیر خارجہ کی موجودگی پر احتجاج، جی 20 اجلاس کی گروپ فوٹو منسوخ

اٹلانٹا (این این آئی) امریکی شہر اٹلانٹا میں جی 20 وزرائے خارجہ اجلاس کے دوران روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف کی موجودگی پر یورپی ممالک کے سفارت کاروں نے احتجاجاً اجتماعی تصویر بنوانے سے انکار کردیا جس پر امریکی میزبانوں نے اجلاس کی روایتی فیملی فوٹو منسوخ کردی۔ برطانوی نشریاتی ادارے کے مطابق دو حکام نے تصدیق کی کہ گزشتہ روز ہونے والی اجتماعی تصویر اس وقت منسوخ کی گئی جب متعدد وفود نے روسی وزیر خارجہ کے ساتھ ایک فریم میں کھڑے ہونے سے انکار کردیا۔

سوراب: ڈی ایچ کیو ہسپتال میں نامعلوم لاش کی بدبو

عملے کا مین گیٹ کے سامنے او پی ڈی کا انعقاد، مردہ خانہ قائم کرنے کا مطالبہ

سوراب (نمائندہ بولان) پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن 2076 رجسٹرڈ ضلع سوراب نے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں نامعلوم لاش سے اٹھنے والی ناقابلِ برداشت بدبو اور ضلعی انتظامیہ کی عدم توجہی کے خلاف ہسپتال کے مین گیٹ کے سامنے او پی ڈی خدمات شروع کردیں۔ ایسوسی ایشن کے عہدیداران کے مطابق ہسپتال میں نامعلوم لاشوں کی موجودگی اور بدبو کا مسئلہ اب تک تقریباً 16 مرتبہ پیش آچکا ہے، تاہم ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام کی جانب سے مستقل حل کے لیے کوئی مؤثر اقدام نہیں اٹھایا گیا، جس کے باعث ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر ملازمین شدید ذہنی اذیت کا شکار ہیں۔ یونین کا کہنا ہے کہ او پی ڈی خدمات مین گیٹ کے سامنے فراہم کرنے کا مقصد مریضوں کو علاج سے محروم کرنا نہیں بلکہ حکام کی توجہ اس سنگین مسئلے کی جانب مبذول کرانا ہے۔ ایسوسی ایشن نے حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت سے مطالبہ کیا ہے کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال میں فوری طور پر مردہ خانہ تعمیر کیا جائے، کولڈ اسٹوریج کی سہولت فراہم کی جائے



کراچی: وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کراچی گالف کلب کے کنونشن ہال میں منعقدہ سندھ سٹیز فورم 2026 سے خطاب کررہے ہیں۔

کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خاں کی زیر صدارت محمدی پارک کی تعمیر واپ گریڈیشن کے حوالے سے اجلاس

تمام ترقیاتی کاموں کی موقع پر مسلسل نگرانی کی جائے اور تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے

ملتان (نمائندہ بولان) کمشنر ملتان ڈویژن عامر کریم خاں کی زیر صدارت محمدی پارک کی تعمیر و اپ گریڈیشن کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا، جس میں پارک کے جاری ترقیاتی کاموں کی پیش رفت، تعمیراتی معیار اور تکمیل میں تاخیر کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر عامر کریم خاں نے ترقیاتی کاموں میں غیر ضروری تاخیر اور ناقص تعمیراتی معیار پر سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ عوامی منصوبوں میں ناقص میٹریل اور غیر معیاری تعمیراتی کام کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے۔ اجلاس میں ایکسئن ایم ڈی اے نے یقین دہانی کرائی کہ محمدی پارک کے تمام ترقیاتی کام 15 نومبر تک مکمل کرلیے جائیں گے۔ اس پر کمشنر نے دوٹوک ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ کی جانب سے دی گئی ڈیڈ لائن پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے، بصورت دیگر متعلقہ افسر کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ 15 نومبر تک کام مکمل نہ ہونے کی صورت میں 16 نومبر کو متعلقہ افسر کو معطل کرکے پیڈا ایکٹ کے تحت انکوائری شروع کی جائے۔ کمشنر عامر کریم خاں نے مزید کہا کہ متعلقہ افسران ٹھیکیدار کے جواز پیش کرنے کے بجائے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں

دشمن کی ہر دھمکی کا جغرافیائی حدود کے بغیر جواب دیا جائے، ایران کے سپریم لیڈر کا حکم

تہران (این این آئی) ایران کے سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنہ ای نے مسلح افواج کے اعلیٰ کمانڈروں کو ہدایت کی ہے کہ دشمن کی جانب سے کسی بھی قسم کی دھمکی کا فوری جواب دیا جائے، جغرافیائی حدود کو رکاوٹ نہ سمجھا جائے۔ ایرانی سرکاری نشریاتی ادارے کے مطابق مجتبیٰ خامنہ ای نے مسلح افواج کے سینئر کمانڈروں کے نام اسٹریٹجک ہدایات میں کہا کہ امریکا اور اسرائیل کے دشمنانہ عزائم سے وابستہ تمام مادی اور غیر مادی اثاثے ایران کی پہنچ میں ہونے چاہئیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر دشمنوں نے دوبارہ فوجی یا دہشت گردانہ حملے شروع کیے تو جنگ کے خاتمے کا وقت اور شرائط ایرانی مسلح افواج اور قوم خود طے کریں گے۔



کوئٹہ: فن عظیم پینٹرز آرٹس ایسوسی ایشن پاکستان کے زیر اہتمام کلچر ڈیپارٹمنٹ کے اشتراک سے دوسری قومی فن پاروں کی نمائش کے اختتام پر ڈائریکٹر کلچر دادرین، ڈائریکٹر جنرل خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری، نیاز احمد زرکون شرکا میں سرٹیفکیٹ تقسیم کررہے ہیں

مکلی میں نئی مچھلی مارکیٹ کے قیام کے خلاف ماہی گیر مزدوروں کا 5 نومبر کو احتجاج اور دھرنے کا اعلان

درگاہ پیر محمد علی شاہ کے قریب نئی شاہ سچل سامی مچھلی مارکیٹ قائم کیے جانے پر مچھلی کے تاجروں اور محنت کش مزدوروں میں شدید تشویش پائی جارہی ہے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) مکلی میں نئی مچھلی مارکیٹ کے قیام کے خلاف ماہی گیر مزدوروں کا 5 نومبر کو احتجاج اور دھرنے کا اعلان، جماعت اسلامی کے امیر عبداللہ آدم گندرو کی جانب سے سندھ ہائی کورٹ میں درخواست دائر ٹھٹھہ شہر میں درگاہ حضرت سخی شاہ گوھر گنج کے سامنے پہلے سے موجود قدیم مچھلی مارکیٹ کے باوجود بااثر افراد کی جانب سے مکلی میں درگاہ پیر محمد علی شاہ کے قریب نئی شاہ سچل سامی مچھلی مارکیٹ قائم کیے جانے پر مچھلی کے تاجروں اور محنت کش مزدوروں میں شدید تشویش پائی جا رہی ہے۔ مچھلی مارکیٹ کے قیام سے ٹھٹھہ شہر کی موجودہ مارکیٹ سے وابستہ مزدوروں کے بے روزگار ہونے اور مچھلی کی خرید و فروخت کا کاروبار متاثر ہونے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں مزدوروں نے 5 نومبر کو نئی تعمیر ہونے والی مچھلی مارکیٹ کے سامنے مکلی کراچی قومی شاہراہ پر احتجاجی مظاہرے اور دھرنے کا اعلان کیا ہے۔ دوسری جانب جماعت اسلامی ٹھٹھہ کے امیر عبداللہ آدم گندرو نے نئی مچھلی مارکیٹ کے قیام کے خلاف سندھ ہائی کورٹ کراچی میں درخواست دائر کرتے ہوئے حکم امتناعی حاصل کرنے کی کوششیں شروع کر دی ہیں۔ اس سلسلے میں عبداللہ آدم گندرو نے موقف اختیار کیا ہے کہ ٹھٹھہ شہر میں پہلے ہی قانونی طور پر ایک مچھلی مارکیٹ موجود ہے، اس کے باوجود مکلی میں درگاہ پیر محمد علی شاہ کے سامنے نئی شاہ سچل سامی مچھلی مارکیٹ قائم کی گئی ہے، جو ان کے بقول غیر قانونی ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ مذکورہ مارکیٹ کے قیام کے لیے کسی بھی متعلقہ سرکاری محکمے سے این او سی (NOC) حاصل نہیں کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ نئی مارکیٹ کا افتتاح 5 نومبر کو کیا جا رہا ہے، جس کے خلاف ٹھٹھہ کی موجودہ مچھلی مارکیٹ سے وابستہ مزدور ممکنہ بے روزگاری کے خدشے کے پیش نظر اسی روز قومی شاہراہ پر دھرنا دے کر احتجاج کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ٹھٹھہ شہر کے مچھلی کے تاجروں، آڑھتیوں اور مزدوروں کو دوسری مچھلی مارکیٹ کسی صورت قبول نہیں۔ عبداللہ آدم گندرو نے مزید بتایا کہ نئی مارکیٹ کے خلاف سندھ ہائی کورٹ میں درخواست دائر کردی گئی ہے، تاہم تاحال حکم امتناعی جاری نہیں ہو سکا، جس کے حصول کے لیے قانونی کوششیں جاری ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان شاء اللہ جلد حکم امتناعی حاصل ہو جائے گا۔ انہوں نے ضلعی انتظامیہ ٹھٹھہ سمیت تمام متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ مکلی میں قائم کی جانے والی نئی مچھلی مارکیٹ کے کاغذات، قانونی حیثیت اور مختلف سرکاری محکموں سے حاصل کردہ اجازت ناموں کا جائزہ لیا جائے اور اگر مارکیٹ غیر قانونی طور پر قائم کی گئی ہے تو اسے بند کروا کر ٹھٹھہ کی موجودہ مچھلی مارکیٹ سے وابستہ سینکڑوں محنت کشوں کا روزگار محفوظ بنایا جائے۔

پشاور ہائیکورٹ، پی ٹی آئی کے گرفتار مزید 23 کارکنوں کی رہائی کے احکامات

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے 3 ایم پی او کے تحت گرفتار پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے مزید 23 کارکنوں کو عبوری ریلیف دیتے ہوئے ان کی رہائی کے احکامات جاری کردیے ہیں۔ پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس صاحبزادہ اسداللہ اور جسٹس انعام اللہ پر مشتمل دو رکنی بینچ نے اکبر شیر، شہزاد، رضا اللہ، ثاقب، احسان اللہ، مومن خان سمیت 23 درخواست گزاروں کی 3 ایم پی او کے تحت گرفتاری کے خلاف دائر رٹ پٹیشن پر سماعت کی

مظفرگڑھ، جنسی زیادتی میں ناکامی پر 25 سالہ لڑکی کو قتل کرنے والا ملزم ایک ماہ میں رہا ہوگیا

مظفرگڑھ (این این آئی) ضلع مظفرگڑھ میں شاہ جمال کے علاقے مانکا بھٹہ میں 25 سالہ زویا کو مبینہ طور پر زیادتی میں ناکامی پر قتل کرنے والا ملزم ایک ماہ میں رہا ہوگیا۔ مقتولہ کے شوہر صابر کھوکھر کے مطابق زمیندار نے ایک ماہ قبل اپنے ڈیرے پر فائرنگ کرکے زویا کو قتل کیا تھا۔ مقتولہ کے شوہر اور ورثا کے باوجود پولیس نے اپنی مدعیت میں مقدمہ درج کیا۔



سیکرٹری پی ٹی اے بلوچستان عبدالمجید جونیجو کی ہدایت پر پی ٹی اے اور ٹریفک پولیس کچھی قومی شاہراہ کوئٹہ جیکب آباد ڈھاڈر کے مقام پر غیر قانونی روٹ استعمال کرنے، بغیر فٹنس سرٹیفکیٹ والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی کررہے ہیں

ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن فیمیل کی اہم آسامی گزشتہ ڈیڑھ سال سے مسلسل خالی پڑی ہے،

ضلع بھر کی سینکڑوں خواتین اساتذہ کو شدید ذہنی کوفت اور دفتری مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

خاران (نمائندہ خصوصی) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن ضلع خاران کے چیئرمین حافظ علی نواز کی جانب سے جاری کردہ بیان میں حکام بالا کی توجہ ضلع کے ایک سنگین انتظامی مسئلے کی جانب مبذول کروائی گئی ہے۔ ضلع خاران میں ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن فیمیل کی اہم آسامی گزشتہ ڈیڑھ سال سے مسلسل خالی پڑی ہے، جس کی وجہ سے ضلع بھر کی سینکڑوں خواتین اساتذہ کو شدید ذہنی کوفت اور دفتری مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ خواتین اساتذہ کو درپیش درج ذیل مسائل کی نشاندہی کی گئی ہے جس میں خواتین اساتذہ کی ماہانہ تنخواہوں کے بلز پر باقاعدہ دستخط نہ ہونا۔ سالانہ انکریمنٹس، ایریئرز اور دیگر بقایا جات کا طویل التوا کا شکار ہونا۔ جی پی فنڈ، پنشن اور ریٹائرمنٹ کے تمام کیسز کا رک جانا۔ تبادلوں، چھٹیوں اور دیگر تمام روزمرہ دفتری امور کا مکمل طور پر ٹھپ ہو جانا۔ اسکولوں کی باقاعدہ مانیٹرنگ متاثر ہونے کی وجہ سے تعلیمی سرگرمیوں کو پہنچنے والا نقصان۔ اس سنگین مسئلے کے حل کے لیے ڈپٹی کمشنر خاران، ڈائریکٹر ایجوکیشن اور سیکرٹری ایجوکیشن بلوچستان کو بارہا تحریری اور زبانی طور پر آگاہ کیا جا چکا ہے۔ جی ٹی اے بی کی جانب سے یہ تجویز بھی دی گئی تھی کہ جب تک مستقل تعیناتی عمل میں نہیں

عشق تو ناکام ہوگیا، شادی ہوگئی، عمر عبداللہ کی دوسری شادی پر فواد چوہدری کا تبصرہ

سرینگر (این این آئی) وزیراعلیٰ مقبوضہ جموں و کشمیر عمر عبداللہ کی دوسری شادی پر فواد چوہدری نے دلچسپ تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ عشق تو ناکام ہو گیا، شادی ہوگئی۔ خیال رہے کہ عمر عبداللہ نے معروف بھارتی صحافی اور سابق ٹی وی اینکر ندھی راز دان سے شادی کرلی، جس کا اعلان انہوں نے سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر کیا۔ عمر عبداللہ کی دوسری شادی ان کی پہلی اہلیہ پائل عبداللہ سے طلاق کے تقریباً تین ماہ بعد ہوئی ہے۔ 31 جولائی 2026 کو بھارتی سپریم کورٹ نے عمر عبداللہ اور پائل عبداللہ کی باہمی رضامندی سے شادی ختم کرنے پر اتفاق کیا تھا۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
Mobile: 0336-6113760
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
اتوار یکم نومبر 2026، بمطابق 20 جمادی الاول 1448ھ

گزشتہ ہفتے 16 اشیاء مہنگی، 18 سستی، 17 کی قیمتوں میں استحکام رہا

سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.80 فیصد کمی کے ساتھ منفی 3.35 فیصد رہی

گزشتہ ہفتے پیاز فی کلو 6 روپے 15 پیسے، ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 29 روپے 75 پیسے سستا ہوا، اسی طرح گندم کا آٹا، آلو، گھی، چینی، دالیں، گرُستی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ گزشتہ ہفتے دال چنا فی کلو 3 روپے 19 پیسے مہنگی ہوئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں مہنگائی میں کمی کے حکومتی دعوؤں کے باوجود گزشتہ ہفتے کے دوران 16 اشیا کی قیمت میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ وفاقی ادارہ شماریات کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق حالیہ ہفتے کے دوران مہنگائی کی شرح 0.69 فیصد تک مزید کم ہوگئی ہے جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی بڑھنے کی مجموعی شرح منفی 2.72 فیصد کی سطح پر آ گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 16 اشیا مہنگی، 18 سستی اور 17 اشیا کے دام مستحکم رہے ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ایک ہفتے کے دوران زندہ مرغی فی کلو 54 روپے 42 پیسے سستی ہوئی، گزشتہ ہفتے ٹماٹر فی کلو 16 روپے 29 پیسے سستے ہوئے، ایک ہفتے کے دوران لہسن فی کلو 41 روپے 76 پیسے سستا ہوگیا۔ ادارہ شماریات نے بتایا کہ گزشتہ ہفتے پیاز فی کلو 6 روپے 15 پیسے، ایل پی جی کا گھریلو سلنڈر 29 روپے 75 پیسے سستا ہوا، اسی طرح گندم کا آٹا، آلو، گھی، چینی، دالیں، گرُستی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ گزشتہ ہفتے دال چنا فی کلو 3 روپے 19 پیسے مہنگی ہوئی ہے، گزشتہ ہفتے کے دوران جلانے کی لکڑی، سگریٹ سمیت چائے کی پتی، تازہ دودھ اور چاول مہنگی ہونے والی اشیا میں شامل ہیں۔ اعداد و شمار میں بتایا گیا کہ حالیہ ہفتے کے دوران حساس قیمتوں کے اعشاریہ کے لحاظ سے سالانہ بنیادوں پر 17 ہزار 732 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.80 فیصد کمی کے ساتھ منفی 3.35 فیصد، 17 ہزار 733 روپے سے 22 ہزار 888 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.80 فیصد کمی کے ساتھ منفی 3.53 فیصد، 22 ہزار 889 روپے سے 29 ہزار 517 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.72 فیصد کمی کے ساتھ منفی 3.01 فیصد کی سطح پر آ گئی ہے۔ اسی طرح 29 ہزار 518 روپے سے 44 ہزار 175 روپے ماہانہ تک آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.73 فیصد کمی کے ساتھ منفی 2.70 فیصد رہی جبکہ 44 ہزار 176 روپے ماہانہ سے زائد آمدنی رکھنے والے طبقے کے لیے مہنگائی میں اضافے کی شرح 0.64 فیصد کمی کے ساتھ منفی 2.11 فیصد رہی ہے۔

بنگلہ دیش کا شیخ حسینہ کے خلاف ریڈ نوٹس کیلئے انٹرپول سے رابطہ

شیخ حسینہ اور ان کے ساتھیوں کے خلاف ایک اور مقدمہ درج کرلیا گیا

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش پولیس نے معزول وزیراعظم شیخ حسینہ اور 11 دیگر افراد کے خلاف انٹرپول کو ریڈ نوٹس جاری کرنے کی درخواست دے دی ہے۔ ان افراد پر عبوری حکومت کو گرانے اور خانہ جنگی بھڑکانے کی سازش کا الزام ہے۔ فی الحال عبوری حکومت کی قیادت معروف ماہر معیشت محمد یونس کر رہے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بنگلہ دیشی پولیس نے حال ہی میں شیخ حسینہ اور 72 دیگر افراد کے خلاف ایک مقدمہ درج کیا ہے،



ایرانی کلچر سینٹر کوئٹہ کے ڈائریکٹر جنرل قدرت اللہ جاپان کلچر سینٹر کوئٹہ کے ڈائریکٹر اسرار احمد عدیل کے ہمراہ جاپانی کلینڈر کی نمائش دیکھ رہے ہیں

سمگلنگ سے ملک کو سالانہ 3 کھرب 40 ارب روپے کا نقصان

غیر قانونی تجارت سے ہونیوالا نقصان مجموعی قومی پیداوار کے 26 فیصد کے مساوی ہے، رپورٹ

حکومت کی جانب سے فی لیٹر پیٹرول پر 16 روپے کسٹم ڈیوٹی اور پیٹرول ڈیولپمنٹ ٹیکس کی مد میں 78 روپے فی لیٹر عائد کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کو سمگلنگ کی وجہ سے سالانہ 3 کھرب 40 ارب روپے کا نقصان ہونے لگا۔ ایک رپورٹ کے مطابق 340 ارب کے سالانہ نقصان میں سے 30 فیصد افغان تجارتی راہداری کے ناجائز استعمال کی وجہ سے پہنچ رہا ہے، یہ رپورٹ پالیسی ریسرچ انسٹی ٹیوٹ اف مارکیٹ اکانومی (پرائم) نے شائع کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق سمگلنگ اور غیر قانونی تجارت کی وجہ سے ہونے والا نقصان پاکستان کی مجموعی قومی پیداوار کے 26 فیصد کے مساوی ہے یعنی ملک کو سالانہ بنیاد پر اس غیر قانونی تجارت اور سمگلنگ کی وجہ سے 340 ارب روپے ٹیکس محصولات میں کمی کا سامنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس سمگلنگ اور غیر قانونی تجارت سے ملک کے دیگر کاروبار اور تجارتی اداروں کو مشکلات کا سامنا ہے جبکہ حکومت اربوں روپے محصولات کی مد میں نقصان اٹھا رہی ہے۔ رپورٹ کے مطابق ملک میں غیر قانونی طور پر پٹرول کے علاوہ، ادویہ، سگریٹ، صارفین کے استعمال کی اشیا اور دیگر سامان سمگل کیا جاتا ہے جس کا اثر لامحالہ ملک کے دیگر سیکٹرز کی سالانہ کارکردگی پر پڑ رہا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ تمباکو کی سمگلنگ کی وجہ سے ملک کو 300 ارب روپے سالانہ نقصان کا سامنا ہے جبکہ وفاقی حکومت نے حال ہی میں ماہ فروری کے دوران محصولات میں کمی کو پورا کرنے کے لیے تمباکو مصنوعات پر عائد ایکسائز ڈیوٹی میں اضافہ کرتے ہوئے اسے 150 فیصد کر دیا ہے تاکہ اضافی محصولات حاصل ہوسکیں، تاہم اس کے باوجود مارکیٹ میں غیر قانونی سگریٹوں کی دستیابی 30 فیصد سے بڑھ کر 56 فیصد ہوگئی ہے۔ اسی طرح رپورٹ میں افغان تجارتی راہداری کا بھی حوالہ دیا گیا ہے جس کی وجہ سے پاکستان کو سالانہ ایک کھرب روپے کا نقصان ہو رہا ہے

بزدار دور حکومت میں 6 ارب 23 کروڑ کی مبینہ خورد برد کا انکشاف

سی اینڈ ڈبلیو سے معلومات لی جائیں، محکمہ صحت کے جواب پر پی اے سی ٹو نے معاملے کی تحقیقات کی ہدایت کردی

لاہور (این این آئی) بزدار دور حکومت میں محکمہ صحت میں 6 ارب 23 کروڑ روپے کی خطیر رقم کے اخراجات کا ریکارڈ غائب ہونے کا انکشاف ہوا ہے، پنجاب میں صحت کے منصوبوں میں اتنی خطیر رقم کہاں خرچ ہوئی محکمہ صحت بھی اس سے لاعلم ہے، کورونا کے دوران دوست ممالک کی جانب سے عطیہ کئے گئے وینٹی لیٹرز کے بھی استعمال نہ ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تحریک انصاف کے دور حکومت میں مالی سال 2020-21 کے دوران یہ رقم خرچ کی گئی اور آڈٹ ڈیپارٹمنٹ کی بارہا کوششوں کے باوجود اس کا کوئی ریکارڈ فراہم نہیں کیا جا سکا، آڈٹ ڈیپارٹمنٹ کی 6 ارب 23 کروڑ روپے کے اخراجات کا ریکارڈ حاصل کرنے کی تمام کوششیں بے سود رہی ہیں جس کا اعتراف محکمے کی جانب سے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ٹو کے اجلاس میں کیا گیا ہے۔ محکمہ صحت کے افسران کی جانب سے پی اے سی میں جواب دیا گیا ہے کہ ہمارے پاس ریکارڈ نہیں ہے، اس حوالے سے سی اینڈ ڈبلیو سے معلومات لی جائیں۔ یہ انکشاف مالی سال 2020-21 کی آڈٹ رپورٹ میں سامنے آیا ہے۔ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی ٹو کے چیئرمین سید علی حیدر گیلانی نے معاملے کی تحقیقات کی ہدایت کر دیں۔ کمیٹی نے کورونا کے دوران غیر ملکی دوستوں کے عطیہ کئے گئے



کوئٹہ، بے نظیر فلائی اوور کے پل پر ایک شخص ریڑھی پر پھول فروخت کر رہا ہے

اے آئی ٹیکنالوجی وقت کی ضرورت، کامیابی کا ایجنڈا طے کرنا ہوگا، ملک محمد احمد خان

دیہات کی کسمپرسی کا احساس ہے، میں موجودہ حکومت کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ترقیاتی کاموں کا رخ دیہات کی طرف موڑ دیا

تعلیم کا بجٹ دس سے تین فیصد رہ گیا ہے تو اسے کم از کم پانچ فیصد کرنا ہوگا، اسپیکر پنجاب اسمبلی کا انٹرنیشنل کانفرنس مینجمنٹ سائنسز کی تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے لاہور گیریژن یونیورسٹی میں منعقدہ پانچویں انٹرنیشنل کانفرنس مینجمنٹ سائنسز کی اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اے آئی ٹیکنالوجی وقت کی اہم ضرورت ہے، ہمیں اپنی کامیابی کا ایجنڈا طے کرنا ہوگا۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ اگر ہم نے اے آئی کو زندگی میں شامل نہ کیا تو دنیا سے پیچھے رہ جائیں گے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ دیکھنا یہ ہے کہ ہم نے اپنے ملک میں اے آئی کو کیسے لانا ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ حالیہ تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ انسانوں نے ہمیشہ ایسی ٹیکنالوجی بنائی جسے بعد میں کنٹرول نہیں کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ ماضی اپنی ایجادات کے باعث برباد ہوا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے قانون سازی کے عمل میں ٹیکنالوجی کی شمولیت پر بات کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے معزز ممبران اسمبلی جو قانون سازی کرتے ہیں، وہ اے آئی ٹیکنالوجی سے نا آشنا ہیں، ہمیں اے آئی کے متعلق شعور پیدا کرنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اے آئی کے متعلق پاکستان کو بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے اور واضح کیا کہ آپ مشین کو لیڈرشپ کردار ادا کرنے کا حق نہیں دے سکتے۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے زور دیا کہ حکومت، سیاسی جماعتیں، ادارے، عدلیہ اور عسکری بازو سب کی توجہ دیہاتوں کی طرف ہونی چاہیے۔ دیہات کی کسمپرسی کا احساس ہے اور میں موجودہ حکومت کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ترقیاتی کاموں کا رخ دیہات کی طرف موڑ دیا ہے۔ نوجوانوں کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ نوجوان ہمارے ملک کی آبادی ہیں لیکن پالیسی بنانے والا کوئی نہیں۔ اگر تعلیم کا بجٹ دس سے تین فیصد رہ گیا ہے تو اسے کم از کم پانچ فیصد کرنا ہوگا۔

کویت نے پاکستان کیلئے تیل کریڈٹ کی سہولت میں 2 سال توسیع کر دی

حکومت اور وزیراعظم اپنی ذمہ داریوں کو ادا کر رہے ہیں

، ہم مشکل فیصلے لیتے ہوئے پاکستان کو اس کا کھویا ہوا مقام دلوائیں گے، علی پرویز ملک

اسلام آباد (این این آئی) کویت نے پاکستان کے لیے تیل کریڈٹ کی سہولت میں 2 سال کی توسیع کر دی۔ یہ سہولت کویت پیٹرولیم کی جانب سے پاکستان اسٹیٹ آئل (پی ایس او) کو دی گئی ہے اس ضمن میں وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے اسلام آباد میں کویتی سفیر نے ملاقات کی، اس موقع پر علی پرویز ملک نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے کویت اور دیگر برادر ممالک کی سپورٹ کی بدولت مشکل معاشی اصلاحات میں کامیابی حاصل کی ہے۔ کویتی سفیر نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں پاکستان نے معاشی ترقی حاصل کی ہے، ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان توانائی کے شعبے میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم نے کہا کہ پاکستان کے لیے خصوصی رعایت پر کویت کا شکریہ ادا کرتے ہیں، وزیراعظم شہباز شریف کویت کے عوام، امیر کویت اور ولی عہد کے لیے بے پناہ محبت اور احترام رکھتے ہیں۔ بعد ازاں وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک نے اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بجلی کی قیمتوں میں کمی کا اعلان گزشتہ ماہ کیا گیا، پوری دنیا پاکستان کے مشکل مگر بہتر معاشی فیصلوں کو سراہ رہی ہے، پاکستان کی ریٹنگ عالمی ایجنسی کی جانب سے بڑھائی گئی، پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم عالمی سطح کا ایونٹ بن گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ الحمدللہ، حکومت اور وزیراعظم اپنی ذمہ داریوں کو ادا کر رہے ہیں، ہم مشکل فیصلے لیتے ہوئے پاکستان کو اس کا کھویا ہوا مقام دلوائیں گے، مہنگائی کو لگام ڈال دی گئی ہے، بلوچستان کے عوام کو کراچی سے چمن تک ہائی وے کا تحفہ وفاقی کابینہ نے کل اپنے اجلاس میں دیا، ہر کوئی اس سڑک کو بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے لیے اہم قرار دیتا ہے، پیٹرولیم قیمتوں میں کمی کے بجائے اس رقم سے یہ ہائی وے مکمل کی جائے گی۔

سول اسپتال ''سرونٹس کوارٹرز 138'' کے مکینوں کو ایک بار پھر نوٹس جاری

خلاف قانون اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ میں کلارک کی پوسٹ پر تعینات امجد لودھی نے حاضر سروس ملازمین کو گھر خالی کرنے کے نوٹس جاری کئے

کراچی (این این آئی) سول اسپتال کراچی کے ... سرونٹس کوارٹرز میں رہائش پذیر ہیں، سرونٹس کوارٹرز میں ملازمین کو دیے جانے والے گھر محکمہ صحت اور سندھ حکومت کی پالیسی کے مطابق ہیں، گزشتہ دنوں سرونٹس کوارٹرز کے کئی مکینوں کو گھر خالی کرنے کے نوٹس ملے جس پر سوشل میڈیا پر احتجاج کیا گیا، لیکن ایک بار پھر سرونٹس کوارٹر 138 کے مکینوں کو گھر خالی کرنے کے نوٹس جاری ... ملوث ہے، ذرائع کے مطابق امجد لودھی نے ایم ایس سول اسپتال ڈاکٹر خالد بخاری کو حقائق سے لاعلم رکھا ہوا ہے اور حاضر سروس ملازمین کے سرکاری کوارٹرز کے منسوخی کے آرڈر نکال کر ملازمین کو پریشان کر رہا ہے، نوٹس کی وصولی کے بعد سرکاری گھروں میں رہائش پذیر ملازمین کا کہنا ہے کہ ہم تو ابھی تک ڈیوٹی پر موجود ہیں،

ارسا ایکٹ میں کی گئی ترمیم واپس لی جائے اور کینالز کے منصوبے کو رد کیا جائے، ایاز لطیف پلیجو

خیرپور (این این آئی) دریائے سندھ سے ... وکلا کی جانب سے خیرپور کے قریب ببرلو بائی پاس پر 2 روز قبل دیا جانے والا دھرنا تاحال جاری ہے جس سے سندھ اور پنجاب کے درمیان ٹریفک جمعہ سے معطل ہے۔ کینالز منصوبے کے خلاف حیدرآباد میں بھی سندھ بچاؤ کونسل کی جانب سے قاسم آباد بائی پاس پر دھرنا دیا گیا۔ اس موقع پر قومی عوامی تحریک کے سربراہ ایاز لطیف پلیجو نے کہا کہ ارسا ایکٹ میں کی گئی

ملکی بقاء کیلئے انصاف، امن کا فروغ ناگزیر ہے، جے یو آئی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ملکی بقاء کیلئے انصاف اور امن کا فروغ ناگزیر ہے، حکمرانوں کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے آج ملک پاکستان عدم استحکام اور لوگ عدم تحفظ کا شکار ہیں، جب تک حکمران طبقہ اپنے رویے اور طرز حکمرانی میں تبدیلی نہیں لاتا

ایوان بالا کا کردار ہمیشہ تمام شہریوں کو برابر کے حقوق دینے کے اصول پر قائم رہا ہے، سیدال خان

سینیٹ نے نہ صرف قانون سازی کے ذریعے بلکہ مختلف پارلیمانی کمیٹیوں اور فورمز کے ذریعے بھی اقلیتوں کے مسائل کو اجاگر کیا

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان نے مسیحی برادری کو ایسٹر کے پُرمسرت موقع پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسٹر کا تہوار امن اور محبت کا پیغام دیتا ہے، جو ایک پرامن اور ہم آہنگ معاشرے کے قیام کے لیے نہایت اہم ہے۔ ایسٹر کے پرمسرت موقع پر اپنے پیغام میں ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پاکستان میں مختلف مذاہب اور عقائد کے لوگ باہمی احترام اور رواداری کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسٹر کے موقع پر ہمیں اسی جذبے کو مزید فروغ دینا چاہیے تاکہ معاشرے میں بھائی چارہ، ہم آہنگی اور یکجہتی کو تقویت دی جا سکے۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا کہ ایوان بالا (سینیٹ) نے ہمیشہ اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کو اولین ترجیح دی ہے اور اس سلسلے میں اہم قانون سازی بھی عمل میں لائی گئیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان قوانین کا مقصد اقلیتوں کو مساوی حقوق، مذہبی آزادی اور سماجی تحفظ فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ نے نہ صرف قانون سازی کے ذریعے بلکہ مختلف پارلیمانی کمیٹیوں اور فورمز کے ذریعے بھی اقلیتوں کے مسائل کو اجاگر کیا اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات بھی کیے ہیں، ایوان بالا کا کردار ہمیشہ تمام شہریوں کو برابر کے حقوق دینے کے اصول پر قائم رہا ہے۔ سیدال خان نے کہا کہ پاکستان کی تعمیر و ترقی میں اقلیتی برادری کا کردار نہایت اہم ہے،

پاکستان کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی بھرپور اور غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا، رانا قاسم نون

چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر سے ایلچی برائے کشمیر کی ملاقات، اسلام آباد میں بین الاقوامی کشمیر کانفرنس پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) ... سی کانفرنس اور اسلام آباد میں بین الاقوامی کشمیر کانفرنس پر گفتگو۔ پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر کے چیئرمین رانا محمد قاسم نون نے ایلچی برائے کشمیر سے اہم ملاقات کی، جس میں مسئلہ کشمیر پر جاری سفارتی کوششوں، انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں، اور آئندہ بین الاقوامی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال کیا۔ چیئرمین رانا قاسم نون نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی بھرپور اور غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا، اور اس مسئلے کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کروانے کے لیے ہر ممکن فورم پر آواز بلند کی جائے گی۔ ایلچی برائے کشمیر نے چیئرمین کو آئندہ ... کرتے ہوئے کہا کہ وہ اس اہم بین الاقوامی موقع پر کشمیری عوام کے حقیقی موقف کی ترجمانی کریں گے۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ عالمی برادری، پارلیمنٹس، انسانی حقوق کی تنظیموں، اور کشمیری تارکین وطن کے ساتھ موثر سفارتی روابط کو مزید وسعت دی جائے گی۔ چیئرمین نے ایک "کشمیر اسٹریٹیجک ایڈووکیسی سیل" کے قیام کی تجویز دی تاکہ پارلیمنٹ کے اندر موثر بین الاقوامی رابطہ کاری، بیانیے کی تشکیل، اور بروقت ردعمل کو یقینی بنایا جا سکے۔ عوامی سفارت کاری اور میڈیا حکمت عملی پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی،

اپنی قدروں کی حفاظت کرنا ہماری ذمہ داری ہے، عظمیٰ بخاری

ملک بھر میں فوڈ چینز میں 25 ہزار پاکستانی کام کرتے ہیں، ان فوڈ چینز پر حملوں میں زخمی ہونے والے بھی پاکستانی ہیں

قطعی طور پر کسی کو بھی مذہب، یکجہتی یا سیاسی دہشت گردی کے نام پر امن و امان کو ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی

لاہور (یو این اے) پنجاب کی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ غزہ سے یکجہتی کے نام پر فساد برپا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے، ترقی کرتے پنجاب پر تشدد پسند گروہ حملے کر رہے ہیں۔ لاہور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے سوال کیا کہ کیا پاکستان میں پیش آنے والے واقعات سے غزہ کے لوگوں کو فائدہ ہو رہا ہے؟ ملک بھر میں فوڈ چینز میں 25 ہزار پاکستانی کام کرتے ہیں، ان فوڈ چینز پر حملوں میں زخمی ہونے والے بھی پاکستانی ہیں اور جاں بحق ہونے والا بھی پاکستانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ غزہ اور فلسطین کے نام پر آگ لگانے کی کوشش کرنے والے یقیناً نہ پاکستانی ہیں اور نہ پاکستان سے محبت کرتے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جنہیں پاکستان میں امن اچھا نہیں لگتا، جنہیں پاکستان کی ترقی اچھی نہیں لگتی۔ ان کا کہنا تھا کہ غزہ اور فلسطین کے نام پر شرپسندی کے پیچھے غیر ملکی ہاتھ بھی ملوث ہوسکتا ہے، جو پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتا ہے، فلسطینی اور غزہ سے تعلق رکھنے والے ہمارے مظلوم بہن بھائی شہادتیں دے رہے ہیں، ان کے بچے اور عورتیں شہید ہو رہی ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ اسلام تو امن و آشتی کا مذہب ہے، جو غیر مسلموں کی بھی زندگی اور جان و مال کے تحفظ کا ضامن ہے اور یہاں پر ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو غزہ کے نام پر مارنے کی کوشش کرے تو یہ ناقابل برداشت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فوڈ چینز فرنچائزز ہیں جنہیں پاکستانیوں نے خریدا ہوا ہے اور ان میں پاکستانی ہی کام کرتے ہیں اور روزگار کماتے ہیں، اگر یہ 25 ہزار پاکستانی بیروزگار ہوجائیں گے تو غزہ کے مسلمانوں کو کیا فائدہ ہوگا؟ فلسطینیوں سے یکجہتی کے نام پر منصوبہ بندی کے ساتھ صرف پنجاب میں حملے ہو رہے ہیں، صوبے میں اب تک 149 شرپسندوں کو گرفتار کیا گیا ہے

حماس کے ہاتھوں فوجی کی ہلاکت، اسرائیل نے تفصیل جاری کردی

ہلاک ہونے والے فوجی کی شناخت 35 سالہ وارنٹ آفیسر گیلب سلیمان کے طور پر ہوئی ہے، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل نے غزہ میں فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس کے ہاتھوں مرنے والے فوجی کی تصدیق کرتے ہوئے تفصیل جاری ... اسرائیلی فوجی ہلاک اور 5 دیگر زخمی ہوگئے، جن میں سے 3 کی حالت تشویشناک ہے۔ ہلاک ہونے والے فوجی کی شناخت 35 سالہ وارنٹ آفیسر گیلب ...

باجوڑ میں آسمانی بجلی گرنے کے واقعے میں درجنوں بکریاں ہلاک

باجوڑ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ میں آسمانی بجلی گرنے سے درجنوں بکریاں ہلاک جبکہ دو افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق باجوڑ کے ...

حماس کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی، اسرائیلی وزیراعظم

حماس کے مطالبات کے سامنے جھک گئے تو ہم غزہ میں دوبارہ جنگ نہیں کرسکیں گے، بیان

کراچی بلدیہ سیکٹر 8 میں واٹر ٹینکر کی ٹکر سے ایک شخص جاں بحق

صحت کارڈ میں تین بڑی بیماریوں کا علاج شامل کرنے کا فیصلہ

گردے، جگر اور بون میرو ٹرانسپلانٹ کے تمام اخراجات صحت کارڈ کے تحت حکومت برداشت کرے گی

، کوکلیئر امپلانٹ کے مہنگے علاج کا خرچ بھی حکومت خود اٹھائے گی، مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف کا بیان

پشاور (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کی خیبر پختونخوا حکومت نے ٹرانسپلانٹ اور امپلانٹ سروسز مفت فراہم کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ اس حوالے سے مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے بتایا ہے کہ صوبائی حکومت نے بانی پی ٹی آئی کے وژن کے مطابق صحت کے شعبے میں ایک اور انقلابی قدم اٹھا لیا اور اب ٹرانسپلانٹ اور امپلانٹ سروسز مفت فراہم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ گردے، جگر اور بون میرو ٹرانسپلانٹ کے تمام اخراجات صحت کارڈ کے تحت حکومت برداشت کرے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ کوکلیئر امپلانٹ کے مہنگے علاج کا خرچ بھی حکومت خود اٹھائے گی۔ صوبائی مشیر اطلاعات نے مزید کہا کہ منشیات کے عادی افراد کی بحالی کو بھی جلد صحت کارڈ پروگرام میں شامل کیا جائے گا اور اس حوالے سے وزیراعلیٰ نے محکمہ صحت کو ضروری ہدایات جاری کر دی ہیں، علاج، تحقیق اور صنعتی مقاصد کے لیے کینابیس (بھنگ) پلانٹ کے استعمال سے متعلق قواعد و ضوابط کی منظوری بھی دی گئی ہے جو کہ طب و صنعت کے میدان میں جدت کا دروازہ کھول سکتی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ پہلے مرحلے میں مخصوص اضلاع میں بھنگ کاشت کی جائے گی اور اس کے لیے باقاعدہ لائسنس جاری کیے جائیں گے، مختلف شعبوں کے لیے لائسنس فیس الگ ہوگی، لائسنس کے اجرا کے لیے زراعت، صحت، ایکسائز، نارکاٹیکس اور دیگر متعلقہ محکموں پر مشتمل کمیٹی تشکیل دی جائے گی، حکومت نے ایک ریگولیٹری اتھارٹی کے قیام کی منظوری بھی دے دی ہے جو بھنگ سے متعلق تمام امور کو ریگولیٹ کرے گی۔ صوبائی وزیر زراعت سجاد برکوال نے بتایا کہ اس شعبے کو ریگولیٹ کیا جا رہا ہے، ابتدائی مرحلے میں بھنگ کی کاشت مخصوص علاقوں تک محدود رہے گی،

پنجاب حکومت کا فلم کی تیاری کے لیے مالی امداد فراہم کرنیکا اعلان

پنجاب کے پہلے فلم سٹی، فلم اسٹوڈیو، پوسٹ پروڈکشن لیب اور فلم اسکول کے قیام کی منظوری

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے فلمی صنعت کی بحالی اور فروغ کے لیے ایک تاریخی قدم اٹھاتے ہوئے متعدد اہم منصوبوں کی منظوری دے دی ہے۔ ان اقدامات میں پنجاب کے پہلے فلم سٹی، فلم اسٹوڈیو، پوسٹ پروڈکشن لیب اور فلم اسکول کے قیام شامل ہیں۔ اس حوالے سے سینیئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب کی سربراہی میں 8 رکنی ''پنجاب فلم فنڈ ڈسبرسمنٹ کمیٹی'' تشکیل دی گئی ہے، جس کا پہلا اجلاس لاہور میں منعقد ہوا۔ مریم اورنگزیب کمیٹی کی کنوینر کے طور پر خدمات انجام دیں گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق، فلم کی تیاری کے لیے مالی امداد فراہم کرنے، فلم سازوں کی درخواستوں کے جائزے، اور باکس آفس مراعات سمیت دیگر اہم امور پر فیصلہ سازی کمیٹی کے ذمے ہوگی۔ کمیٹی کو کسی بھی معاملے پر ذیلی کمیٹیاں تشکیل دینے کا اختیار بھی حاصل ہوگا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے پاکستان کے پہلے فلم اسکول کے قیام کی بھی منظوری



نصیر آباد، سب ڈویژنل آفیسر امان اللہ گاجانی بھل صفائی کے کام کا جائزہ لے رہے ہیں

سونے کی فی تولہ قیمت میں سالانہ بنیادوں پر 77 ہزار روپے اضافہ

عالمی مارکیٹ میں بھی سونے کی قیمت کوئی استحکام نظر نہیں آ تا

کراچی (یو این اے) سال 2025 میں اب تک پاکستان میں سونے کی فی تولہ قیمت میں 70 ہزار روپے سے زائد کا ہوشربا اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان میں سال 2025 کی شروعات ہوئی تو ایک تولہ سونے کی قیمت 2 لاکھ 72 ہزار کے آس پاس تھی، تاہم صرف چار مہینوں سے بھی کم میں سونے کی قیمت میں ہوشربا اضافہ ہوا، عالمی مارکیٹ میں اضافے کے ساتھ پاکستان میں اس دھات کی قیمت میں فی تولہ 77 ہزار روپے کا بیش بہا اضافہ ہوا۔ 20 اپریل سے یکم جنوری 2025 تک کا حساب لگایا جائے

مسجد اقصیٰ پر بمباری کے اسرائیلی منصوبے کے بارے میں فلسطینی انتباہ

فلسطینیوں کو تنہا کرنے کے خاتمے کے لیے بین الاقوامی قانون کے تحت مطلوبہ اقدامات کیے جائیں، بیان

غزہ (این این آئی) فلسطینی وزارت خارجہ نے اسرائیلی تنظیموں کی جانب سے مشرقی القدس میں مسجد اقصیٰ پر بمباری کے منصوبے کے بارے میں خبردار کیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وزارت نے ان تنظیموں سے وابستہ پلیٹ فارمز پر پھیلائی جانے والی تنبیہ کے بارے میں خبردار کیا ہے۔ اس انتباہ میں مسجد اقصیٰ کو اڑا دینے اور تباہ کرنے اور اس کی جگہ مبینہ ہیکل کی تعمیر کی بات کی گئی تھی۔ وزارت خارجہ نے ان کالوں کو مقبوضہ بیت المقدس میں عیسائی اور اسلامی مقدس مقامات کو نشانہ بنانے کے لیے ایک منظم اشتعال انگیزی قرار دیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے اسرائیل کے حکمران غزہ کی پٹی میں کیے جانے والے جنگی جرائم پر کمزور بین الاقوامی ردعمل کے تناظر میں اب خود کو اپنے توسیع پسندانہ اور نسل پرستانہ منصوبوں کو عملی جامہ پہنانے کے قابل محسوس کر رہے ہیں۔

قوم پاک فوج کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، قاری اعظم حسین

لاہور (این این آئی) ... کہا ہے کہ قوم پاک فوج کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے، ملک میں قیام امن کیلئے اپنی جانیں قربان کرنے والوں کو تاریخ ہمیشہ سنہری حروف میں یاد رکھے گی،

فیصل آباد، قاتلانہ حملوں میں گولیاں لگنے سے خاتون سمیت 4 افراد لہولہان

فیصل آباد (این این آئی) نشاط آباد کے علاقہ سلطان نگر میں گھریلو جھگڑے پر قریبی عزیز ملزم وقاص نے فائرنگ کر کے 22 سالہ عشا نور نشاط آباد کے علاقہ غلام محمد آباد نمبر 2 کا رہائشی عبداللہ اپنے ماموں کے ختم پاک میں شرکت کیلئے جا رہا تھا کہ معمولی جھگڑے پر مسلح افراد نے گولیاں مار کر بری طرح زخمی کر دیا۔

حکومت طاقت کی بجائے افہام و تفہیم سے مسائل حل کرے، مولانا قادر لونی

بارڈرز کی بندش سے عوام کا روزگار متاثر، بلوچستان کے عوام بدترین معاشی بحران کا شکار ہے

... جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی حاجی منظور نظام الدین ہنگلزئی نے کہا کہ حکومت موجودہ حالات کی نزاکت کا ادراک کر کے مسائل کو افہام و تفہیم سے حل کرے

خاران میں جیولر کی دکان پر ڈکیتی، مزاحمت پر دکاندار زخمی

ڈاکو لاکھوں روپے کے زیورات اور نقدی لوٹ کر فرار، پولیس نے تحقیقات شروع کر دیں

خاران (یو این اے) خاران کے سٹی شاپنگ بازار میں واقع جیولر کی دکان پر تین نقاب پوش مسلح ڈاکوؤں نے دن دہاڑے واردات کرتے ہوئے لاکھوں روپے کے زیورات اور نقد رقم لوٹ کر فرار ہو گئے۔ مزاحمت کرنے پر دکاندار کاشف جمیل لوراجہ کو ڈاکوؤں نے بندوق کی بٹ سے زخمی کر دیا۔ دکاندار کے مطابق ڈاکوؤں نے اس کے ساتھ بدسلوکی کرتے ہوئے دکان میں موجود تمام قیمتی سامان لوٹ لیا۔ پولیس کو اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچ کر علاقے کی ناکہ بندی کر دی اور تحقیقات کا آغاز کر دیا۔





تربت، رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کیچ پارٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



محکمہ آبپاشی کے زیر انتظام پٹ فیڈر کینال اور دیگر نہروں کی بھل صفائی کا کام تیزی سے جاری ہے

روزنامہ بولان حب
موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035
چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کمبوہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

فراموش کی گئی ملکہ!

تحریر: اشتیاق آرائیں

پندرہویں صدی عیسوی میں مسلمان سپین سے نکالے جا چکے تھے۔ اکثریت قتل کر دی گئی تھی یا غلام بنا دی گئی تھی۔ مسلمانوں کے دور اقتدار میں بحیرہ روم پر مکمل طور پر پرتگالیوں اور سپین کے بحری بیڑوں کا راج تھا۔ تلخ حقیقت کو اس وقت کے حالات کے مطابق بدلنا ناممکن تھا۔ آبنائے جبرالٹر پر مسلمانوں کا وجود تک ختم ہو چکا تھا۔ حالات اس قدر مخدوش تھے کہ 1415 میں پرتگالیوں نے Cueta شہر پر قبضہ کیا۔ ساتھ ہی ساتھ Asila اور ٹینجر پر قابض ہو چکے تھے۔

دولت لوٹنا تو خیر ایک طرف ہزاروں مسلمانوں کو غلام بنا دیا گیا تھا۔ بحری تجارت پر مکمل غلبہ پرتگالیوں اور سپین سے تعلق رکھنے والے بحری بیڑوں کا تھا۔ بحر اوقیانوس اور بحیرہ روم کی تمام تجارتی بندرگاہیں غیر مسلموں کے تسلط میں آ چکی تھیں۔ اس دور پر آشوب میں ایک لڑکی السیدہ الہورہ بجلی بن کر مخالفین پر برسی اور ظلم کے خلاف ایک استعارہ بن گئی۔ یہ وہ ملکہ تھی جسے تاریخ کے اوراق میں اس کا جائز مقام کبھی حاصل نہیں ہو سکا۔ 1485 عیسوی میں اسپین کے ایک معزز گھرانے میں پیدا ہوئی۔ اس خاندان کا نام بنو راشد تھا۔ جو مسلمان سلاطین اور دربار سے گہری نسبت رکھتا تھا۔

اندرونی رقابتوں اور لڑائیوں نے اندلس میں مسلمانوں کو خاک میں تبدیل کر دیا۔ بنو راشد کا پورا خاندان ہجرت کر کے شمالی افریقہ جانے پر مجبور ہو گیا۔ ایک بچی کے طور پر الہورہ کو وہ تمام مظالم یاد تھے جو مسلمانوں پر مفتوح ہونے کے بعد کیے گئے۔ مگر شومئی قسمت کہ اندلس کے زوال کا بدلہ لینے والا کوئی بھی موجود نہیں تھا۔ الہورہ کے والد نے شمالی مراکش منتقل ہونے کے بعد ساحلی علاقے میں معمولی سا شہر آباد کیا۔ جس کا نام Chefchaouen تھا۔ یہ شہر اسپین اور پرتگال کے بادشاہوں کے مظالم سے تنگ آئے ہوئے مہاجرین کی پناہ گاہ میں تبدیل ہو گیا۔ یہاں اہم نقطہ قارئین کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں۔ جو مظالم مسلمانوں کے درپے ہوئے ویسے ہی یہودی خاندانوں پر بھی برپا کیے گئے۔

چنانچہ شف شاین میں یہودی خاندان بھی آباد ہوتے چلے گئے۔ السیدہ کو اپنے وقت کی بہترین تعلیم و تربیت دی گئی۔ جس میں حکومت کرنے کے آداب اصول رہنمائی سیاست کی پیچیدگیاں اور گفت و شنید کے تمام اصول شامل تھے۔ 1510 میں الہورہ کی شادی ابوالحسن المندری سے کی گئی جو مراکش کے شاہی خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ شادی کے بعد tetouan شہر میں منتقل ہو گئیں اور خاوند کے ہمراہ اس شہر پر حکومت کرنے لگیں۔ المندری کے انتقال کے بعد شہر کی گورنر مقرر ہوئیں۔ کسی ایک مذہبی عالم یا رہنما نے یہ کہہ کر ان کی حکومت کو رد نہیں کیا کہ وہ ایک خاتون ہے۔ اگر آپ اس زمانے کے نسخوں کو پڑھیں تو معلوم پڑتا ہے کہ الہورہ حد درجہ بہادر طاقتور اعلی تعلیم یافتہ اور لائق حکمران کے طور پر جانی جاتی تھی۔

مگر طیطوان کی مضبوط حکومت السیدہ الہورہ کا اصل تعارف نہیں ہے۔ مسلمانوں کے پاس کسی قسم کے جنگی بحری جہاز نہیں تھے۔ یہ غیر معمولی کام الہورہ نے انجام دیا۔ لیاقت اور ترجیح کا کمال دیکھیں کہ اس نے ہسپانوی اور پرتگالی بحری جہازوں پر اسٹڈی کی۔ نقشے از بر کیے، ان کی کمزوریاں جانیں، اس محنت کے بعد چھوٹے جنگی جہاز بنوانے شروع کر دیئے۔ جن میں توپیں بھی کافی کم لگی ہوتی تھیں۔ دیکھنے میں یہ ایک معمولی سا کام لگتا ہے۔ ان جنگی جہازوں میں گولہ بارود رکھنے کی بھی زیادہ گنجائش نہیں تھی۔ مگر الہورہ نے توجہ بحری جہازوں کی رفتار اور تیزی سے مڑنے کی استطاعت پر رکھی تھی۔ ایک انقلابی تکنیک کے ذریعے یہ جہاز ہوا کے زور کے مخالف بھی چل سکتے تھے۔

حد درجہ نازک نقطہ یہ ہے کہ پورے جہاز میں چپو چلانے والے ملاح غلام نہیں ہوتے تھے بلکہ وہ بھی عام سپاہیوں کی طرح ہتھیاروں کے ساتھ دشمنوں سے برسرپیکار رہتے تھے۔ اس زمانے کے اعتبار سے جب ہسپانوی اور پرتگالی بحری جہازوں میں ان گنت غلام چپو چلاتے تھے۔ الہورہ کا یہ قدم حد درجہ اہم تھا۔ الہورہ کے نئے تجربے نے کمال کر دیا۔ مسلمانوں کے چھوٹے جنگی جہاز بھرپور رفتار سے بہت بڑے اور مہیب جنگی جہازوں پر حملہ کرتے تھے۔ ان کو قلیل مدت میں تباہ کر کے واپس چلے جاتے تھے۔ یہ ایک ایسی جنگ تھی جس میں سیدہ نے پورے بحیرہ روم اور بحر اوقیانوس پر قبضہ کر لیا۔ مسلمانوں کا بحری بیڑا جو کہ دراصل الہورہ کا تیار کردہ تھا وسیع سمندر پر حکومت کرتا رہا۔ اسی اثنا میں ان کے شوہر کا انتقال ہو گیا۔ اس کے بعد مراکش کے سلطان محمد البتاسی نے ان سے شادی کی۔ تاریخ کے اوراق میں یہ بھی درج ہے کہ سلطان اس شادی کے لیے دارالحکومت فیض سے سفر کر کے طیطوان بذات خود تشریف لائے۔

سیدہ شادی کے بعد اپنے آبائی شہر میں رہیں اور وہیں حکومت کی۔ مغربی یورپ کے لیے یہ شادی حد درجہ تباہ کن ثابت ہوئی۔ سلطان کی طاقت اور الہورہ کی ذہانت نے پورے مراکش اور آبی ذخائر کے ساتھ بسے ہوئے شہروں کو مسلمانوں کے لیے پرامن بنا دیا۔ آپ حیران ہوں گے کہ انگلستان بھی اپنی پوری عسکری اور بحری قوت کے ساتھ ان ساحلی شہروں پر حملہ کرنے کی کوشش کرتا رہا۔

سندھ کے آسمان پر موت کے سائے پرندوں کی نسل کشی کا ذمہ دار کون؟

کبھی سندھ کے کھیتوں، کھجور کے باغات، دریائی کچے صحراؤں اور جھیلوں میں پرندوں کی چہچہاہٹ قدرتی زندگی کی خوبصورتی کا حصہ ہوا کرتی تھی صبح کی پہلی کرن کے ساتھ درختوں پر بیٹھے جنگلی کبوتروں کی آوازیں، سرسبز کھیتوں میں کالے اور سفید تیتر کی مخصوص پکار، تالابوں پر اترتے مہمان ہجرتی پرندوں کے جھنڈ اور صحرائی جھاڑیوں میں آزادانہ گھومتے جنگلی خرگوش سندھ کے قدرتی حسن کی پہچان تھے لیکن آج اس خوبصورت منظر پر بندوقوں کی گولیاں، شکاری جالوں اور انسانی لالچ کے سائے گہرے ہوتے جا رہے ہیں سوال یہ ہے کہ کیا سندھ کی زمین اس کے باغات، جھیلیں، صحرا اور دریائی علاقے اب ان بے زبان مخلوقات کے لیے بھی محفوظ نہیں رہے؟ سندھ قدرتی جغرافیے کے اعتبار سے پاکستان کے منفرد خطوں میں شمار ہوتا ہے یہاں دریائے سندھ کے کنارے آباد کچے کے علاقے وسیع زرعی زمینیں، کھجور کے باغات، چھوٹے بڑے تالاب، آبی جزیرے، جھیلیں، ساحلی پٹیاں اور صحرائی علاقے مختلف اقسام کے مقامی اور ہجرتی پرندوں کے قدرتی مسکن ہیں ہر سال سردیوں میں وسطی ایشیا اور سائبیریا سمیت سرد علاقوں سے ہزاروں میل کا سفر طے کر کے آنے والے مہمان پرندے سندھ کی جھیلوں، تالابوں، کھیتوں اور صحرائی علاقوں میں قیام کرتے ہیں تلور، کونج، مرغابیاں، گیز، پیلیکن، بگلے اور دیگر آبی و صحرائی پرندے اس قدرتی تنوع کا حصہ ہیں لیکن ان کی حفاظت کے بجائے کئی علاقوں میں انہیں شکار اور تجارتی مفادات کا نشانہ بنائے جانے کی شکایات تشویش ناک صورت اختیار کرتی جا رہی ہیں المیہ یہ ہے کہ غیر قانونی شکار کا دائرہ صرف نایاب اور ہجرتی پرندوں تک محدود نہیں رہا بلکہ سندھ کے چھوٹے بڑے قصبوں، دیہات، زرعی علاقوں، کھجور کے باغات، تالابوں اور دریائی کچے میں پائے جانے والے مقامی پرندے اور جنگلی جانور بھی محفوظ نہیں جنگلی کبوتر، خرگوش، وشے، نرچڑے اور دیگر علاقائی اقسام کے پرندوں اور جانوروں کے شکار کی شکایات سامنے آتی رہتی ہیں ان میں کالے اور سفید تیتر کا شکار بھی خاص طور پر قابل توجہ ہے جو سرسبز زرعی علاقوں، جھاڑیوں، کھجور کے باغات اور دریائے سندھ کے کچے میں پایا جاتا ہے سکھر، روہڑی، صالح پٹ، گھوٹکی، میرپور ماتھیلو، ڈہرکی اور اوباڑو سمیت مختلف علاقوں میں موجود قدرتی ماحول اور صحرائی پٹی جنگلی حیات کے لیے اہمیت رکھتی ہے خصوصاً صالح پٹ سے ضلع گھوٹکی کے ان ریگستانی اور صحرائی علاقوں تک جہاں قدرتی پٹی بھارتی سرحد کی جانب جا ملتی ہے مقامی اور موسمی پرندوں کے لیے قدرتی مسکن موجود ہیں مگر ان علاقوں میں غیر قانونی شکار کی شکایات اور نگرانی کے کمزور انتظامات متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر سنجیدہ سوالات اٹھاتے ہیں زیادہ تشویش ناک پہلو یہ ہے کہ بعض مقامات پر شکار کو محض انفرادی سرگرمی کے بجائے باقاعدہ تفریحی انتظام کی شکل دیے جانے کی شکایات بھی سامنے آتی ہیں مقامی سہولت کار مبینہ طور پر دور دراز علاقوں سے شکاریوں کو دعوت دے کر بلاتے ہیں انہیں شکار کے مقامات تک پہنچاتے ہیں اور رہائش، کھانے پینے سمیت دیگر سہولیات فراہم کرتے ہیں اس طرح سرسبز زرعی علاقے، کھجور کے باغات اور دریائی کچے کے بعض مقامات شکاریوں کی سرگرمیوں کا مرکز بننے کا خدشہ پیدا ہوتا ہے اگر ان شکایات کی تصدیق ہو جائے تو معاملہ صرف کسی ایک شکاری کی غیر قانونی سرگرمی نہیں رہے گا بلکہ اس کے پیچھے موجود سہولت کاروں اور ممکنہ تجارتی نیٹ ورک کی تحقیقات بھی ناگزیر ہو جائیں گی تلور کا شکار بھی



تحریر: سینئر جرنلسٹ مجاہد بوزدار

پاکستان میں ایک طویل عرصے سے قانونی اور ماحولیاتی بحث کا موضوع رہا ہے عالمی سطح پر خطرے سے دوچار اس پرندے کی بقا کو غیر قانونی شکار اور دیگر ماحولیاتی عوامل سے خطرات لاحق ہیں عرب شکاریوں کو خصوصی اجازت نامے جاری کرنے کے معاملات ماضی میں عدالتوں تک پہنچے اور ملک بھر میں تحفظ جنگلی حیات کے حوالے سے بحث کا سبب بنے۔ دوسری جانب سائبیریائی کونج جیسی انتہائی نایاب نسلیں بھی عالمی سطح پر تحفظ کی متقاضی ہیں۔ یہاں یہ بات سمجھنا ضروری ہے کہ عام کونج اور سائبیریائی کونج الگ اقسام ہیں اس لیے ان کی شناخت اور تعداد کے بارے میں سائنسی معلومات کی بنیاد پر ہی بات کی جانی چاہیے لیکن اس پورے معاملے کا سب سے اہم اور قابل تشویش پہلو متعلقہ سرکاری اداروں کی مبینہ عدم دلچسپی، چشم پوشی، غفلت اور بعض اہلکاروں کے خلاف رشوت خوری کے الزامات ہیں۔ قانون کے مطابق جنگلی حیات کا تحفظ، شکار کی نگرانی غیر قانونی جالوں کی روک تھام اور محفوظ انواع کی حفاظت محکمہ وائلڈ لائف کی بنیادی ذمہ داری ہے اگر کسی علاقے میں مسلسل شکاریوں کی آمدورفت ہو، دور دراز سے افراد کو بلا کر شکار کرایا جائے جال نصب کیے جائیں اور جنگلی پرندوں کی خرید و فروخت کی شکایات سامنے آتی رہیں تو متعلقہ عملے کی خاموشی اور عدم کارروائی پر سوال اٹھنا فطری ہے کیا متعلقہ محکمے کے پاس اپنے علاقوں میں جنگلی حیات کی موجودگی اور ان کی حفاظت کا مکمل ریکارڈ موجود ہے؟ کیا کھجور کے باغات، زرعی زمینوں، تالابوں، چھوٹے آبی جزیروں، دریائی کچے اور صحرائی علاقوں میں باقاعدہ گشت ہوتی ہے؟ کیا دور دراز سے آنے والے شکاریوں اور انہیں سہولیات فراہم کرنے والوں کی نشاندہی کی جاتی ہے؟ کیا غیر قانونی شکار میں مبینہ سہولت کاری یا رشوت خوری کی شکایات پر کبھی غیر جانبدارانہ تحقیقات کی گئی ہیں؟ اگر کہیں سرکاری اہلکاروں کی ملی بھگت ثابت ہوتی ہے تو ان کے خلاف کارروائی کیوں نہیں ہونی چاہیے؟ یہ ایسے سوالات ہیں جن کے جواب محض بیانات سے نہیں بلکہ عملی اقدامات اور شفاف محکمانہ ریکارڈ سے ملنے چاہئیں یہ بھی حقیقت ہے کہ سندھ میں جنگلی حیات کے تحفظ کے لیے قانون موجود ہے سندھ وائلڈ لائف پروٹیکشن، پریزرویشن، کنزرویشن اینڈ مینجمنٹ ایکٹ 2020 کے تحت جنگلی حیات کے شکار، پکڑنے، قبضے اور تجارت سے متعلق ضابطے موجود ہیں تاہم قانون کی اصل اہمیت اس وقت سامنے آتی ہے جب اس پر بلا امتیاز عمل درآمد ہو محفوظ انواع کے شکار، ممنوعہ طریقوں اور غیر قانونی تجارت کے خلاف کارروائی کے ساتھ ساتھ شکاریوں کو سہولت فراہم کرنے والے عناصر کی نشاندہی بھی ضروری ہے محض چھوٹے شکاریوں کو پکڑ کر کارروائی مکمل سمجھ لینا اس مسئلے کا مستقل حل نہیں ہو سکتا جنگلی حیات کا تحفظ صرف پرندوں کو بندوق سے بچانے کا نام نہیں بلکہ یہ پورے ماحولیاتی نظام کی حفاظت ہے پرندے قدرتی غذائی زنجیر، حشرات پر قابو پانے بیجوں کی منتقلی اور ماحول کے توازن میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اگر ان کی تعداد مسلسل کم ہوتی رہی تو اس کے اثرات زرعی نظام، قدرتی افزائش اور مقامی ماحول پر بھی مرتب ہوں گے اسی طرح پانی کی قلت، آلودگی، درختوں اور جھاڑیوں کی کٹائی اور قدرتی رہائش گاہوں کی تباہی بھی ان کی بقا کے لیے خطرہ ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت سندھ اور محکمہ وائلڈ لائف صوبے بھر میں ایک جامع اور مستقل منصوبہ شروع کریں سکھر، روہڑی، صالح پٹ، گھوٹکی، میرپور ماتھیلو، ڈہرکی، اوباڑو، تھرپارکر، ٹھٹھہ، بدین اور سجاول سمیت تمام حساس علاقوں کا سائنسی سروے کیا جائے کھجور کے باغات، زرعی زمینوں، دریائی کچے، تالابوں اور صحرائی پٹیوں میں خصوصی گشت کا انتظام کیا جائے ہر ضلع میں تعینات عملے کی کارکردگی غیر قانونی شکار کے مقدمات، ضبط شدہ پرندوں اور سزا یافتہ ملزمان کی سالانہ تفصیلات عوام کے سامنے لائی جائیں رشوت خوری اور ملی بھگت کے الزامات کی آزادانہ تحقیقات کرائی جائیں اور ثابت ہونے پر ذمہ دار اہلکاروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اس کے ساتھ مقامی کسانوں، باغبانوں، ماہی گیروں اور نوجوانوں کو بھی تحفظ جنگلی حیات کی مہم میں شریک کیا جائے غیر قانونی شکار کی اطلاع دینے والوں کے لیے مؤثر نظام بنایا جائے نایاب اور زخمی پرندوں کی بحالی کے مراکز قائم کیے جائیں اور ہر سال مقامی و ہجرتی پرندوں کی باقاعدہ گنتی کر کے اس کا ریکارڈ شائع کیا جائے کینجھر، ہالیجی اور دیگر مناسب مقامات پر ماحول دوست سیاحت اور برڈ واچنگ کو فروغ دیا جائے تاکہ مقامی آبادی کو روزگار بھی ملے اور جنگلی حیات کی حفاظت میں ان کی دلچسپی بھی بڑھے آخر میں سوال پھر وہی ہے کہ کیا سندھ کے آسمان پر پرندوں کی آوازیں ہمیشہ گونجتی رہیں گی یا ایک دن یہ آوازیں ماضی کی یاد بن جائیں گی؟ کیا صالح پٹ اور گھوٹکی کے صحراں، روہڑی اور سکھر کے کھیتوں، کھجور کے باغات اور دریائے سندھ کے کچے میں تیتر، فاختہ اور جنگلی کبوتروں کی موجودگی آنے والی نسلیں بھی دیکھ سکیں گی؟ اگر آج ہم نے ان بے زبان مخلوقات کو تحفظ فراہم نہ کیا اگر شکاریوں کے ساتھ ان کے سہولت کاروں کا احتساب نہ ہوا اور اگر متعلقہ اداروں نے اپنی ذمہ داریاں پوری نہ کیں تو کل اس قدرتی ورثے کی تباہی کا بوجھ کس کے سر ہوگا؟ یاد رکھیے پرندے کسی ایک فرد، محکمے یا علاقے کی ملکیت نہیں یہ قدرت کی امانت اور ہماری مشترکہ میراث ہیں ان کی حفاظت کرنا صرف قانون کی پابندی نہیں بلکہ انسانیت، ماحول اور آنے والی نسلوں کے مستقبل کی حفاظت ہے۔ سندھ کے آسمان کو شکاریوں کی گولیوں سے نہیں بلکہ پرندوں کی آزاد پرواز اور چہچہاہٹ سے آباد رہنا چاہیے

کیا حماس ختم ہو جائے گی؟

جب نیتن یاہو کہتا ہے کہ حماس کو جڑ سے اکھاڑے بغیر غزہ کا مسئلہ حل نہیں ہوگا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس وقت غزہ کے تیئس لاکھ فلسطینیوں میں جتنے بھی بوڑھے ہیں وہ سب کے سب سابق حماسی یا حماس کے ہمدرد ہیں۔ جتنے بھی ڈاکٹر، مریض، اساتذہ، ہنرمند اور کسان ہیں وہ حماس کے ڈھانچے کو برقرار رکھنے والی ریڑھ کی ہڈی ہیں۔ جتنی بھی عورتیں ہیں انہوں نے یا تو حماسیوں کو جنم دیا ہے یا پھر جنم دے رہی ہیں۔ اور جتنے بچوں کو بھی جنم دیا جا رہا ہے وہ اگلے چودہ پندرہ برس میں اسرائیل کے لیے ایک بار پر بقائی خطرہ بن کے کھڑے ہو جائیں گے۔ چنانچہ یہ سب واجب القتل ہیں کیونکہ یہ سب حماس ہیں۔ یا تو یہ سب غزہ کی پٹی سے کوچ کر جائیں یا اس دنیا سے کوچ کر جائیں۔

اسی نیتن یاہو ڈاکٹرائن پر عمل کے لیے اسرائیلی فوجی مشینری کو استعمال کیا جا رہا ہے اور اس ڈاکٹرائن کو نوے فیصد اسرائیلی شہریوں کی کھلی یا خاموش حمائیت بھی حاصل ہے۔ لہذا کوئی بھی امن سمجھوتہ جس میں اسرائیل کو ان تمام حماسیوں کے قتل سے روکنے کی شرط شامل ہو موجودہ اسرائیلی اسٹیبلشمنٹ کے لیے ناقابلِ قبول ہے۔

اس لیے اب تک جنگ بندی کے لیے اقوامِ متحدہ نے جتنی بھی قرار دادیں منظور کی ہیں، عالمی عدالتِ انصاف نے جو بھی قانونی رائے دی ہے۔ بائیڈن فارمولے کے نام سے جو بھی تین مرحلوں پر مشتمل امن منصوبہ سامنے رکھا گیا ہے، اسرائیلی یرغمالیوں کے رشتے داروں نے جنگ بندی کے حق میں جتنے بھی دھرنے دیے ہیں۔ حتی کہ اسرائیلی فوجی ہائی کمان نے بھی حماس کو جڑ سے اکھاڑنے کی خواہش کو ناقابلِ عمل قرار دیا ہے۔ اس سب کے باوجود نیتن یاہو کا حماس کو جڑ سے اکھاڑنے کا تصورٹس سے مس نہیں ہو سکا۔ اس فاشسٹ حکومت کے لیے غزہ میں آخری فلسطینی کے مٹنے تک کوئی امن منصوبہ قابلِ قبول نہیں۔

اسی برس پہلے ہٹلر نے بھی کم و بیش یہی عزم ظاہر کیا تھا کہ سب اس کے غلام بن جائیں یا پھر مر جائیں تب ہی جو امن قائم ہوگا وہ نازیوں کو قابلِ قبول ہوگا۔ مگر باقی دنیا نے ان شرائط کو تسلیم نہیں کیا اور ہٹلر کی لاش گرنے کے بعد ہی امن قائم ہو پایا۔ مگر وہ پرانا زمانہ تھا یہ نئی مہذب اور ترقی یافتہ صدی ہے۔ وہ نازی جرمنی تھا یہ آج کے ہٹلر کا اسرائیل ہے۔ مگر عالمی چوہدریوں اور ان کے طفیلیوں کے قول و فعل میں فرق صاف ظاہر ہے۔

حماس کی اسرائیلی تشریح کے برعکس دیگر محققین کے لیے حماس ایک مسلح سیاسی تنظیم ہے جس کی تربیت یافتہ افرادی قوت سات اکتوبر سے پہلے اسی ہزار سے ایک لاکھ کے درمیان فرض کی جاتی رہی ہے۔ اس کا اسلحہ اسمگلڈ ہتھیاروں اور خانہ ساز ابتدائی نوعیت کی ہتھیاری صنعت سے حاصل ہوتا تھا۔ اس کی حکمتِ عملی میں غزہ میں زیرِ زمین سرنگوں کا جال کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ اسے قطر، ایران، یمنی حوثیوں اور لبنانی حزب اللہ کی حمائیت حاصل تھی۔ اب قطر نے خود کو ثالث کے درجے پر فائز کر لیا ہے۔

غزہ میں حزب اللہ نے دو ہزار چھ میں انتخابی کامیابی کے نتیجے میں حکومت بنائی۔ اس کے باوجود اسرائیل، امریکا اور بیشتر مغربی ممالک اسے دہشت گرد تنظیم سمجھ کے براہ راست معاملات طے کرنے سے گریزاں رہے۔ البتہ یہ علامتی طور پر فلسطینی اتھارٹی کا حصہ رہی اور اب فلسطینی اتھارٹی نے کئی برس بعد چینی ثالثی کے نتیجے میں حماس کو دوبارہ اپنا حصہ تسلیم کر لیا ہے۔

اسرائیلی فوج کا دعوی ہے کہ اس نے گزشتہ دس ماہ میں حماس کے مسلح بازو القسام بریگیڈ کی پچھتر فیصد عسکری طاقت ختم کر دی ہے۔ آدھی سے زائد زیرِ زمین سرنگوں کا صفایا کر دیا ہے اور لگ بھگ پندرہ ہزار متحرک مسلح گوریلوں کو ہلاک کر دیا ہے۔ اتنے ہی چھاپہ مار زخمی ہوئے ہیں اور چار ہزار اسرائیلی قید میں ہیں۔

البتہ اسرائیلی اخبار یروشلم پوسٹ کی خبر ہے کہ جیسے ہی اسرائیلی دستے کسی علاقے سے واپس ہوتے ہیں۔ حماس اٹھارہ برس سے اوپر کے نوجوانوں کی ریکروٹمنٹ شروع کر دیتی ہے۔ یہ وہ نوجوان ہیں جن کا اب کچھ نہیں بچا۔ ان کی شکل میں اسرائیل نے دراصل ایک اور انتقامی نسل کی فصل کھڑی کر دی ہے۔ حماس کو جڑ سے اکھاڑ کے اسرائیل اپنی سرحدوں کو محفوظ کرنے کا جو خواب دیکھ رہا تھا وہ سرحدیں کم از کم ایک اور فلسطینی نسل کے غصے کے سبب اور غیر محفوظ ہو گئی ہیں۔

آج دس ماہ بعد بھی جب غزہ ہر اعتبار سے ملبے کا ڈھیر بن چکا ہے اسرائیل پر اب بھی غزہ کی جانب سے اکا دکا راکٹ گرتے رہتے ہیں۔ یہ راکٹ نہیں اسرائیل کے منہ پر طمانچے ہیں جو چالیس ہزار سے زائد انسانوں کو قتل کرنے اور ایک لاکھ کے لگ بھگ لوگوں کو زخمی کرنے اور بیس لاکھ لوگوں کو در بدر کرنے کے باوجود اسرائیل کے منہ پر پڑ رہے ہیں۔

حماس نے اپنی بٹالینیں توڑ دی ہیں اور اب اس کے جنگجو ایک دو پانچ اور دس کی ٹولیوں میں متحرک ہیں۔ انھیں پناہ گزینوں کے ہجوم میں تلاش کرنا بھوسے میں گم سوئی ڈھونڈنے کے برابر ہے۔ چنانچہ اس کا حل یہ نکالا گیا ہے کہ جہاں حماس کی موجودگی کا شبہہ ہو وہ پورا علاقہ ہی برباد کر دیا جائے۔ یہ حکمتِ عملی بھی کامیاب نہیں ہو پا رہی ہے۔

پچھلے دس ماہ میں اسرائیل نے ہزاروں حماسیوں کو ہلاک کرنے کا دعوی تو کیا ہے مگر ایک بھی واقعہ ایسا سامنے نہیں آیا کہ حماس کے کسی مسلح یونٹ یا چھوٹی سے چھوٹی ٹولی نے اسرائیلی فوج کے سامنے ہتھیار ڈال کے خود کو ان کے حوالے کر دیا ہو۔ حماسی فائٹر اس مکھی کی طرح آپریٹ کر رہے ہیں جو آپ کے منہ کے اردگرد اڑ رہی ہے اور بیٹھ رہی ہے اور آپ اسے ہلاک کرنے کی کوشش میں اپنا ہی منہ پیٹ پیٹ کے لال کر لیں۔ ان دس ماہ میں ایک بات تو ثابت ہو گئی کہ اسرائیل اپنی بے پناہ طاقت کے باوجود ناقابلِ تسخیر ہرگز ہرگز نہیں۔

حماس کو تباہ کرنے کے اسرائیلی دعوے اپنی جگہ مگر خود اسرائیل کے سرپرست بھی انھیں ماننے کو تیار نہیں۔ امریکی انٹیلی جینس ذرائع کہتے ہیں کہ اسرائیل اب تک حماس کی محض تیس سے پینتیس فیصد تک عسکری قوت اور صرف پینتیس فیصد زیرِ زمین سرنگیں ختم کر پایا ہے۔ جتنے مرتے ہیں ان سے کہیں زیادہ بھرتی ہونے کو تیار ہو جاتے ہیں۔

جو غلطی اسرائیل آج کر رہا ہے امریکا وہی غلطی پچاس برس پہلے ویتنام میں اور پچیس برس پہلے افغانستان میں کر چکا ہے۔ مگر اسرائیل کا خیال ہے کہ جہاں کوئی اور کامیاب نہیں ہو سکا وہ ضرور کامیاب ہو جائے گا۔

اسرائیل کے لیے بری خبر یہ ہے کہ تاریخ کا قبرستان ایسی ریاستوں سے بھرا پڑا ہے جو اپنی ناقابلِ تسخیریت کے نشے میں اندھی اور بہری ہو کر مٹ گئیں۔ اور اب سیاحوں میں نشانِ عبرت کے طور پر مقبول ہیں۔

اکبر بادشاہ کے سندھ پر حملے

تحریر: حافظ برہان انصاری

جلال الدین محمد اکبر (1545ع-1605ع) سندھ کی سرزمین میں پیدا ہوا۔ مگر اس نے اپنی جنم بھومی پر تین بار بے رحمانہ حملے کئے۔ اس نے یہ حملے 1574ع، 1587ع اور 1591ع میں کروائے۔ سندھ کی سرزمین کو ہر حملے میں بڑا جانی مالی نقصان ہوا۔ ایک گھڑ سوار دستہ قتل عام کرتا گزرتا تو دوسرا آن سر پر پڑتا۔ سندھ کو ہر دستہ اپنے ظلم کے نشان چھوڑ کر جاتا۔ اکبر بادشاہ نے سندھ کے زخموں پر کبھی مرہم نہ رکھا۔ اس نے ہندوستان پر 50 سال حکومت کی۔ اس کے پاس بڑا مضبوط لشکر تھا۔ مورخ اسے عظیم فاتح حکمرانوں میں شامل کرتے ہیں۔ اس کے لشکر میں سوار، پیدل، گھوڑا، ہاتھی سوار اور توپ گولا بارود شامل تھا۔ اس نے آگرہ، کابل، بنگ، بہار، کشمیر اور گجرات وغیرہ فتح کئے اور اپنی شہنشاہت کی حدیں وسیع کیں۔ اکبر بادشاہ کی نظر سندھ جیسے زرخیز، سرسبز اور خوشحال خطے پر تھی۔ سندھ کی سرزمین پر قبضے کی خاطر تین بڑے خطرناک حملے کئے۔ اس نے سندھ پر پہلا حملہ 1574ع میں مرزا محمد باقی ترخان کے دور حکومت میں کیا۔ اس کے سپہ سالار مجاہد خان نے 50 ہزار سپاہیوں کے ساتھ شدید حملہ کیا۔ انہوں نے توپ، گولا بارود کا بھی شدید استعمال کیا۔ اس نے بکھر اور ٹھٹھہ پر حملے کئے۔ مرزا باقی بیگ نے اپنی بیٹی سندھی بیگم اور دوسرا مال دیکر وقتی طور پر اپنی جان چھڑائی۔ مگر شہنشاہ نے سندھی بیگم کو حرم کے لئے قبول نہ کیا اور ہاتھی میں سوار کر کے اپنے والد کی جانب روانہ کر دی۔

اکبر بادشاہ نے دوسرا حملہ بھی مرزا باقی کے دور میں 1587ع میں کیا۔ اکبر سپہ سالار صادق محمد خان کو 25 ہزار سپاہیوں کے دستے کے ساتھ روانہ کیا۔ ان کے پاس جدید اسلحہ، توپ خانہ، گولا بارود اور بندوقیں تھیں۔ سندھ پر تیسرا حملہ اکبر کے سپہ سالار عبدالرحیم خان خانان نے 1591ع میں کیا۔ اس کے ساتھ تیس ہزار سے زیادہ سپاہی اور جدید اسلحہ تھا۔ اس حملے میں سندھ کے حاکم مرزا جانی بیگ ترخان کو شکست ہوئی اور سندھ اکبر قبضے میں آ گیا۔ اکبر بادشاہ کے سندھ پر تینوں حملوں میں 50 ہزار سپاہی قتل ہوئے۔ ان میں بڑی تعداد عام لوگوں کی بھی شامل رہی۔ خان خانان اور مرزا جانی بیگ کی فوجیں ایک سال تک آمنے سامنے رہیں۔ دونوں جانب فوج کے سپاہی سپہ سالار مارے گئے۔ بڑے پیمانے پر مال اور ملکیت کو نقصان ہوا۔ ملک افراتفری کا شکار ہو گیا۔ کسی کی جان مال محفوظ نہ رہا نہ کوئی جیت نہ کوئی ہار رہا تھا۔ ان حالات میں مرزا جانی بیگ تنگ ہوا اور اس نے صلح کے لیے ہاتھ بڑھایا۔ یہ صلح انڑپور میں 1591ع میں ہوئی۔ اس صلح کو خان خانان نے فتح سے منسوب کر کے فوجی محاصرہ ختم کرنے کا اعلان کیا۔ اس صلح کے بعد لوگوں میں خوشی کی رونق چھا گئی، بحال ہوئی عوام نے سکھ کا سانس لیا۔ مرزا جانی بیگ 1592ع میں شاہی دربار میں حاضر ہوا۔ بادشاہ کا خیال تھا کہ وہ اپنا گورنر سندھ میں مقرر کرے مگر خان خانان کی سفارش پر اکبر بادشاہ نے ٹھٹہ جانی بیگ کے حوالے کیا۔ جانی بیگ بادشاہ کے پاس ہی رہا۔ مرزا حکومت کو سنبھالنے کے لیے دیگر ترخانی امیروں کے ساتھ مرزا خسرو چرکس کو ٹھٹہ کے انتظام کیلئے روانہ کیا۔ اکبر بادشاہ کے سپاہیوں نے قبضے کے بعد لوٹ مار قتل عام کیا اور شہر کے شہر ویران کر دیئے۔ ہزاروں کی تعداد میں لوگ دربدری کی زندگی گزارنے پر مجبور ہوئے۔ اکبر نے سندھ پر حکمرانی قائم کرتے اپنا سکہ بھی جارج کیا۔ اکبری لشکر ایک سال یہاں رہا۔ مال غنیمت میں اناج، ہیرے جواہرات اور جانور ساتھ لیکر دہلی واپس روانہ ہوئے۔

مجھ سے پہلی سی محبت میرے محبوب نہ مانگ

تلاش و ترسیل: آغا نیاز مگسی

بین الاقوامی شہرت یافتہ گلوکارہ ملکہ ترنم نور جہاں 21 ستمبر 1928 کو قصور پنجاب (موجودہ پاکستان) میں پیدا ہوئیں۔ گھریلو نام اللہ وسائی تھا۔ ان کا گھرانہ موسیقی اور گانے بجانے سے وابستہ تھا اس لئے ان کے گھر والوں نے انہیں بھی موسیقی کی تعلیم حاصل کرنے کیلئے استاد کے پاس بٹھا دیا جبکہ نور جہاں ذاتی طور پر اداکاری کرنے کو بھی پسند کرتی تھیں۔ استاد بابا غلام محمد سے موسیقی کی تربیت حاصل کی انہیں کلاسیکی روایتی ہندوستانی موسیقی کی خصوصی طور پر تربیت دی گئی تھی ان کو ٹھمری، دھرپد، خیال اور دیگر اصناف موسیقی پر چھوٹی عمر میں ہی عبور حاصل ہو چکا تھا۔ انہوں نے کم سنی میں ہی اسٹیج پر اداکاری اور گلوکاری کا مظاہرہ کیا۔ بعد ازاں اپنی بہنوں کے ساتھ کلکتہ چلی گئیں اور فلم پنجاب میل میں اداکاری اور گلوکاری کی۔ گیت کے بول تھے، سوہنا دیساں وچوں دیس پنجاب۔ یہ فلم 1935 میں بنی۔ کلکتہ میں قیام کے دوران میں ان کی ملاقات اپنے وقت کے معروف و مشہور گلوکارہ مختار بیگم سے ہوئی۔ مختار بیگم کو اللہ وسائی بہت پسند آئی انہوں نے اللہ وسائی کا نام بے بی نور جہاں تجویز کیا اور اپنے شوہر آغا حشر کاشمیری کو سفارش کی کہ وہ بے بی نور جہاں کو اپنے تھیٹر میں ملازمہ رکھیں۔ نور جہاں نے خود بھی بارہا اپنے مختلف انٹرویوز میں اعتراف کیا ہے کہ وہ مختار بیگم کی مداح ہیں اور ان کے انداز کو نقل کرتے ہوئے سفید ساڑھی پہن کر انہی کی طرح ساڑھی کا پلو انگلی پر لپیٹتی ہیں۔ نور جہاں کہتی ہیں کہ جب مختار بیگم گاتی تھیں تو ہم محو ہو کے انہیں سنتے اور جب وہ اسٹیج سے نیچے آتیں تو ان کے جوتے سیدھے کرتے تھے۔ نور جہاں کی بہنوں کو سیٹھ سکھ کرنانی کی کمپنی میں ملازمت مل گئی۔ اور تینوں بہنیں پنجاب میل کے نام سے مشہور ہوئیں۔ نور جہاں نے کافی فلموں میں بچپنے کے کرداروں کیلئے اداکاری بھی کی جیسا کہ 1935 میں کے ڈی مہرہ کی فلم پنڈ دی کڑی، فلم مصر کا ستارہ 1936 کیلئے گائیکی و اداکاری بھی کی۔ 1937 میں فلم ہیر سیال میں نور جہاں نے ہیر کے بچپن کا کردار بھی ادا کیا۔ کلکتہ میں کچھ عرصہ قیام کے بعد نور جہاں لاہور واپس آ گئیں۔ ماسٹر غلام حیدر نے ان کے لئے بہت سی دھنیں ترتیب دیں جنہیں گا کر نور جہاں کی شہرت میں مزید اضافہ ہوا۔ نور جہاں نے پہلی بار سیٹھ

نیا ٹیلنٹ

تحریر: عطاء اللہ خان

پیرس اولمپکس میں گولڈ میڈل جیت کر پاکستان واپس آنے والے قومی ہیرو کی ملک بھر میں سیاست کرنے والی مذہبی جماعتوں اور تحریک انصاف کے سوا تمام سیاسی جماعتوں، سیاسی و سماجی رہنماں اور عوامی حلقوں نے وہ زبردست پذیرائی کی ہے جس کی مثال 1992 میں پاکستانی کرکٹ ٹیم کے ورلڈ کپ جیتنے پر واپسی میں بھی نہیں ملی تھی۔ صرف مذہبی اسکالر مولانا طارق جمیل نے ہی ارشد ندیم کو اپنے گھر عشائیے پر مدعو کیا اور انھیں پانچ لاکھ روپے ذاتی طور پر انعام بھی دیا جب کہ دیگر مذہبی شخصیات کی طرف سے قومی ہیرو کے خیر مقدم کا تو کوئی بیان بھی سامنے نہیں آیا۔ مایوسی کے اس دور میں گولڈ میڈل جیت کر ارشد ندیم نے قوم کو جو خوشی دی ہے ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ اس موقع پر تمام سیاسی اور سماجی جماعتیں ارشد ندیم کی کامیابی کو مثال بنا کر نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کرتیں۔

وزیراعظم شہباز شریف کی طرف سے ارشد ندیم کے لیے 15 کروڑ انعام اور وزیر اعلی پنجاب مریم نواز نے بھی ارشد ندیم کو دس کروڑ کا چیک اور گاڑی دی ہے اور سندھ حکومت کی طرف سے بھی قومی ہیرو کے لیے خوش کن اعلانات ہوئے ہیں جس کے جواب میں وزیر اعلی کے پی علی امین گنڈا پور نے کہا ہے کہ میں ارشد ندیم کو اپنی جیب سے انعام دوں گا۔ کے پی حکومت کے پاس اپنے سوشل میڈیا ونگ کے لیے کام کرنے والے سیکڑوں کارکنوں کو فی کس پچیس ہزار روپے ماہانہ کئی سالوں سے دینے کے لیے تو فنڈ تھا مگر بانی پی ٹی آئی کے بعد قومی ہیرو ارشد ندیم کو انعام دینے کے لیے شاید کوئی فنڈ نہیں ہے، اس لیے کے پی حکومت نے اپنی طرف سے قومی ہیرو کے لیے کوئی اعلان نہیں کیا ہے۔

چالیس سال بعد دنیا میں پاکستان کا نام روشن کرنے والے ارشد ندیم ملک کے وہ واحد ہیرو ہیں جن کی کوئی ٹیم نہیں تھی اور گولڈ میڈل جیتنا ان کی اپنی ذاتی صلاحیت اور کارکردگی تھی جس میں حکومت کا بھی زیادہ دخل نہیں تھا صرف شہباز شریف کے لیے کہا جا سکتا ہے کہ انھوں نے وزیر اعلی پنجاب ہوتے ہوئے پہلی بار پنجاب کی سطح پر کھیلوں کے جو مقابلے کرائے تھے۔ اس میں پنجاب کے علاقے میاں چنوں کے دیہی علاقے سے تعلق رکھنے والے ارشد ندیم کو اپنے جوہر دکھانے کا موقعہ ملا تھا جس کے بعد سرکاری طور پر ان کی پذیرائی اور حوصلہ افزائی کا آغاز ہوا تھا جس کا تعلق کسی بڑے شہر سے نہیں تھا مگر ارشد ندیم نے اپنی ذاتی حیثیت میں خود کو عالمی فورم پر منوانا شروع کیا تھا اور 1992 کے کرکٹ ٹیم کے کامیاب کپتان نے اپنی حکومت میں صرف اتنی اہمیت دی تھی کہ ارشد ندیم کو فنڈ ریزنگ کے لیے مدعو ضرور کیا تھا۔

ارشد ندیم نے ذاتی کارکردگی دکھا کر پاکستان کے قومی ہیرو کا اعزاز حاصل کیا ہے جب کہ اس سے قبل 1992 میں پاکستان نے کرکٹ کا جو ورلڈ کپ جیتا تھا وہ ٹیم کے کپتان عمران خان کی کوئی ذاتی کوشش نہیں تھی بلکہ پوری کرکٹ ٹیم کی بہترین کارکردگی تھی جس میں مشہور کھلاڑی شامل تھے اور سب کی مشترکہ محنت کے نتیجے میں پاکستان ورلڈ کپ جیت سکا تھا مگر جیت کا سارا کریڈٹ کپتان کو ملا تھا۔

حکومت میں 1992 کے بعد نواز شریف، بے نظیر بھٹو، جنرل پرویز مشرف کی طویل عرصے کی حکومتیں اقتدار میں آئی تھیں اور 2018 میں کرکٹ کے نامور کھلاڑی عمران خان کو اقتدار میں لایا گیا تھا مگر اپنی حکومت میں انھوں نے ملک میں کھیلوں کے فروغ اور مختلف کھیلوں کے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کے لیے سابقہ حکومتوں کی طرح کچھ نہیں کیا جس کی ان سے توقع تھی بلکہ انھوں نے ملک میں کرکٹ کی تباہی کو اہمیت دی اور کرکٹ کھلاڑیوں کی بنیادی سرپرستی ہی ختم اور کھلاڑیوں کو بے روزگار اور نئے ٹیلنٹ کا دروازہ ہی بند کر دیا تھا۔

کھلاڑی وزیراعظم یہ چاہتا ہی نہیں تھا کہ نیا ٹیلنٹ سامنے آئے یا کرکٹ میں 1992 جیسی مضبوط ٹیم بن کر ان سے عالمی کپ کا اعزاز نہ چھین لے۔ وہ خود کو پہلی بار ورلڈ کپ جیتنے والی ٹیم کا واحد کپتان رہنا چاہتے تھے، اس لیے انھوں نے ایسے لوگوں کو کرکٹ بورڈ کا سربراہ بنایا جن کی پالیسیوں نے کرکٹ تباہ کرا دی اور 32 سالوں میں پاکستان کرکٹ میں دنیا بھر میں ناکام رہا اور سابق کپتان کی ہیرو رہنے کی خواہش پوری ہوئی جس کے 32 سال بعد ملک کو ارشد ندیم جیسا قومی ہیرو ملا جس کی ملک بھر میں اتنی زیادہ پذیرائی ہو رہی ہے جس کی ملک میں ماضی کی کوئی مثال موجود نہیں ہے۔

تحریک انصاف نے جیولن کے عالمی مقابلے میں گولڈ میڈل جیتنے والے ارشد ندیم کی کامیابی کو ثانوی حیثیت دی کیونکہ ارشد ندیم کے 32 سال بعد قومی ہیرو بننے سے 1992 کے کرکٹ ہیرو جو پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین ہیں کی اپنی حیثیت متاثر ہوئی ہے۔ کرکٹ میں تو ملک کے ممتاز ترین کھلاڑی ہیرو رہے جنھوں نے عالمی سطح پر کامیابیاں دلائیں مگر جیولن میں پہلی بار پاکستان کو گولڈ میڈل ارشد ندیم نے اپنی ذاتی حیثیت میں دلایا جو ان کی کرکٹ ورلڈ کپ سے بڑی کامیابی ہے جو تحریک انصاف سے ہضم نہیں ہو رہی کیونکہ ملک کو دوسرا قومی ہیرو مل گیا ہے۔

1992 کے کرکٹ ہیرو نے فنڈ جمع کر کے شوکت خانم کینسر اسپتال بنایا جو ان کی ذاتی ملکیت ہے جسے اربوں روپے کے فنڈز ملے مگر عام آدمی وہاں اپنا علاج نہیں کرا سکتا۔ کرکٹ ورلڈ کپ کیش کرانے والے نے ملک کو انتہائی بری حکومت دی تھی جس سے وہ غیر مقبول ہوئے مگر اس کے بعد کی نااہل حکومت نے اپنی غلط پالیسی سے زیرو کو پھر ہیرو بنا دیا جس کی سزا ملک کی معیشت بھگت رہی ہے۔ تحریک انصاف جیولن کے عالمی ہیرو سے خوف زدہ ہے، اس لیے اپنے دور میں مال بنانے والے پی ٹی آئی رہنماں کو اتنی توفیق نہیں ہوئی کہ وہ ارشد ندیم کو ذاتی انعامات دیتے اور اس کی حوصلہ افزائی کرتے کہ کہیں ان کا بانی چیئرمین ناراض نہ ہو جائے۔ ارشد ندیم نے پوری دنیا میں اولمپکس کا مقابلہ جیتنے کے بعد پاکستان کا نام روشن کر دیا اور یہ بتا دیا کہ اگر انسان اپنی محنت اور لگن سے کام کرے تو ایک نہ ایک دن وہ ضرور کامیاب ہو جاتا ہے۔ ارشد ندیم جیسے کئی باصلاحیت کھلاڑی حکومت کی سپورٹ نہ ملنے کے سبب آگے نہیں بڑھ سکے اگر حکومت پاکستانی کھلاڑیوں کی سپورٹ کرتی ہے تو پاکستان کا نام اسپورٹس میں پوری دنیا میں پہلی صف میں آ سکتا ہے۔ حکومت کو چاہیے کہ اسپورٹس کے زیادہ سے زیادہ مقابلے چھوٹے بڑے شہروں میں کرائے اور اسپورٹس پارک بنائے

شاندار ماضی، مگر حال بدحال کیوں؟

تحریر: انور غازی

کئی صدیوں تک مسلمانوں نے پوری دنیا پر حکمرانی کی ہے۔ اس اقتدار کو قائم و دائم رکھنے میں اصل کردار قدیم اور جدید علوم و فنون میں مہارت تھی۔ بغداد، اندلس میں شاندار فن تعمیر کے نمونے آج تک موجود ہیں۔ دیکھا جا سکتا ہے۔ مغلیہ دور کی شاندار عمارات جس تخلیقی صلاحیت سے تعمیر کی گئیں، وہ دو چیزوں کے بغیر ممکن نہیں تھی۔ پہلی فن تعمیر کی تفصیلی مہارت جس میں جیومیٹری، فزکس، کیمسٹری اور ڈھانچے کے خدوخال وضع کرنے تک کے علوم شامل ہوتے ہیں۔ دوسری کسی ملک کی مضبوط معاشی اور اقتصادی حالت ہے۔ جو اس قدر مضبوط ہو کہ وہاں کے حکمران شاندار عمارات تعمیر کرنے کا خرچ برداشت کر سکیں۔ فن تعمیر کی جو تفصیل تاج محل، شیش محل، شالامار باغ، مقبرہ ہمایوں، دیوان خاص میں نظر آتی ہے اس سے لگتا ہے انکے معمار جیومیٹری کے علم کی انتہاؤں کو پہنچے ہوئے تھے۔ تاج محل کے چاروں مینار صرف آدھا انچ باہر کی جانب جھکائے گئے تاکہ زلزلے کی صورت میں گریں تو گنبد تباہ نہ ہوں۔ مستری کی اینٹیں لگانے سے یہ سب ممکن نہیں۔ پورا تاج محل نوے فٹ گہری بنیادوں پر کھڑا ہے۔ اسکے نیچے تیس فٹ ریت ڈالی گئی۔ اگر زلزلہ آئے تو پوری عمارت ریت میں گھوم سی جائے اور محفوظ رہے۔ ٹائل موزیک ایک فن ہے، جس میں چھوٹی چھوٹی رنگین ٹائلوں سے دیوار پر تصویریں بنائی جاتیں، دیوار کو منقش کیا جاتا ہے۔ یہ فن لاہور کے شاہی قلعے کی ایک کلومیٹر لمبی منقش دیوار اور مسجد وزیر خان میں نظر آتا ہے۔ ان میں جو رنگ استعمال ہوئے، انہیں بنانے کے لئے موجودہ دور میں پڑھائی جانے والی کیمسٹری کا وسیع علم ہونا ضروری ہے۔ مغلیہ فن تعمیر کا مکمل علم حاصل کرنے کی کوشش کی جائے اور موجودہ دور کے سائنسی پیمانوں پر ایک نصاب کی صورت تشکیل دیا جائے تو صرف اس فن تعمیر کو مکمل طور پر سیکھنے کیلئے ایک طویل عرصہ درکار ہوگا۔

لیکن پھر ایسا ہوا کہ مسلمان بیک جنبش قلم جاہل، اجڈ اور گنوار گردانے گئے۔ برصغیر میں یہ ظلم لارڈ میکالے نے کیا۔ اس نے 1833 میں برصغیر کا سفر کیا۔ وہ بیوی کیساتھ سیاح کے روپ میں ہندوستان آیا۔ برصغیر کے چپے چپے پر گیا، لوگوں سے ملا، مسلمانوں کے حالات کا باریک بینی سے جائزہ لیا، انکا طرزِ زندگی دیکھا، انکی اقدار، معاشرت، رہن سہن اور طور طریقے پر ریسرچ کی۔ مسلمانوں کے مذہبی رہنماؤں سے ملا۔ انکے انٹرویوز کئے۔ وہ برصغیر میں یہ دیکھ کر حیران اور ششدر رہ گیا کہ مسلمانوں میں شرح خواندگی تقریبا 90 فیصد ہے۔ باقی دس فیصد بھی ضروری دینی و عصری تعلیمات اور اسکے تقاضوں سے آگاہ تھے۔ وہ تین سال تک گھوما پھرا۔

رپورٹ تیار کی اور واپس انگلستان چلا گیا۔ 1935 کی دوپہر اس نے برٹش ارکانِ پارلیمنٹ کے سامنے وہ رپورٹ پڑھی۔ اس رپورٹ کی کاپی آج بھی اورینٹل کالج لاہور کی لائبریری میں موجود ہے۔ اس نے لکھا میں نے پورے ہندوستان کا سفر کیا ہے اس سفر کے دوران کئی حیرت انگیز انکشافات ہوئے۔ میں نے ایک بھی بھکاری نہیں دیکھا، چوری ڈاکے کا تصور نہیں ہے، یہ

فتنہ خوارج کیخلاف فیصلہ کن معرکہ

ریاست پاکستان اس وقت پے در پے کئی چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے۔ معاشی بحران نے اپنے پنجے بری طرح گاڑ رکھے ہیں۔ ایک غیر مقبول سیاسی حکومت کا بوجھ بھی ریاست کے کندھوں پر ہے۔ دوسری طرف افغانستان میں بیٹھ کر خارجیوں یعنی ٹی ٹی پی نے، ملک کے مختلف حصوں خصوصاً بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں بدامنی پھیلانے کا مکروہ کھیل شروع کر رکھا ہے اور ان کی کارروائیاں روکنے کیلئے پاک فوج کے جوان مسلسل قربانیاں دے رہے ہیں۔ ان سنگین حالات کے پس منظر میں مسلح افواج کے سربراہ نے مختلف مواقع پر اپنے دوٹوک موقف کا اظہار کیا۔ انہوں نے کاکول میں ہونے والی ایک تقریب کے دوران انہوں نے مختلف قرانی آیات کا حوالہ دیتے ہوئے قوم کو یہ بات سمجھانے کی کوشش کی کہ دہشت گردی کی کارروائیاں محض شر پسندی نہیں بلکہ یہ خارجیوں کے اس فتنے کا تسلسل ہے جو تاریخ اسلام کیساتھ ساتھ چلے آ رہے ہیں۔ ان تقاریر سے قبل اگست کے پہلے ہفتے میں آئی ایس پی آر کی جانب سے قوم کو آگاہ کیا گیا کہ حکومت پاکستان نے تمام وزارتوں اور سرکاری محکموں کو احکامات جاری کیے ہیں کہ وہ کالعدم تحریک طالبان پاکستان کیلئے فتنہ الخوارج کے الفاظ کا استعمال کریں اور سرکاری دستاویزات میں کالعدم دہشت گرد تنظیموں سے منسلک افراد کے لیے معزز الفاظ مثلاً مفتی، مولانا، یا حافظ جیسے الفاظ اور القابات استعمال نہ کریں بلکہ ان کے ناموں سے پہلے خارجی کا لفظ استعمال کیا جائے۔ یہ تمام اقدامات ریاست کی اس سوچ کی عکاسی کرتے ہیں کہ وہ اس فتنہ سے ہمہ پہلو نپٹنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ تاریخ کے طلبہ اس حقیقت سے آگاہ ہیں کہ تنازعات کے دوران زبان، الفاظ اور اصطلاحات کی بڑی اہمیت ہوتی ہے۔ روس اور افغانستان کی جنگ کے دوران روس کے خلاف لڑنے والوں کو جہادی کہا جاتا تھا کیونکہ اسلام میں جہاد ایک احترام کے ساتھ لیا جانے والا لفظ ہے۔ جبکہ مغرب ان جہادیوں کے لیے دہشت گرد کا لفظ استعمال کرتا تھا۔ یوں ایک ہی عمل کرنے والے لوگوں کے متعلق پاکستان کے لوگوں کی رائے اور تھی جبکہ مغرب کے باشندے مختلف رائے رکھتے تھے۔ اسی طرح خارجی کا لفظ بھی اپنے اندر ایک تاریخی پس منظر لیے ہوئے ہے۔ تاریخ اسلام میں خارجی کا لفظ ایک حدیث مبارکہ میں بھی مذکور ہوا۔ سنن ترمذی کی حدیث نمبر 2188 باب الخوارج میں رقم ایک حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے کہ عبداللہ بن مسعود کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آخری زمانہ میں ایک قوم نکلے گی جس کے افراد نوعمر اور سطحی عقل والے ہوں گے، وہ قرآن پڑھیں گے لیکن قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترے گا، قرآن کی بات کریں گے لیکن وہ دین سے اسی طرح نکل جائیں گے جیسے شکار سے تیر آر پار نکل جاتا ہے''۔ یہاں پر دین سے نکل جانے والوں کے لیے عربی میں خارجی کا لفظ استعمال کیا گیا۔ ٹی ٹی پی سے وابستہ لوگوں کے عقائد و نظریات کا مطالعہ کیا جائے تو وہ بلاشبہ اس تعریف پر پورا اترتے ہیں وہ معصوم مسلمانوں کو مارنے کے لیے قرآنی آیات کا سہارا لیتے ہیں خودکش بمبار تیار کرنے والوں کو جنت کی بشارتیں سناتے ہیں۔ میری دانست میں پاکستان کی مسلح افواج نے صحیح معنوں میں اس مرض کی تشخیص کی اور اسکے درست علاج کی طرف قدم اٹھا۔ یہ بحث اب پرانی ہو چکی ہے کہ طالبان کس کی تخلیق تھے، یہ تذکرہ کرنے کی بھی ضرورت نہیں کہ کبھی اچھے طالبان اور برے طالبان کی اصطلاح بھی استعمال ہوتی تھی، یہ بھی یاد دلانے کی ضرورت نہیں کہ انہی طالبان کو کس نے مسلح کیا تھا، یہ بات بھی دوبارہ لکھنے کی ضرورت نہیں کہ پاکستان کے اقتدار کے ایوانوں سے لے کر واشنگٹن تک ان لوگوں کو کس نے رسائی مہیا کی۔ یہ بھی ایک کھلا سچ ہے کہ انہی طالبان کو پروان چڑھانے میں اندرونی و بیرونی عناصر نے اپنا کردار ادا کیا۔ لیکن یوں لگتا ہے کہ پاک فوج نے اس تاریخی غلطی کو سدھارنے کا حتمی فیصلہ کر لیا ہے۔ عزم استحکام پاکستان آپریشن اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ کے کندھوں پر اس وقت بے شمار بوجھ ہیں جس طرح کہ میں نے شروع میں عرض کیا کہ معیشت سنبھالنے کی ذمہ داری بھی انہی کے کندھوں پر ہے ملک میں امن و امان کی صورتحال دیکھنا بھی انہی کے فرائض میں شامل ہے، ہماری اسٹیبلشمنٹ نالائق نااہل اور غیر مقبول حکومت کا بوجھ کب تک اٹھائے گی، یہ کہنا تو مشکل ہے البتہ فوج کی ہمت کو داد دینا پڑے گی کہ اندرونی اور بیرونی محاذوں پر اس قدر مصروفیت کے باوجود انہوں نے بڑی جانفشانی سے فتنہ خوارج کے خلاف پرعزم جدوجہد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ عزم استحکام آپریشن جس طرح کہ بتایا گیا ہے کہ ٹارگٹڈ آپریشن ہوگا اور صرف وہی لوگ اس آپریشن کا نشانہ بنیں گے

ڈیجیٹل لٹریسی پر توجہ دیں

تحریر: آصف سعید

اگر ہم نے دنیا کے ساتھ جدیدیت اور ٹیکنالوجی کی بنیاد پر آگے بڑھنا ہے یا اپنی نئی نسل کو دنیا میں موجود سیاسی، سماجی، علمی، فکری یا مہارتوں کی بنیاد پر معاشی ترقی کے عمل کو آگے بڑھانا ہے تو ہمیں جدید دنیا سے بہت کچھ سیکھنا

دہشت گردی کا افسوسناک واقعہ

تحریر: عابد سلمان

پاراچنار سے پشاور جانے والے مسافروں کے قافلے پہ اوچے کے مقام پہ دہشت گردوں کی سفاکانہ فائرنگ سے خواتین اور بچوں سمیت 40 سے زائد بے گناہ افراد کے

قومی پہچان

تحریر: مزمل سہروردی

موں کی پہچان قوموں کے اجتماعی رویے کی بنیاد پہ ہوتی ہے۔ پاکستان ایک وسائل سے مالا مال ملک

وفاقی تعلیمی بورڈ کا انٹرمیڈیٹ پارٹ ون اور ٹو کے سالانہ نتائج کا اعلان

وفاقی وزیر مملکت تعلیم وجیہہ قمر کی تقریب میں شرکت، نمایاں پوزیشن حاصل کرنیوالے طلبا و طالبات کو مبارکباد دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی تعلیمی بورڈ نے انٹرمیڈیٹ پارٹ ون اور ٹو کے سالانہ نتائج کا اعلان کر دیا۔ وفاقی وزیر مملکت برائے تعلیم وجیہہ قمر نے بطور مہمان خصوصی تقریب میں شرکت کی اور نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا و طالبات کو مبارکباد پیش کی۔ وفاقی تعلیمی بورڈ کی جانب سے اعلان کردہ نتائج کے مطابق پری میڈیکل گروپ میں علی طارق نے 1071 نمبر لے کر پہلی پوزیشن حاصل کی، وردہ سرفراز نے 1070 نمبر کے ساتھ دوسری جب کہ عروہ ملک اور مناہل مرتضیٰ نے تیسری پوزیشن مشترکہ طور پر حاصل کی۔ پری انجینئرنگ گروپ میں پہلی پوزیشن مزمل ساجد نے 1063 نمبر کے ساتھ حاصل کی، محمد سمیع نے 1059 نمبر لے کر دوسری اور عائشہ نعیم نے 1054 نمبر کے ساتھ تیسری پوزیشن اپنے نام کی۔ گیارہویں جماعت کے امتحان میں 97 ہزار 928 طلبا و طالبات شریک ہوئے جن میں سے 60 ہزار 794 کامیاب قرار پائے۔ بارہویں جماعت میں 96 ہزار 521 امیدوار شریک ہوئے، جن میں سے 79 ہزار 881 نے کامیابی حاصل کی۔ انٹرمیڈیٹ کا مجموعی نتیجہ 83.19 فیصد رہا، طلبا کی کامیابی کا تناسب 75.85 فیصد جب کہ طالبات کی کامیابی کا تناسب 88.91 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔ پری میڈیکل گروپ میں کامیابی کا تناسب 94.04 فیصد جب کہ پری انجینئرنگ گروپ میں 88.89 فیصد رہا۔

ہم پاکستان کی معیشت کو ترقی دینے کیلئے پرعزم ہیں، ایس ایم تنویر

پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ہے، اس کی برآمدات کو پہلے مرحلے میں کم از کم 100 بلین امریکی ڈالر تک بڑھایا جا سکتا ہے

مکوآنہ (این این آئی) یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) کے سرپرست اعلی ایس ایم تنویر نے کہا کہ کاروباری برادری حکومت کا ساتھ دینے کے لیے پرعزم ہے اور ہم پاکستان کی معیشت کو ترقی دینے کے لیے ... کرے گا اور پاکستان کی معیشت کی ترقی کے لیے اپنے اقدامات کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے خاص طور پر حالیہ پاک بھارت تنازعہ میں پاکستان کی مسلح افواج کے کردار کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان معدنی وسائل سے مالا مال ہے ...



لاہور، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس ملازمین کے اہلخانہ سے ملاقات کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر کے کلیدی کردار کے سبب مسئلہ کشمیر کو پہلی بار جرأت سے اٹھایا گیا، چوہدری طارق فاروق

اوورسیز پاکستانی اپنی محنت اور محبت سے وطن کی عزت و وقار میں اضافہ کر سکتے ہیں، سیکرٹری جنرل پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر

ٹیکساس (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے جنرل سیکرٹری چوہدری طارق فاروق نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کے کلیدی کردار کے سبب مسئلہ کشمیر کو پہلی بار جرأت سے اٹھایا گیا ہے، اوورسیز پاکستانی اپنی محنت اور محبت سے وطن کی عزت و وقار میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ امریکا کی ریاست ٹیکساس کے شہر ڈیلس میں پاکستانی اور کشمیری کمیونٹی کیلئے ایک شاندار اور یادگار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ممتاز تاجر، سیاسی و سماجی رہنما اور وزیراعظم آزاد کشمیر کے سابق کوآرڈینیٹر ملک عابد حسین نے اپنی رہائش گاہ پر پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے جنرل سیکریٹری اور حکومت آزاد کشمیر کے سابق سینئر وزیر چوہدری طارق فاروق کے اعزاز میں پُرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا۔ تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے چوہدری طارق فاروق نے میزبان ملک عابد حسین کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اوورسیز کمیونٹی میں اس طرح کی تقریبات اتحاد اور یگانگت کو فروغ دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) عوامی خدمت اور ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے ہمیشہ وطن عزیز کو مضبوط بنانے میں پیش پیش رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی اپنی محنت اور محبت سے وطن کی عزت اور وقار میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر پر بھی بات کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام کی قربانیوں نے ہمیشہ حق کے معرکے میں سر فخر سے بلند کیے ہیں، حالیہ بھارت سے جنگ میں فیلڈ مارشل عاصم منیر اور پاک افواج کا کردار اور وزیر اعظم شہباز شریف کی کاوشیں قابل فخر ہیں، اس جنگ میں فتح نے پوری قوم کا سر دنیا بھر میں فخر سے بلند کیا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے جنرل سیکرٹری نے کہا کہ پہلی بار عالمی سطح پر جس جرأت اور مضبوط مؤقف کے ساتھ مسئلہ کشمیر کو بھی اٹھایا گیا، اس میں فیلڈ مارشل عاصم منیر کا کردار کلیدی رہا۔



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان محکمہ تعلیم کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

انڈونیشیا، بلند آواز میں لاؤڈ اسپیکر سے کھڑکیاں ٹوٹ گئیں

شدید عوامی ردعمل کے بعد مشرقی جاوا کی حکومت نے لاؤڈ اسپیکر پر پابندی عائد کر دی

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا کے جزیرہ جاوا میں شادیوں اور تقریبات میں استعمال ہونے والے دیوہیکل لاؤڈ اسپیکر ٹاورز عوامی پریشانی اور سماجی تنازع کا باعث بن گئے، ان کے شور سے نا صرف گھروں کی کھڑکیاں اور دیواریں ٹوٹنے کی شکایات سامنے آئی ہیں بلکہ مقامی حکام اور مذہبی اداروں نے بھی اس پر سخت اقدامات کیے ہیں۔ مشرقی جاوا کے علاقے نگانترو گاؤں کے رہائشی احمد سلیات نے بتایا کہ دوپہر 1 بجے سے رات 3 بجے تک زور دار آواز میں میوزک بجتا رہتا ہے، لوگ شراب پیتے ہیں اور شور مچاتے ہیں، یہ واقعی بہت پریشان کن ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیوز میں دیواروں میں دراڑیں، چھت کی ٹائلیں گرنے اور دکانوں کو نقصان پہنچنے کے مناظر دیکھے جا سکتے ہیں، اس شور کو مقامی زبان میں ساؤنڈ ہورگ کہا جاتا ہے جس کا مطلب ہے لرزش یا جھٹکا۔ شدید عوامی ردعمل کے بعد مشرقی جاوا کی حکومت نے نئے قوانین جاری کیے ہیں جس کے تحت آواز کی سطح 120 ڈیسی بیل تک محدود ہوگی، جلوس یا احتجاج میں استعمال ہونے والے موبائل اسپیکرز کی حد 85 ڈیسی بیل رکھی گئی ہے۔ اسکولوں، اسپتالوں اور عبادت گاہوں کے قریب اسپیکرز بجانے پر پابندی عائد ہے۔ مشرقی جاوا کی گورنر خوفیہ اندرا پرواں سانے کہا

پولیس ٹیموں کو ممکنہ بارشوں، سیلابی صورتحال میں ریسکیو آپریشنز میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی ہدایت

دریاؤں کے کنارے آباد دیہاتوں، آبادیوں میں پولیس کی امدادی ٹیموں کی پٹرولنگ باقاعدگی سے جاری رکھی جائے، ڈاکٹر عثمان انور

لاہور (اے ایف بی) لاہور سمیت پنجاب کے مختلف علاقوں میں بارش، ممکنہ سیلابی صورتحال کے پیش نظر پنجاب پولیس ہائی الرٹ ہے۔ ترجمان کے مطابق آئی جی پنجاب کی پولیس ٹیموں کو ممکنہ بارشوں، سیلابی صورتحال میں ریسکیو آپریشنز میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی ہدایت، دریاؤں ندی نالوں، دیہاتوں کے ارد گرد آبادی اور مویشیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے لئے جاری آمد سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پنجاب پولیس سیلابی ریلے کی آمد کے پیش نظر آبادی کا بروقت انخلا یقینی بنانے میں متعلقہ اداروں کو بھرپور معاونت فراہم کر رہی ہے، آئی جی پنجاب کا قصور اوکاڑہ، پاکپتن، وہاڑی، بہاولنگر، لودھراں، مظفر گڑھ، ملتان اور دیگر علاقوں میں پولیس کو ہمہ وقت مستعد رہنے کا حکم، آئی جی پنجاب نے کہا



تہران، وفاقی وزیر قومی تحفظ خوراک رانا تنویر حسین ایرانی حکام کے ساتھ اعلیٰ سطحی تجارتی تعاون کے اجلاس میں شریک ہیں

لاہور، اسلام آباد موٹروے کے ٹول ٹیکس میں اضافے کا اعلان

کلاس ون کی ٹرانسپورٹ سے 1330، کلاس 6 کی ٹرانسپورٹ سے 7460 روپے وصول کئے جائینگے

لاہور (این این آئی) نیشنل ہائی ویز اتھارٹی نے لاہور، اسلام آباد موٹروے (ایم ٹو) کے ٹول ٹیکس میں اضافے کا اعلان کر دیا، اضافے کا فوری اطلاق کر دیا گیا جو 25 اگست 2026 تک نافذ العمل رہیں گے۔ سرکاری اعلامیے کے مطابق یہ اضافہ ہر سال ہونے والے 10 فیصد اضافے کا حصہ ہے جو 23 اپریل 2014 کو فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن کی ذیلی کمپنی موٹروے آپریشنز اینڈ ری ہیبلیٹیشن انجینئرنگ پرائیویٹ لمیٹڈ کے ساتھ طے پانے والے کنسیشن ایگریمنٹ کے تحت کیا جاتا ہے، یہ معاہدہ بی او ٹی بنیاد پر ہے اور اس میں دوسرے آپریشنل سال سے ہر سال شرح میں اضافہ لازمی قرار دیا گیا ہے۔ کار، جیپ اور ٹیکسی کلاس 1 کے لیے ٹول ٹیکس 1330 روپے مقرر کیا گیا ہے، کار، جیپ اور ٹیکسی کے لیے فی کلومیٹر 3.72 روپے بنتے ہیں جبکہ ویگن کلاس 2 کے لیے ٹول ٹیکس 2240 روپے 6.24 روپے فی کلومیٹر وصول کیا جائے گا، کلاس 3 میں بسوں سے 3130 روپے 8.73 روپے فی کلومیٹر لیے جائیں گے، کلاس 4 میں 2 ایکسل ٹرکس سے 12.45 روپے فی کلو میٹر کے حساب سے 4460 روپے، کلاس 5 میں 3 ایکسل ٹرک سے 16.20 روپے فی کلو میٹر کے تناسب سے 5800 روپے ہے



پشین۔ ڈپٹی کمشنر منصور احمد قاضی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پنجاب پبلک سروس کمیشن نے مختلف محکموں کی اسامیوں کے تحریری، حتمی نتائج کا اعلان کر دیا

10 مختلف نتائج کا اعلان کیا گیا، سیکرٹری پبلک سروس کمیشن نے کامیاب امیدواروں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے قانون و پارلیمانی امور، سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن، ہاؤسنگ اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ، پنجاب اسمال انڈسٹریز کارپوریشن اور پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ سمیت مختلف محکموں کی اسامیوں کے تحریری اور حتمی نتائج کا اعلان کر دیا۔ ان محکموں میں کل 10 مختلف نتائج کا اعلان کیا گیا۔ سیکرٹری پنجاب پبلک سروس کمیشن افضال احمد نے کامیاب امیدواروں کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ترجمان کے مطابق: قانون و پارلیمانی امور ڈیپارٹمنٹ میں ریسرچ آفیسر کی ایک آسامی کے لیے تحریری امتحان کا نتیجہ جاری کیا گیا جس میں ایک امیدوار انٹرویو کے لیے کامیاب قرار پایا۔ آبپاشی محکمہ میں ضلع سرگودھا کے لیے ضلعدار کی 11 آسامیوں پر 55 امیدوار تحریری امتحان میں کامیاب قرار پائے جبکہ ساہیوال ڈویژن کے لیے ضلعدار کی 17 آسامیوں پر 82 امیدوار تحریری امتحان میں کامیاب ہوئے۔ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ میں اسسٹنٹ پروفیسر کمیونٹی میڈیسن کی ایک آسامی پر ایک امیدوار کو حتمی طور پر کامیاب قرار دیا گیا۔ اسی محکمہ میں اسسٹنٹ پروفیسر ڈرماٹولوجی اور اسسٹنٹ پروفیسر پلاسٹک سرجری کی ایک، ایک آسامیوں پر بھی امیدواروں کو حتمی طور پر کامیاب قرار دیا گیا۔ راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی (واسا) میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر انجینئرنگ / سب ڈویژنل آفیسر (سول) کی آسامیوں کے لیے تین امیدواروں کو حتمی طور پر کامیاب قرار دیا گیا

پانی کے قدرتی راستوں پر غیر قانونی اور بے ہنگم تعمیرات کے خطرناک نتائج سے بچنا ممکن نہیں، سیکرٹری سیرا

ہم نے 2005ء کے قیامت خیز زلزلہ، 2011ء بعد ازاں 2022ء میں آنیوالے تباہ کن سیلابوں سے کوئی سبق نہیں سیکھا، خالد محمود مرزا

مظفر آباد (این این آئی) سیکرٹری سیرا خالد محمود مرزا نے کہا ہے کہ پانی کے قدرتی راستوں پر غیر قانونی اور بے ہنگم تعمیرات کے خطرناک نتائج سے بچنا ممکن نہیں، یہ افسوسناک امر ہے کہ ہم نے 2005ء کے قیامت خیز زلزلہ، 2011ء بعد ازاں 2022ء میں آنے والے تباہ کن سیلابوں سے حقیقی معنوں میں کوئی سبق نہیں سیکھا۔ آٹھ اکتوبر 2005ء کے تباہ کن زلزلہ میں آزاد کشمیر کے سات اضلاع میں 46574 قیمتی انسانی جانوں کی جدائی کا دکھ برداشت کرنے کے علاوہ، اربوں روپے مالیت کی تعمیر کی گئی نجی و سرکاری املاک آن واحد میں ملبے کا ڈھیر بن گئیں، رواں مالی سال شعبہ تعلیم کے ایسے منصوبے جن پر 80 فیصد تعمیراتی کام مکمل ہو چکا ہے ان کیلئے حکومت پاکستان کی طرف سے ایک ارب روپے فراہم کئے جا رہے ہیں جن سے ان منصوبوں کی تکمیل کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری سیرا خالد محمود مرزا نے سول سروسز اکیڈمی لالہ موسیٰ میں زیر تربیت لوکل گورنمنٹ پنجاب کے افسران کو زلزلہ متاثرہ علاقوں میں جاری تعمیر نو پروگرام کے بارے میں تفصیلات بتاتے ہوئے کیا۔ زلزلہ متاثرہ علاقوں میں جاری تعمیر نو پروگرام کے بارے میں مزید تفصیلات بتاتے ہوئے ایڈیشنل سیکرٹری سیرا عابد غنی میر نے کہا کہ حکومت پاکستان نے زلزلہ متاثرین کی بحالی اور تعمیر نو کے لیے وفاقی سطح پر ایراء اور آزاد کشمیر میں سیرا اور خیبر پختونخواہ میں پیرا کے نام سے ادارے قائم کر کے تعمیر نو پروگرام کے تحت آزاد کشمیر میں تعلیم، صحت، گورننس سمیت دیگر شعبوں میں 7608 منصوبہ جات مرتب کر کے تعمیر نو کا آغاز کیا، جن میں سے 5878 منصوبے مکمل کر کے سیرا نے متعلقہ محکموں کے سپرد کر دیئے 919 منصوبوں پر کام جاری فنڈز نہ ملنے کے باعث ان منصوبوں پر تعمیراتی کام تعطل کا شکار ہے جبکہ 811 منصوبوں پر فنڈز کی قلت کے باعث کام شروع ہی نہیں کیا جا سکا، زلزلہ کی قدرتی آفت کو 20 سال گزر چکے ہیں ابھی تک آزاد کشمیر کے زلزلہ متاثرہ علاقوں میں دو لاکھ بچے اور بچیاں انتہائی گرم و سرد موسم میں کھلے آسمان تلے تعلیم حاصل کر رہے ہیں، زلزلہ متاثرہ علاقوں میں مرتب کیے گئے ان منصوبوں کے لیے 44.125 بلین روپے درکار ہیں 2010ء کے بعد وفاقی حکومت کی جانب سے منصوبوں کی تکمیل کے لیے فنڈز کی قلت کے باعث ابھی تک 1710 منصوبے مکمل کرنا باقی ہیں، سیکرٹری سیرا خالد محمود مرزا نے کہا کہ قدرتی آفات کو روکنے کے لیے بہتر منصوبہ بندی، محفوظ تعمیرات اور بروقت حفاظتی اقدامات کے ذریعے نقصانات کو نمایاں طور پر کم کیا جا سکتا ہے۔

88 ملین پرانے، غیر موثر پنکھوں کو توانائی بچانے والے ماڈلز سے تبدیل کرنے کے منصوبے کو حتمی شکل دیدی گئی

دیہاتوں، شہروں میں 8 کروڑ 80 لاکھ پنکھے تبدیل کئے جائیں، مجموعی طور پر ساڑھے 3 ارب سے زائد کی لاگت کا تخمینہ

لاہور (این این آئی) پاکستان میں 88 ملین پرانے اور غیر موثر پنکھوں کو توانائی بچانے والے ماڈلز سے تبدیل کرنے کے منصوبے کو حتمی شکل دیدی گئی جس پر مجموعی طور پر ساڑھے 3 ارب سے زائد کی لاگت کا تخمینہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق مطابق نیشنل انرجی ایفیشنسی اینڈ کنزرویشن اتھارٹی کے مطابق اس پروگرام میں 5 کروڑ دیہی اور 3 کروڑ 80 لاکھ شہری گھروں کے پنکھے شامل ہیں جنہیں آئندہ 10 برس میں مرحلہ وار تبدیل کیا جائے گا۔ حکومت نے پنکھا تبدیلی پروگرام منظور کرتے ہوئے وزارت خزانہ کے ذریعے 2 ارب روپے کی ٹیکنیکل سپلائی گرانٹ فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق اس اقدام سے بجلی کی طلب میں 5 ہزار میگاواٹ تک کمی آئے گی، جو گرمیوں میں قومی پاور گرڈ پر پڑنے والے شدید دباؤ کو کم کرنے میں مددگار ہوگی۔ فنانسنگ ماڈل کے تحت صارفین قسطوں پر توانائی بچانے والے پنکھے خرید سکیں گے

پیراڈائیز گروپ آف کمپنیز کی عظیم خوشبوؤں کی دنیا میں شاندار انٹری

امید ہے انشاءاللہ یہ پرفیوم بہت کم وقت میں پوری دنیا کے اندر اپنا منفرد مقام حاصل کرلے گی، ملک محمد اسحاق

دبئی (این این آئی) پیراڈائیز گروپ آف کمپنیز کی عظیم خوشبوؤں کی دنیا میں شاندار انٹری، کوئین آف پیراڈائیز کے نام سے لگژری پرفیوم لانچ کر دی سی ای او پیراڈائیز گروپ آف کمپنیز ملک محمد اسحاق کو دنیا بھر سے مبارکبادیں دینے والوں کا تانتا بندھ گیا، اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سی ای او پیراڈائیز گروپ آف کمپنیز ملک محمد اسحاق نے کہا کہ میں اس لمحے کا برسوں سے خواب دیکھ رہا تھا اور بالآخر وہ وقت آن پہنچا جب آج ہم نے خوشبوؤں کی دنیا میں اپنا بہترین لگژری پرفیوم کوئین آف پیراڈائیز لانچ کیا مجھے پوری امید ہے ان شاء اللہ یہ پرفیوم بہت کم وقت میں پوری دنیا کے اندر اپنا منفرد مقام حاصل کرلے گی ملک محمد اسحاق کے مطابق یہ پرفیوم ہر فرد اور ہر محفل کے لیے موزوں ہے پرفیوم کی خوشبو سے نہ صرف تر و تازگی کا احساس ہوتا ہے بلکہ شخصیت کی خوبصورتی اور کشش میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ پرفیوم لگانے سے انسان کی اپنی خود اعتمادی میں بھی اضافہ ہوتا ہے اور اچھی خوشبو سے لوگ بھی متاثر ہوتے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ معطر ہوائیں اور عطر بیز فضائیں روحِ انسانی کے لیے غذا کا کام کرتی ہیں اور روحِ قوی کے لیے سرمایہ حیات ہیں۔

کولمبیا یونیورسٹی کی عبوری صدر نے متنازعہ اقدامات پر ردعمل پر استعفیٰ دے دیا

ٹرمپ انتظامیہ کے ساتھ بہت تیزی سے منسلک ہونے کے الزامات کے بعد استعفیٰ دے رہی ہیں، کترینہ آرمسٹرانگ

واشنگٹن (جی این ایم) کولمبیا یونیورسٹی کی عبوری صدر کترینہ آرمسٹرانگ نے ٹرمپ انتظامیہ کی حمایت کے الزامات اور متنازعہ اقدامات پر ردعمل کے بعد استعفیٰ دے دیا ہے قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کے مطابق کولمبیا یونیورسٹی کی صدر کترینہ آرمسٹرانگ نے اگست 2024 میں یہ عہدہ سنبھالا تھا انہوں نے کہا کہ وہ ٹرمپ انتظامیہ کے ساتھ بہت تیزی سے منسلک ہونے کے الزامات کے بعد استعفیٰ دے رہی ہیں انہوں نے کہا کہ گزشتہ ہفتے کولمبیا یونیورسٹی نے اعلان کیا تھا کہ وہ وفاقی حکومت کی جانب سے طلب کردہ اصلاحات کی ایک فہرست تیار کرے گی جس میں کیمپس پولیس کو گرفتاری کے اختیارات دینا اور مڈل ایسٹ اسٹڈیز ڈیپارٹمنٹ کے لیے نئی نگرانی شامل ہے رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ یہ اقدام ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے کولمبیا کے لیے منسوخ کی جانے والی 40 کروڑ ڈالر کی سالانہ وفاقی گرانٹ کی بحالی کا عمل شروع کرنے کے لیے کیا گیا تھا یہ اس کے آپریٹنگ بجٹ کا پانچواں حصہ ہے ان کا کہنا تھا کہ یہ سزا مبینہ طور پر یہود دشمنی اور غزہ پر اسرائیل کی جنگ کے خلاف مظاہرہ کرنے والے مظاہرین کے خلاف یونیورسٹی کے ردعمل کے لیے دی گئی تھی کولمبیا یونیورسٹی کے بہت سے اساتذہ اس بات سے خوش نہیں تھے کہ انہوں نے صدر کی رضامندی کو قانونی جنگ کے بغیر قبول کر لیا اس بات پر بھی تشویش پائی جاتی ہے کہ اس عمل سے ٹرمپ انتظامیہ کے دیگر یونیورسٹیوں کے پیچھے پڑ جانے کے حوصلے کو تقویت ملے گی جو اس کے پاس پہلے سے موجود ہے

روہڑی شہر کو رنگ برنگی روشنیوں سے سجا دیا گیا

پورے شہر میں سجاوٹ کا کام مکمل ہو چکا ہے اور یہ سلسلہ عید کے تیسرے آخری روز تک جاری رہے گا

سکھر (نمائندہ بولان) عیدالفطر کی خوشیوں کو دوبالا کرنے کے لیے روہڑی شہر کو رنگ برنگی روشنیوں سے سجا دیا گیا ہیچیئرمین ضلع کونسل سکھر سید کمیل حیدر شاہ کی خصوصی ہدایت پر روہڑی کو عیدالفطر کی خوشیوں میں اضافے کے لیے شاندار روشنیوں اور دلکش سجاوٹ سے آراستہ کیا گیا ہے اس تاریخی اقدام کے تحت لینس ڈاؤن پل، نیوی پارک شاہراہ، روہڑی پریس کلب کی عمارت، بیڑی چوک سے میمن محلہ پل، فائر بریگیڈ آفس، مختیارکار و اسسٹنٹ کمشنر آفس روہڑی، کشتی پارک، جی ٹی روڈ، باب کربلا، میونسپل کمیٹی روہڑی آفس سمیت درجنوں سرکاری و تاریخی عمارتوں کو انتہائی خوبصورتی کے ساتھ سجایا گیا ہے اس کے علاوہ باب بیدل بیکس، لائبریریاں، کربلا میدان، گانگوٹی گراؤنڈ، قصر ناصر ہاس روڈ اور دیگر اہم مقامات کو بھی نہایت خوبصورتی سے سجایا گیا ہے ان مقامات پر روشنیوں اور آرائشی قمقموں کی تنصیب سے روہڑی ایک خوابناک جگمگاتا منظر پیش کر رہا ہے شہریوں کی بڑی تعداد رات کے وقت ان مقامات کا رخ کر رہی ہے اور عید کے تہوار کے موقع پر اس تاریخی اقدام کو یادگار بنا رہی ہے اس سلسلے میں پیپلز پارٹی کے رہنما اور سابق فوکل پرسن برائے منسٹر لوکل گورنمنٹ سندھ عرفان علی داد پوٹو اور چیئرمین میونسپل کمیٹی روہڑی میر سید یعقوب علی شاہ اور سید عمران شاہ نے مشترکہ بیان میں کہا کہ روہڑی شہر کو دلہن کی طرح سجانے کا مقصد شہریوں کو عیدالفطر کے موقع پر ایک خوشگوار اور دلکش ماحول فراہم کرنا ہے ان کے مطابق یہ پہلا موقع ہے کہ روہڑی کو عیدالفطر کی آمد سے کئی روز قبل ہی اس قدر وسیع پیمانے پر عید کی مناسبت سے سجایا گیا ہے جو سید کمیل حیدر شاہ کی خصوصی دلچسپی اور ہدایت کا نتیجہ ہے انہوں نے مزید کہا کہ پورے شہر میں سجاوٹ کا کام مکمل ہو چکا ہے اور یہ سلسلہ عید کے تیسرے آخری روز تک جاری رہے گا دوسری جانب شہریوں نے اس اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ رنگ برنگی روشنیوں اور سجاوٹ نے عید کی خوشیوں کو مزید بڑھا دیا ہے اور یہ ایک خوش آئند عمل ہے روہڑی کی اہم شاہراہوں اور سرکاری عمارتوں پر نصب رنگ برنگی روشنیاں ایک دلفریب منظر پیش کر رہی ہیں جس سے شہر کے حسن میں مزید اضافہ ہو گیا ہے عوامی حلقوں نے حکومت سندھ اور متعلقہ حکام کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ایسے اقدامات آئندہ بھی جاری رہیں گے تاکہ عوام کو خوشگوار اور پرمسرت مواقع فراہم کیے جا سکیں یہ منفرد اقدام عیدالفطر کے پرمسرت موقع پر روہڑی کے عوام کے لیے ایک تحفہ ثابت ہو رہا ہے جسے ہر شہری نہایت خوشی اور جوش و خروش سے سراہ رہا ہے

میں فل حال حزب اللہ پر پابندیوں کے بارے میں بات کرنا چاہتی ہوں، ٹیمی بروس

ترجمان امریکی محکمہ خارجہ کا افغان دہشت گرد نیٹ ورک کے حوالے سے جواب دینے سے گریز

واشنگٹن (این این آئی) ترجمان امریکی محکمہ خارجہ کا ہفتہ وار پریس بریفنگ میں افغان دہشت گرد نیٹ ورک کے حوالے سے جواب دینے سے گریز۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی محکمہ خارجہ کی ترجمان ٹیمی بروس نے ہفتہ وار پریس بریفنگ افغانستان سے سرگرم دہشت گرد نیٹ ورک کے حوالے سے پاکستان میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کی کارروائیوں پر براہ راست جواب دینے سے گریز کیا۔ ایک پریس بریفنگ کے دوران سوال کیا گیا کہ پاکستان میں دہشت گردی کی سرگرمیاں بڑھ رہی ہیں اور گروہ جیسے ٹی ٹی پی، القاعدہ، اور داعش طالبان کے زیر انتظام افغانستان سے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی ذکر کیا کہ پاکستان، جو ایک شراکت دار ملک ہے، نے حالیہ مہینوں میں سیکڑوں شہریوں اور سیکیورٹی اہلکاروں کی جانیں گنوائیں اور ایک انتہائی مطلوب دہشت گرد کو امریکی حکام کے حوالے کیا۔

ٹرمپ نے امریکی وزارتِ دفاع کا نام بدلنے کا ارادہ ظاہر کر دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ نے امریکی وزارتِ دفاع کا نام بدل کر ڈیپارٹمنٹ آف وار رکھنے کا ارادہ ظاہر کر دیا۔ صدر ٹرمپ نے وائٹ ہاؤس میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ دفاع سننے میں اچھا نہیں لگتا، ہم کس چیز کا دفاع کر رہے ہیں اور دفاع ہی کیوں کر رہے ہیں؟ ٹرمپ نے کہا کہ ماضی میں اس محکمے کا نام محکمہ جنگ ہوا کرتا ہے، یہ سننے میں بھی اچھا لگتا تھا اس دوران ہم نے جنگ عظیم اول جیتی، جنگ عظیم دوم جیتی اور بہت سی جنگیں جیتیں۔

صاف پانی پروگرام فیز ون میں 49 ارب کی لاگت سے پانی کی 9 سکیمیں منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب صاف پانی اتھارٹی کے تیسرے گورننگ باڈی کے اجلاس میں وزیر اعلی پنجاب کے صاف پانی پروگرام فیز ون میں 49 ارب کی لاگت سے پانی کی 9 سکیمیں منظور کر لی گئیں۔ پروگرام کی تکمیل سے پنجاب کی 27 ملین سے زائد کی آبادی مستفید ہو سکے گی

ویتنام میں طوفان کاجیکی کی تباہ کاریاں، 3 افراد ہلاک، 10 زخمی

ہنوئی (این این آئی) ویتنام کے شمالی اور وسطی علاقوں میں طوفان کاجیکی کے باعث شدید بارشوں، تیز ہواؤں اور سیلاب نے تباہی مچا دی، جس کے نتیجے میں کم از کم 3 افراد ہلاک اور 10 زخمی ہو گئے۔ چین میڈیا کے مطابق ویتنام کی وزارتِ زراعت و ماحولیات کے مطابق، طوفان سے 6 ہزار 800 سے زائد مکانات کو نقصان پہنچا، جب کہ 28 ہزار 800 ہیکٹر سے زائد دھان کے کھیت اور 2,200 ہیکٹر دیگر فصلیں زیرِ آب آ گئیں۔

ٹرمپ نے فیڈرل ریزرو کی گورنر لیزا کک کو عہدے سے برطرف کر دیا

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے فیڈرل ریزرو کی گورنر لیزا کک کو مبینہ رہن (مارگیج) فراڈ کے الزامات کی بنیاد پر عہدے سے برطرف کر دیا۔ چینی میڈیا کے مطابق اس فیصلے کا اعلان صدر ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم "ٹروتھ سوشل پر جاری کیے گئے ایک خط کے ذریعے کیا۔ ٹرمپ نے اپنے خط میں لکھا

بھارت پر امریکی ٹیرف، آئی ٹی انڈسٹری بھرپور استفادہ کرنے کی حکمت عملی بنائے، علی عمران آصف

لاہور (این این آئی) سینئر ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری علی عمران آصف نے کہا ہے کہ عالمی تجارتی پالیسیوں میں تبدیلی اور امریکہ کی جانب سے بھارت سے سروسز کی فراہمی پر ممکنہ ٹیرف کے نفاذ سے کاروبار ابھرتی ہوئی مارکیٹس کی طرف منتقل ہو سکتا ہے اس لئے پاکستان کو اس سے بھرپور استفادہ کرنے کیلئے جنگی بنیادوں پر حکمت عملی بنانی چاہیے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ عالمی پالیسیوں میں تبدیلی پاکستان کی آئی ٹی انڈسٹری پر مثبت اثر ڈالے گی، اگست کے آغاز میں امریکی انتظامیہ نے پاکستانی مصنوعات پر 19 فیصد ٹیرف عائد کیا تھا، دوسری جانب بھارت پر 50 فیصد تک اضافی ٹیرف لگائے گئے ہیں، پہلے سے 25 فیصد ٹیرف نافذ ہو چکا ہے جبکہ باقی 25 فیصد 27 اگست سے نافذ ہوگا۔ حکومت آئی ٹی سے وابستہ کمپنیوں کی مکمل سرپرستی کرے، آئی ٹی اور سروسز کی ایکسپورٹ میں مزید آسانی پیدا کی جائے، حکومت اپنے وسائل کا رخ آئی ٹی انڈسٹری کی طرف موڑے اور آئندہ چند سالوں میں پاکستان آئی ٹی کی ایکسپورٹ سے اربوں ڈالر کما سکتا ہے۔ علی عمران آصف نے کہا کہ آئی ٹی اور سروسز کی ایکسپورٹ کے لئے اسٹیٹ بینک کو اپنی شرائط میں مزید نرمی کرنی چاہیے۔

کنٹرول لائن کے پونچھ سیکٹر میں بھارتی فوج کی بڑے پیمانے پر نقل و حرکت


بھارت پاکستان کیخلاف ایک اور مہم جوئی کی تیاری کر رہا ہے، مقامی لوگ شدید خوف و ہراس کا شکار

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر کے ضلع بارہمولہ میں کنٹرول لائن کے پونچھ سیکٹر میں ہتھیاروں اور گولہ بارود سے لیس بھارتی فوجیوں کی بڑے پیمانے پر نقل و حرکت کی وجہ سے اوڑی اور دیگر ملحقہ علاقوں کے لوگوں میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا ہے۔ کشمیریوں کو خدشہ ہے کہ بھارت پاکستان کے خلاف ایک اور مہم جوئی کی تیاری کر رہا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کنٹرول لائن سے متصل اوڑی۔ گلمرگ پٹی میں بھارتی فوج گزشتہ دس دنوں سے بڑے پیمانے پر نقل و حرکت جاری رکھے ہوئے ہے۔ متاثرہ علاقوں سے کئی خاندان پہلے ہی انخلاء کر چکے ہیں۔ ان علاقوں کے لوگ شدید خوف اور غیر یقینی صورتحال کا شکار ہیں اور لوگوں باہر نکلنے کی بجائے گھروں میں ہی رہنے کو ترجیح دیتے ہیں

ریاست تباہی کے دہانے پر سیاسی نظام ناکام ہو چکا ہے، محمد طاہر کھوکھر

آج ریاست افراتفری بدانتظامی معاشی تباہ حالی اور سیاسی دیوالیہ پن کی دلدل میں دھنستی جا رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاسبان وطن پاکستان کے مرکزی صدر اور سابق وزیر سیاحت و ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر نے کہا کہ ریاست کو دانستہ طور پر ایک ایسی نہج ... نوجوان بے روزگار ہیں تعلیم اور صحت جیسے بنیادی شعبے شدید بحران کا شکار ہیں لیکن حکمران طبقہ اب بھی خواب خرگوش کے مزے لے رہا ہے۔ طاہر کھوکھر نے کہا کہ ...



بونیر، الخدمت فاؤنڈیشن کے رضا کار متاثرین کے لئے امدادی سامان لے کر جا رہے ہیں

غزہ کے حق میں دنیا کا سب سے بڑا احتجاج، آسٹریلیا میں لاکھوں افراد سڑکوں پر نکل آئے

سڈنی (اے ایف پی) غزہ کے حق میں دنیا کا سب سے بڑا احتجاج کیا گیا، غزہ میں اسرائیلی جارحیت اور مظالم کے خلاف آسٹریلیا بھر میں لاکھوں افراد سڑکوں پر نکل آئے۔ سڈنی، میلبرن، پرتھ، ایڈیلیڈ، کینبرا، ہوبارٹ اور برسبین سمیت 40 سے زائد شہروں میں بڑے مظاہرے کئے گئے جن میں 3 لاکھ سے زیادہ افراد شریک ہوئے۔ مظاہرین نے فلسطینی عوام کے حق میں نعرے لگائے اور مطالبہ کیا کہ اسرائیل کی جانب سے غزہ میں جاری نسل کشی اور جبری قحط کو روکا جائے، عوام نے آسٹریلوی حکومت پر زور دیا

سندھ بھر میں بارشوں کے بعد ملیریا کے کیسز میں اضافہ

کراچی (اے ایف پی) سندھ بھر میں بارشوں کے بعد ملیریا کے کیسز میں اضافہ ہونے لگا۔ محکمہ صحت کے ترجمان کے مطابق جنوری سے 25 اگست تک سندھ بھر میں ملیریا کے 1 لاکھ 16 ہزار 828 کیس سامنے آئے، کراچی سے ملیریا کے 1200 کیس رپورٹ ہوئے۔ ترجمان کے مطابق کراچی میں سب سے زیادہ ضلع ملیر سے ملیریا کے 432 کیس رپورٹ ہوئے

قیام امن نوشہرہ پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، احمد شاہ

نوشہرہ (این این آئی) ضلعی پولیس سربراہ احمد شاہ نے کہا ہے کہ قیام امن نوشہرہ پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، افسران، جوانان عوامی خدمت سے لبریز اپنی ڈیوٹی سرانجام دیں، جرائم کی بیخ کنی میں اپنا کلیدی کردار ادا کریں۔ تفصیلات کے مطابق اپنی پیشہ ورانہ خدمات کو بروئے کار لا کر جرائم پیشہ افراد کے خلاف کمربستہ پولیس افسران و جوانان کی حوصلہ افزائی کیلئے نیوڈی ی او کمپلیکس کے کانفرنس ہال میں ایک سادہ مگر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔

روس، ایندھن کی برآمد پر پابندی میں توسیع کا اعلان

ماسکو (این این آئی) روسی حکومت نے ملک میں پٹرولیم مصنوعات کی صورتحال کے پیش نظر پٹرول کی برآمد پر عائد موجودہ پابندی میں توسیع کا فیصلہ کر لیا۔ عرب ٹی وی کے مطابق یہ فیصلہ نائب وزیر اعظم الیگزینڈر نوواک کی زیر صدارت ہونے والے اجلاس کے بعد سامنے آیا۔ حکومتی بیان کے مطابق فی الحال پٹرول کی برآمد پر تمام مارکیٹ شرکا کے لیے پابندی نافذ ہے جس میں اب توسیع کی جا رہی ہے۔

محکمہ اوقاف نے وقف اراضیات کا ریکارڈ ڈیجیٹائز کر لیا، 14 ہزار پراپرٹیز کی آٹومیشن کر لی گئی، طاہر رضا بخاری

محکمہ اوقاف کے کرایہ داری یونٹس کے رینٹ کی ادائیگی "آٹو جنریٹڈ رینٹ ووچرز" کے ذریعہ ہوگی، سیکرٹری اوقاف

لاہور (این این آئی) سیکرٹری / چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ایوان اوقاف میں وقف اراضیات کی ڈیجیٹائزیشن کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ اوقاف نے صوبہ بھر کی وقف اراضیات کا ریکارڈ ڈیجیٹائز کر لیا، 14 ہزار پراپرٹی کی آٹومیشن کر لی گئی۔ اوقاف کے کرایہ داری یونٹس کے رینٹ کی ادائیگی "آٹو جنریٹڈ رینٹ ووچرز" کے ذریعہ ہوگی۔ عدالتی کیسز کی بروقت پیروی کے لیے موبائل ایپ بھی متعارف کروادی گئی ہے۔ 360 ویو کیمروں سے وقف املاک کی جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم کے ذریعے نگرانی ہوگی۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب بھر کی وقف پراپرٹیز کے آن لائن نمبرز جاری کر کے، اُن پر آویزاں کر دیے گئے ہیں۔ جاری شدہ نمبرز سے وقف زمین کا مکمل ریکارڈ چیک کیا جا سکے گا۔ جی پی ایس اور جی آئی ایس کی مدد سے وقف زمینوں کی مکمل مانیٹرنگ ہوگی۔ جیو میپنگ ٹیکنالوجی سے اراضی ریکارڈ محفوظ اور مستند بنا دیا گیا ہے۔ سیکرٹری اوقاف نے کہا کہ جدید نظام سے غیر قانونی قبضوں کی بروقت نشاندہی ممکن ہوگی۔ گورننس کو بہتر اور وقف اثاثہ جات کو محفوظ و مفید بنانا بنیادی ترجیح ہے۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف نبیلہ جاوید، ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور خالد محمود سندھو، ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف محمد شاکر، ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نور وٹو، ڈپٹی ڈائریکٹر اوقاف عظیم حیات، آصف اعجاز، چوہدری طاہر احمد، ایاز حبیب، اسسٹنٹ ڈائریکٹر قاضی عبدالرزاق و دیگر آفیسران بھی موجود تھے۔ مزید یہ کہ ایوان اوقاف لاہور میں پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کے ماڈل کو فالو کرتے ہوئے مالیتی 125 ملین کا ایک جدید کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم بھی تیار کیا جا رہا ہے۔

ٹریفک پولیس پنجاب کے ڈرائیونگ سکولز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ

ڈرائیونگ ٹریننگ سینٹرز میں جدید ترین ڈرائیونگ سیمولیٹرز نصب کرنے کا عمل شروع

لاہور (این این آئی) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت پنجاب ٹریفک پولیس جدید ٹیکنالوجی کی راہ پر گامزن ہے، ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر کی قیادت میں ٹریفک پولیس کے ڈرائیونگ سکولز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق ڈرائیونگ ٹریننگ سینٹرز میں جدید ترین ڈرائیونگ سیمولیٹرز نصب کرنے کا عمل شروع کر دیا گیا۔ پہلے مرحلے میں لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد، گوجرانوالہ، ملتان ساہیوال اوکاڑہ اور گجرات میں سیمولیٹرز نصب کیے گئے ہیں، دوسرے مرحلے میں صوبے کے تمام شہروں کے ڈرائیونگ ٹریننگ سینٹرز میں سیمولیٹرز نصب کیے جائیں گے۔ اس حوالے سے ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے کہا کہ جدید سیمولیٹرز کی تنصیب روایتی ٹریننگ سسٹم کو جدید خطوط پر استوار کرنے کی عملی کوشش ہے، جدید سیمولیٹرز نصب کرنے کا مقصد محفوظ اور معیاری تربیت فراہم کرنا ہے، دوسرے مرحلے میں زیر تربیت شہریوں کو شاہراہوں پر عملی ٹریننگ کروائی جاتی ہے۔ شاہرات پر عملی تربیت سے سٹوڈنٹس کو پر اعتماد ڈرائیور بنایا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کے ویژن کے مطابق ٹریفک پولیس کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کیا جا رہا ہے، جدید سیمولیٹرز کے استعمال سے ٹریفک قوانین کی پاسداری اور روڈ سیفٹی بارے عوامی آگاہی بہتر ہو گی، خواتین سیمولیٹرز پر محفوظ ماحول میں باآسانی ڈرائیونگ کی تربیت حاصل کر سکتی ہیں۔



کراچی، وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ لاڑکانہ میں 600 بستروں پر مشتمل نئے ہسپتال کے قیام بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلوچستان بھر میں آٹے کی قیمت رواں سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

فلور ملز کا 7 ہزار 200 روپے میں دستیاب 100 کلو بوری فائن آٹا اب 9 ہزار 150 روپے میں مل رہا ہے

کوئٹہ (جی این ایم) چمن سمیت بلوچستان بھر میں آٹے کی قیمت رواں سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے۔ بلوچستان میں پچھلے 10 روز کے دوران 7 ہزار روپے تک دستیاب 100 کلو بوری کی قیمت میں 2 ہزار روپے اضافے کے ساتھ ایک بوری 9 ہزار روپے کی ہو گئی۔ چمن میں ڈیلرز ایسوسی ایشن کے مطابق پنجاب ملز آٹے کی 6 ہزار 900 روپے میں دستیاب 100 کلو بوری کی قیمت 2 ہزار روپے اضافے کے ساتھ اب 8 ہزار 900 روپے ہو گئی۔ اسی طرح مقامی فلور ملز کا 7 ہزار 200 روپے میں دستیاب 100 کلو بوری فائن آٹا اب 9 ہزار 150 روپے میں مل رہا ہے۔ ڈیلرز کا کہنا ہے کہ سندھ پنجاب میں طوفانی بارشیں، گندم کی قیمت میں اضافے سمیت کئی وجوہات کو جواز بنا کر مل مالکان خود ساختہ اضافہ کر رہے ہیں۔ فلور ایسوسی کا کہنا ہے کہ اوسط قیمت میں اضافے کا رجحان صرف چمن تک محدود نہیں بلکہ صوبے بھر میں ہے۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورت حال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 2 لاکھ 40 ہزار کیوسک اور اخراج 2 لاکھ 45 ہزار 400 کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 39 ہزار 400 کیوسک اور اخراج 39 ہزار 400 کیوسک، خیر آباد پل آمد

NFC INSTITUTE OF ENGINEERING & FERTILIZER RESEARCH, FAISALABAD
Ministry of Federal Education & Professional Training



JOIN PUBLIC SERVICE - BALOCHISTAN QUOTA

سرکاری ملازمت اختیار کریں۔ بلوچستان کوئٹہ

Your Land. Your Future. Your Pakistan.

Courage, Honour and Loyalty — The Identity of Balochistan's Youth

Applications are invited from qualified Male & Female candidates, having Balochistan Domicile/Local Certificate only for the following mentioned Faculty Position. Candidates meeting the prescribed qualification and experience requirements are encouraged to apply by the closing date: -

Name of Post	BPS	Number of Posts	Quota/ Domicile	Age Limit	Qualification/ Other Requirements
Lecturer or Lab. Engineer (Civil Engineering)	G-III (Eq. to BPS-17)	01	Balochistan (6% Provincial quota)	**Lecturer:** 32 Years (As per Government Policy) **Lab. Engineer:** 28 Years (As per Government Policy	**Lecturer:** MS/Master's Degree (First Class) in the relevant field from HEC recognized University/ Institution with no 3rd division in the academic career **Lab. Engineer:** B.Sc. in Civil Engineering (First Class) in the relevant field from HEC recognized University / Institution with no 3rd division in the academic career

HOW TO APPLY:

- View detailed ToRs at Institute's official website www.iefr.edu.pk.
- Interested candidates are required to submit their online applications within fifteen (15) days of publication of this advertisement through the National Job Portal (NJP) at https://njp.gov.pk/. Direct application to the Institute shall not be entertained.

PID(L)1127/26

Head (Personnel & Administration)
NFC Institute of Engineering and Fertilizer Research, Jaranwala Road, Faisalabad. Ph: 041-9220355-57, 0300-6667122



SPORTS
سپورٹس

روزنامہ بولان حب بلوچستان — Daily BOLAN HUB Balochistan
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون وفیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے

میسی کی ٹیم فیفا کلب ورلڈ کپ سے باہر

پی ایس جی نے صفر کے مقابلے میں چار گول سے شکست دے کر انٹر میامی کو ایونٹ سے باہر کر دیا، میچ کے تمام گول پہلے ہاف میں ہوئے

ارجنٹینا (این این آئی) ارجنٹینا کے اسٹار فٹبالر لیونل میسی کی انٹر میامی ٹیم فیفا کلب ورلڈ کپ سے باہر ہوگئی۔ پی ایس جی نے صفر کے مقابلے میں 4 گول سے شکست دے کر انٹر میامی کو ایونٹ سے باہر کر دیا۔ میچ کے تمام گول پہلے ہاف میں ہوئے، پی ایس جی کی جانب سے جواؤ نیویس نے 2 گول کیے۔ دوسری جانب پرتگال کے عالمی شہرت یافتہ فٹبال اسٹار کرسٹیانو رونالڈو نے کلب ورلڈ کپ میں شرکت کی پیشکش کو مسترد کر دیا ہے۔ رونالڈو نے سعودی کلب النصر کے ساتھ 2 سالہ نئے معاہدے پر دستخط کے بعد ویڈیو پیغام میں کہا کہ میرے پاس کچھ پیشکشیں تھیں کہ میں کلب ورلڈ کپ میں کھیلوں، لیکن میں نے سوچا یہ کوئی معنی نہیں رکھتا، کیونکہ میرے لیے بہتر ہے کہ میں مکمل آرام کروں اور اچھی تیاری کروں۔

اظہر محمود قومی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کے عبوری ہیڈ کوچ مقرر

عبوری ہیڈ کوچ عاقب جاوید آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے بعد عہدہ چھوڑ چکے تھے

اسلام آباد (راشد محمود) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے سابق آل راؤنڈر اظہر محمود کو قومی ٹیسٹ کرکٹ ٹیم کا عبوری ہیڈ کوچ مقرر کر دیا۔ گزشتہ دو برسوں کے دوران 6 ہیڈ کوچز آزمانے کے باوجود قومی ٹیم کی بین الاقوامی سطح پر کارکردگی میں کوئی خاطر خواہ بہتری نہ آئی تو پی سی بی نے اپریل میں ایک بار پھر اس عہدے کیلئے اشتہار دیا تھا۔ آخری عبوری ہیڈ کوچ عاقب جاوید، جو گزشتہ چھ ماہ کے دوران سلیکٹر اور کوچ دونوں کے طور پر کام کر رہے تھے، اس سال فروری، مارچ میں ہونے والی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے بعد عہدہ چھوڑ چکے تھے۔ پی سی بی کے اعلامیے میں کہا گیا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ آج اعلان کرتا ہے کہ اظہر محمود کو پاکستان کرکٹ ٹیم کا عبوری ریڈ بال ہیڈ کوچ مقرر کیا گیا ہے۔ سابق پاکستانی آل راؤنڈر یہ ذمہ داری اپنے موجودہ معاہدے کی تکمیل تک انجام دیں گے۔ پی سی بی نے کہا کہ ایک تجربہ کار کرکٹنگ ذہن کے طور پر اظہر محمود نے قومی ٹیم کے اسسٹنٹ ہیڈ کوچ کی حیثیت سے خدمات انجام دی ہیں اور وہ طویل عرصے سے ٹیم کی حکمت عملی کا اہم حصہ رہے ہیں۔ کرکٹ کے بارے میں گہرا علم، بین الاقوامی سطح پر براہ راست تجربہ اور انگلش کاؤنٹی سرکٹ میں کامیابی انہیں اس عہدے کیلئے بہترین انتخاب بناتی ہے۔

کرکٹرز کے سکلز ڈویلپمنٹ کیمپ کے تیسرے مرحلے کا آغاز

کیمپ 4 جولائی تک جاری، گزشتہ روز سکلز ڈویلپمنٹ کیمپ کا دوسرا مرحلہ اختتام پذیر

لاہور (این این آئی) نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں قومی کرکٹرز کے سکلز ڈویلپمنٹ کیمپ کا تیسرا مرحلہ شروع ہوگیا ہے۔ کیمپ کے تیسرے اور آخری مرحلے میں 17 کھلاڑی شرکت کر رہے ہیں، کیمپ 4 جولائی تک جاری رہے گا، گزشتہ روز سکلز ڈویلپمنٹ کیمپ کا دوسرا مرحلہ اختتام پذیر ہوا تھا۔ سکلز ڈویلپمنٹ کے کیمپ کے دوسرے مرحلے میں کھلاڑیوں نے بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ کی مشقیں کی تھیں۔ کھلاڑیوں میں عامر جمال، علی رضا، فخر زمان، حیدر علی، حسین طلعت، خواجہ نافع، مہران ممتاز، میر حمزہ، محمد فائق، محمد نواز، مبصر خان، محمد عرفان خان، سعود شکیل، شاہد عزیز اور یاسر خان شامل تھے۔



انگلینڈ، ومبلڈن ٹینس ٹورنامنٹ میں جیری لی ہیکا میچ کے دوران شاٹ کھیل رہے ہیں

ویسٹ انڈیز اور آسٹریلیا کی ٹیموں کے درمیان دوسرا ٹیسٹ میچ 3 جولائی سے شروع ہوگا

جمیکا (این این آئی) ویسٹ انڈیز اور آسٹریلیا کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا دوسرا میچ 3 جولائی سے نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم، سینٹ جارجز، گریناڈا میں شروع ہوگا۔ مہمان آسٹریلوی ٹیم کو میزبان ویسٹ انڈیز ٹیم کے خلاف تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہے۔ کینگروز نے کینسنگٹن اوول، برج ٹاؤن، بارباڈوس میں کھیلے گئے سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ میں ویسٹ انڈین ٹیم کو 159 رنز سے شکست دی تھی۔ آسٹریلیا کی مردوں کی قومی کرکٹ ٹیم ویسٹ انڈیز کے دورہ پر ہے جہاں وہ میزبان ٹیم کے خلاف 3 ٹیسٹ اور 5 ٹی ٹونٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا پہلا میچ کھیلا جا چکا ہے جو آسٹریلیا نے جیت لیا تھا۔ واضح رہے کہ ٹیسٹ سیریز کے دوران آسٹریلوی کرکٹ ٹیم کو مایہ ناز آل راؤنڈر پیٹ کمنز لیڈ کریں گے جبکہ میزبان ویسٹ انڈیز کی ٹیم کو ٹیسٹ سیریز میں روسٹن چیس لیڈ کریں گے۔

ایشین یوتھ گرلز نیٹ بال چیمپئن شپ، پاکستان گرلز ٹیم کی مسلسل چوتھی کامیابی، سیمی فائنل میں داخل

جوہانسبرگ (این این آئی) ایشین یوتھ گرلز نیٹ بال چیمپئن شپ میں پاکستان گرلز ٹیم نے مسلسل چوتھی کامیابی حاصل کر لی۔ ایشین یوتھ گرلز نیٹ بال چیمپئن شپ کے دوران پاکستانی ٹیم جاپان کو بھی شکست دے کر سیمی فائنل میں پہنچ گئی۔ پاکستان گرلز نیٹ بال ٹیم نے 39 کے مقابلے 79 گول سے کامیابی حاصل کی اور چاروں کوارٹرز میں برتری قائم رکھی۔ جنوبی کوریا میں جاری چیمپئن شپ میں یہ پاکستان گرلز ٹیم کی مسلسل چوتھی کامیابی ہے جس کے بعد اب پاکستان کل مالدیپ کے خلاف کھیلے گا۔ مزید برآں پاکستان پول بی میں 8 پوائنٹ کے ساتھ سرفہرست ہے۔

ومبلڈن ٹینس چیمپئن شپ کے آغاز سے قبل ریکارڈ کی پیشگوئی

یہ ریکارڈ کھلاڑیوں کی شاندار پرفارمنس کا نہیں بلکہ گرم موسم کا ہے

لندن (این این آئی) ومبلڈن ٹینس چیمپئن شپ کے شروع ہونے سے پہلے ہی ایک نئے ریکارڈ کی پیش گوئی کر دی گئی۔ ٹورنامنٹ شروع ہونے سے پہلے جس نئے ریکارڈ کی پیش گوئی کی گئی ہے وہ کھلاڑیوں کے لیے وبال بن گیا ہے کیوں کہ یہ ریکارڈ کھلاڑیوں کی شاندار پرفارمنس کا نہیں بلکہ گرم موسم کا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق لندن میں ومبلڈن کا آغاز گرم ترین دن سے ہوگا، درجہ حرارت 34 ڈگری تک جا سکتا ہے جو ومبلڈن کی تاریخ کا گرم ترین افتتاحی روز ہوگا۔ ایونٹ کے لیے انگلینڈ پہنچنے والے ٹینس اسٹارز گرمی سے پریشان اور پسینے سے شرابور ہوگئے۔ امکان ہے ومبلڈن ٹینس چیمپئن شپ کے دوران درجہ حرارت سابقہ ریکارڈ 35 اعشاریہ 7 سینٹی گریڈ سے بھی زیادہ ہو سکتا ہے۔ واضح رہے کہ ومبلڈن ٹینس چیمپئن شپ 30 جون سے 13 جولائی تک منعقد ہوگا۔



لاس اینجلس، وانکوور وائٹ کیپس اور لاس اینجلس کلب کے مابین فٹ بال میچ کا منظر

سعدیہ گل نے نیشنل جونیئر اینڈ ویمنز اسکواش چیمپئن شپ جیت لی

بوائز انڈر 15 میں حذیفہ شاہد، انڈر 13 میں راحیل وکٹر اور انڈر 9 میں آبان خان چیمپئن

کراچی (این این آئی) اسکواش کھلاڑی سعدیہ گل نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے نیشنل جونیئر اینڈ ویمنز اسکواش چیمپئن شپ ویمنز ٹائٹل جیت لیا۔ بوائز انڈر 15 میں حذیفہ شاہد، انڈر 13 میں راحیل وکٹر اور انڈر 9 میں آبان خان چیمپئن بن گئے۔ اختتامی تقریب کے مہمان خصوصی یو ایس قونصل جنرل اسکاٹ اربوم تھے، جنہوں نے مہمان اعزازی اسکواش لیجنڈ جہانگیر خان کے ہمراہ انعامات تقسیم کیے، اس موقع پر ٹورنامنٹ ڈائریکٹر عدنان اسد اور دیگر بھی موجود تھے۔ پی ایس اے جہانگیر خان اسکواش کمپلیکس پی ایس بی کراچی سینٹر پر سندھ اسکواش ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ 8 لاکھ روپے مالیت کی انعامی رقم کی حامل چیمپئن شپ میں گزشتہ روز تمام کیٹیگریز کے فائنلز کھیلے گئے۔ ویمنز کے فائنل میں سعدیہ گل نے دامیہ خان کو، بوائز انڈر 15 کے فائنل میں سندھ کے حذیفہ شاہد نے کے پی کے دانش سکندر کو، بوائز انڈر 13 کے فائنل میں ٹاپ سیڈ راحیل وکٹر نے فہد خان کو، بوائز انڈر 9 کے فائنل میں نمبر 2 سیڈ آبان خان نے ٹاپ سیڈ ایم بن نسیم کو شکست دی۔



بلاوایو، جنوبی افریقہ کے بلے باز ویان مولڈر زمبابوے کے خلاف ٹیسٹ میچ کے دوران شاٹ کھیل رہے ہیں

شاہین آفریدی نہ صرف ایک بہترین حریف ہیں بلکہ میرے قریبی دوست بھی ہیں، سیم بلنگز

لاہور (این این آئی) انگلش وکٹ کیپر بیٹر سیم بلنگز نے بگ بیش لیگ سیزن 15 میں پاکستانی فاسٹ بولر کا سامنا کرنے پر مسرت اور جوش کا اظہار کیا ہے۔ ٹورنامنٹ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے بلنگز نے شاہین شاہ آفریدی کی عالمی سطح پر شاندار کارکردگی کی تعریف کی اور اس بات کو سراہا کہ بی بی ایل جیسے مقابلے میں ایسے کھلاڑی کی موجودگی خود ٹورنامنٹ کے معیار کو بڑھاتی ہے۔ شاہین سے میدان میں ٹکرانے کیلئے پرجوش ہیں کیونکہ وہ ایک ورلڈ کلاس بولر ہیں جن کے خلاف کھیلنا ہمیشہ ایک چیلنج ہوتا ہے۔ شاہین آفریدی نہ صرف ایک بہترین حریف ہیں بلکہ وہ ان کے قریبی دوست بھی ہیں، اس لیے بی بی ایل میں ان کیخلاف مقابلے دلچسپ اور دوستانہ ماحول میں ہوں گے۔ سیم بلنگز نے حالیہ دنوں ایک پوڈ کاسٹ پر گفتگو کے دوران پاکستانی بیٹر بابر اعظم کی بھی تعریف کی۔ بلنگز نے انہیں "کنگ بابر اعظم" کہہ کر مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ کئی برسوں سے کرکٹ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں۔

دورۂ بنگلادیش کیلئے پاکستان کے اسکواڈ کا اعلان رواں ہفتے ہونے کا امکان

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلادیش کے لیے پاکستان ٹی ٹوئنٹی اسکواڈ کا اعلان رواں ہفتے ہونے کا امکان ہے۔ پاکستان نے بنگلادیش میں 3 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کھیلنی ہے، ذرائع کے مطابق اسکواڈ میں زیادہ تبدیلیوں کا امکان نہیں۔ دوسری جانب ویسٹ انڈیز کرکٹ بورڈ نے ون ڈے میچز کو ٹی ٹوئنٹی میچز میں تبدیل کرنے کی تجویز کا تاحال جواب نہیں دیا۔ ذرائع کے مطابق معاملات طے پانے کی صورت میں دورہ؟ بنگلادیش کے ساتھ ویسٹ انڈیز کے دورہ کے لیے بھی اسکواڈ کا اعلان کر دیا جائے گا۔ پاکستان ٹی ٹوئنٹی ٹیم کا کیمپ 7 جولائی سے کراچی میں شیڈول ہے۔

مہاراج نے ٹیسٹ کرکٹ میں جنوبی افریقا کیلئے نئی تاریخ رقم کردی

جنوبی افریقن سپنر نے 200 وکٹوں کا کارنامہ اپنے 59 ویں ٹیسٹ میں سرانجام دیا

بلاوائیو (این این آئی) جنوبی افریقی اسپنر کیشو مہاراج نے ٹیسٹ کرکٹ میں جنوبی افریقا کیلئے نئی تاریخ رقم کر دی۔ کیشو مہاراج نے گزشتہ روز زمبابوے کے خلاف پہلے ٹیسٹ میں جنوبی افریقا کیلئے 200 ٹیسٹ وکٹیں مکمل کیں۔ 35 سالہ مہاراج نے یہ سنگ میل زمبابوے کی پہلی اننگز کے 34 ویں اوور میں حاصل کیا، جب انہوں نے حریف کپتان کریگ ایروِن کو آؤٹ کیا۔ اس وکٹ کے ساتھ انہوں نے اپنے ملک کیلئے نئی تاریخ بھی رقم کی۔ کیشو مہاراج جنوبی افریقا کیلئے 200 ٹیسٹ وکٹیں حاصل کرنے والے پہلے اسپنر بن گئے۔ انہوں نے 200 وکٹوں کا کارنامہ اپنے 59 ویں ٹیسٹ میں سرانجام دیا۔ جنوبی افریقا کیلئے ٹیسٹ کرکٹ میں سب سے زیادہ وکٹیں لینے کا ریکارڈ سابق فاسٹ بولر ڈیل اسٹین کے پاس ہے جنہوں نے 93 میچز میں 439 وکٹیں لیں۔ واضح رہے کہ بلاوائیو ٹیسٹ پر جنوبی افریقا کی گرفت مضبوط ہوگئی ہے۔ مہمان ٹیم نے زمبابوے کے خلاف دوسری اننگز میں ایک وکٹ پر 49 رنز بنالیے اور اس کی مجموعی برتری 216 رنز ہوگئی۔ اس سے قبل ٹیسٹ کے دوسرے دن جنوبی افریقا کے 418 رنز کے جواب میں میزبان ٹیم پہلی اننگز میں 251 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی۔

جنوبی افریقا کی زمبابوے کیخلاف 216 رنز کی مجموعی برتری

ٹونی ڈیز ورزی 22 اور ویان مولڈر 25 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ ہیں

بلاوائیو (این این آئی) جنوبی افریقا نے زمبابوے کے خلاف دوسری اننگز میں 1 وکٹ پر 49 رنز بنالیے۔ بلاوائیو ٹیسٹ میں زمبابوے کیخلاف جنوبی افریقا کی مجموعی برتری 216 رنز ہوگئی۔ ٹونی ڈیز ورزی 22 اور ویان مولڈر 25 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ ہیں جبکہ میتھیو 1 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ اس سے قبل زمبابوے کی ٹیم پہلی اننگز میں 251 رنز بنا کر پویلین لوٹ گئی تھی، شان ولیمز نے 137 رنز کی اننگز کھیلی۔



ایری زونا، ملامی مارلنز اور ایری زونا ڈائمنڈ بیکس کے مابین بیس بال میچ جاری ہے




SHOWBIZ
شوبز

روزنامہ بولان حب بلوچستان — Daily BOLAN HUB Balochistan
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کبوہ
فون وفیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے

فلم بین ہر بار مختلف انداز کا سینما دیکھنے کا تقاضا کریں، عامر خان

فلم بین انوکھی کہانیوں کی حمایت کریں گے تو فلم ساز اور اسٹوڈیوز ویسا ہی کریں گے



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے اسٹار اداکار عامر خان نے کہا ہے کہ فلم بین ہر بار مختلف انداز کا سینما دیکھنے کا تقاضا کریں گے تو پردے پر نئی نئی کہانیاں سامنے آئیں گی۔ ایک انٹرویو میں عامر خان نے کہا کہ اگر لوگ صرف ایکشن فلم دیکھیں گے تو فلم ساز وہی بنائیں گے اور اگر وہ رومانوی فلم دیکھیں گے تو ویسی ہی فلمیں سینما کی زینت بنیں گی۔ انہوں کہا کہ اگر فلم بین ہر بار مختلف نوعیت کا سینما دیکھنا چاہیں گے اور انوکھی کہانیوں کی حمایت کریں گے تو فلم ساز اور اسٹوڈیوز ویسا ہی کریں گے۔ اسٹار اداکار نے مزید کہا کہ فلموں کے مداحوں کو اپنی پسندیدگی کا اظہار کرنا چاہیے، وہ بتائیں کہ ان کے دل کس نوعیت کی فلم دیکھنا چاہتے ہیں۔ بھارتی اخبار نے عامر خان کی حالیہ ریلیز ہونے والی فلم ستارے زمین پر کو دل چھونے والی کہانی قرار دیا ہے، جس نے تھیٹر میں ایک الگ ہی تجربہ تخلیق کیا۔ رپورٹ کے مطابق اجتماعی ہنسی، خاموش اور بہت کچھ فلم کا اثر بڑھاتا ہے، ستارے زمین پر اسکرین کو خوبصورت انداز میں روشن کرتے ہیں۔

حرامانی کی بولڈ ویڈیو شدید تنقید کی زد میں آگئی

وہ گلابی رنگ کا ٹریک سوٹ پہنے آئینے کے سامنے رقص کر رہی تھیں



کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ، ماڈل اور گلوکارہ حرامانی کی بولڈ ویڈیو شدید تنقید کی زد میں آگئی۔ حرامانی اپنی جاندار اداکاری اور زندہ دل شخصیت کے باعث ہمیشہ سے مداحوں کی توجہ کا مرکز رہی ہیں، ڈرامہ پریت نہ کریو کوئی سے اداکاری کی دنیا میں قدم رکھنے والی حرامانی ان دنوں جیو ٹی وی کے ڈرامہ ڈائن میں شباب کے کردار میں نظر آرہی ہیں، وہ سوشل میڈیا پر بھی خاصی متحرک رہتی ہیں اور اکثر اپنی روزمرہ زندگی کے لمحات مداحوں سے شیئر کرتی ہیں۔ حال ہی میں حرامانی کی ایک ویڈیو سامنے آئی ہے جس میں وہ گلابی رنگ کا ٹریک سوٹ پہنے آئینے کے سامنے رقص کر رہی تھیں، ویڈیو میں وہ خوشگوار موڈ میں دکھائی دے رہی ہیں اور خود کو فلمبند کر رہی ہیں، لیکن دوران رقص ان کی شرٹ کچھ لمحوں کے لیے اوپر اٹھ گئی، جسے سوشل میڈیا صارفین نے وارڈروب میلفنکشن قرار دے دیا۔

برطانیہ میں کنسرٹ کے دوران گلوکاروں نے فلسطین کی حمایت اور اسرائیل مخالف نعرے لگا دیئے

لندن (این این آئی) ریپ گانے والے Kneecap گروپ نے فلسطین کی حمایت میں اور گلوکار BobVylan نے مرگ بر اسرائیلی فوج کے نعرے لگائے۔ برطانیہ کے سالانہ موسیقی کے میلے گلاسٹنبری فیسٹیول میں گلوکاروں نے فلسطین کی حمایت اور اسرائیل مخالف نعرے لگائے۔ گلاسٹنبری فیسٹیول میں جاری کنسرٹ کے دوران آئرلینڈ کے ریپ گانے والے گروپ نی کیپ (Kneecap) نے کانسرٹ کے دوران فلسطین کو آزاد کرو کے نعرے لگا دیے۔ نی کیپ بینڈ کے رکن موشارا نے کہا ہے کہ وہ اپنی آمدنی میں کمی پر تیار ہے، مگر تاریخ کی درست سمت میں رہنا چاہتا ہے، ہم آواز بلند کریں گے تو فلسطین کے معاملے پر دوسرے میوزک گروپ بھی آواز بلند کریں گے۔ رپورٹ کے مطابق گلاسٹنبری فیسٹیول میں ہی ریپ گلوکار BobVylan نے بھی فلسطین کو آزاد کرو (freePalestine) اور مرگ بر اسرائیلی فوج (deathdeathIDF) کے نعرے لگائے۔

جنت مرزا اور سحر مرزا کی بغیر فلٹر ویڈیو نے سوشل میڈیا پر تہلکہ مچادیا

لاہور (این این آئی) ٹک ٹاکر جنت مرزا اور ان کی بہن سحر مرزا کی ایک حالیہ ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے جس میں دونوں بغیر کسی فلٹر اور پروفیشنل لائٹنگ کے نظر آرہی ہیں۔ اس وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ وہ مکمل میک اپ کے ساتھ موجود ہیں مگر فلٹرز یا ایڈیٹنگ کا سہارا نہیں لیا گیا تھا، جس کے باعث ان کا قدرتی چہرہ صارفین کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ ویڈیو وائرل ہونے کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے مختلف تبصرے سامنے آرہے ہیں۔ کسی نے کہا، یہ دیکھ کر مجھے لگ رہا ہے کہ میں تو بہت خوبصورت ہوں، جبکہ ایک صارف نے تبصرہ کیا، بس فلٹرز نہیں ہیں، ورنہ میک اپ تو مکمل ہے۔ ایک صارف نے کہا کہ میک تو مکمل کیا ہوا ہے مگر فلٹرز اور رنگ لائٹ نہ ہونے کی وجہ سے ان کی اصلی شکل سامنے آگئی ہے جو بہت عام ہے۔

دنیا چیونگم کی طرح چبا کر پھینک دے گی، ژالے سرحدی کی گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ژالے سرحدی کی آسان انداز میں دنیا کا سچ بتانے کی ویڈیو وائرل ہوگئی۔ ژالے سرحدی کا شمار ان اداکاراؤں میں ہوتا ہے جو سماجی مسائل پر اپنی رائے کا کھل کر اظہار کرتی ہیں اور ٹیلنٹ کیلئے جانی جاتی ہیں۔ حال ہی میں انہوں نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ سے ایک مزاحیہ ویڈیو پوسٹ کی جس میں انہیں سوشل میڈیا پر وائرل بھارتی مذہبی گرو المعروف 'گروجی' کی ممیکری کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ ژالے سرحدی اپنے ساتھ بیٹھی لڑکی سے پوچھتی ہیں کہ چیونگم کھانے کے بعد کیا کرتی ہو؟' اس پر لڑکی جواب دیتی ہے کہ میں چبا کر پھینک دیتی ہوں۔

جاوید شیخ کا نادیہ خان اور عمر عدیل کو منہ توڑ جواب

جن چینلز پر یہ ظاہر ہوتے ہیں، وہ اداکاروں کا مذاق اڑانے والے مواد سے چلتے اور کماتے ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستانی فلم اور ٹی وی انڈسٹری کے معتبر ترین اداکار، ہدایت کار اور پروڈیوسر جاوید شیخ نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں نادیہ خان اور عمر عدیل جیسے نقادوں کی غیر منصفانہ تنقید کا دنداں شکن جواب دیا ہے۔ وکی پیڈیا پوڈ کاسٹ میں انٹرویو دیتے ہوئے جاوید شیخ نے ان تمام نام نہاد نقادوں کو للکارا جو اپنے مفروضوں پر مبنی رائے سے پروجیکٹس کی کامیابی یا ناکامی کا فیصلہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ پوڈ کاسٹ کے میزبان کے سوال کے جواب میں جاوید شیخ نے واضح کیا کہ فیصل قریشی نے راجہ رانی میں کوئی میک اپ استعمال نہیں کیا، میں نے ان کے ساتھ کام کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تنقید برائے تنقید کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ عزت اور شہرت اللہ کی طرف سے ملتی ہے۔ اگر اللہ کسی کو دینا چاہے تو کوئی چھین نہیں سکتا۔ جاوید شیخ نے لاہور کے ایک ڈاکٹر کی مثال دیتے ہوئے بتایا کہ کس طرح اس نے لو گرو فلم، ماہرہ خان اور ہمایوں سعید کے خلاف زہر اگلا تھا، حتیٰ کہ عمر کے حوالے سے توہین آمیز تبصرے کیے تھے۔ لیکن اس کی غیر منصفانہ تنقید کا کیا نتیجہ نکلا؟ فلم نے 60 ملین سے زائد کمائی کر لی۔ بعد میں پتہ چلا کہ ڈاکٹر کو ڈائریکٹر سے ذاتی نفرت تھی۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ راجہ رانی فیصل قریشی کا پروجیکٹ ہے، نادیہ خان جو چاہے کہتی رہے۔ اصل نقاد تو ناظرین ہوتے ہیں۔ یہی لوگ کسی پروجیکٹ کو پاس یا فیل کراتے ہیں۔ جاوید شیخ نے کہا کہ یہ ٹی وی ریویو کرنے والے جو اداکاروں کا مذاق اڑاتے ہیں، ان کا کوئی حقیقی اثر نہیں ہوتا۔ حیرت کی بات یہ ہے کہ جن چینلز پر یہ ظاہر ہوتے ہیں، وہ انہی اداکاروں کا مذاق اڑانے والے مواد سے چلتے اور کماتے ہیں۔ جاوید شیخ جنہیں زندگی گلزار ہے، چیف صاحب، طیفا اِن ٹربل اور نامعلوم افراد جیسی کامیاب فلموں اور ڈراموں پر عوام کی بے پناہ محبت حاصل ہے، فی الحال اپنی نئی پروڈکشنز راجہ رانی اور میری تنہائی کے لیے بھی تعریفیں سمیٹ رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایک اچھا فنکار اپنے کام سے خود کو منواتا ہے، نہ کہ نقادوں کے تبصروں سے۔



فلم "نایاب" ایس سی او فلم فیسٹیول میں مقابلے کیلئے منتخب

فلم نایاب کو ورلڈ کانز فلم فیسٹیول میں بھی مئی 2024 میں دو ایوارڈز سے نوازا گیا تھا

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز کی اداکارہ یمنی زیدی اور اداکار اوسامہ خان کی فلم "نایاب" کو شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) فلم فیسٹیول 2025 میں باقاعدہ طور پر مقابلے کے لیے منتخب کر لیا گیا ہے۔ یہ فیسٹیول شنگھائی تعاون تنظیم کے آئندہ سربراہی اجلاس کا حصہ ہے، جو مختلف ممالک کے درمیان ثقافتی تبادلوں اور فلمی تعاون کو فروغ دینے کے لیے منعقد کیا جاتا ہے۔ فلم "نایاب" کو اس اعزاز کے ساتھ بین الاقوامی سطح پر نمائندگی کا موقع ملا ہے، جو پاکستانی سینما کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار دی جا رہی ہے۔ اس انتخاب کو پاکستانی فلم انڈسٹری کے معیار اور تخلیقی صلاحیتوں کا اعتراف سمجھا جا رہا ہے۔ یاد رہے کہ SCO فلم فیسٹیول میں رکن ممالک کی فلموں کو پیش کیا جاتا ہے، جہاں مختلف ثقافتوں کو اجاگر کرنے والی فلموں کے درمیان مقابلہ ہوتا ہے۔ اس پلیٹ فارم کے ذریعے پاکستانی فلمیں بین الاقوامی ناظرین تک رسائی حاصل کرتی ہیں اور عالمی سطح پر اپنی شناخت بناتی ہیں۔ یمنی زیدی کی یہ فلم اس سے قبل بھی کئی ایوارڈز اپنے نام کر چکی ہے۔ فلم نایاب کو فرانس میں ہونے والے ورلڈ کانز فلم فیسٹیول میں بھی مئی 2024 میں دو ایوارڈز سے نوازا گیا تھا۔ اس فلم کی کہانی کراچی سے تعلق رکھنے والی ایک نایاب نامی لڑکی کے گرد گھومتی ہے جس کا مرکزی کردار یمنی زیدی نے ادا کیا ہے جو کہ بچپن سے ہی کرکٹر بننا چاہتی تھیں لیکن خاندان اور سماجی مسائل کی وجہ سے اسے مشکلات درپیش آتی ہیں۔

پاکستانی گلوکار نے پاک چین دوستی کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے انوکھا انداز اپنایا

سڈنی (این این آئی) پاکستانی گلوکار نے پاک چین دوستی کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے انوکھا انداز اپنایا۔ پاکستانی نژاد آسٹریلوی شہری اور معروف گلوکار طارق نوید نے پاک چین دوستی کو ایک خوبصورت نغمے کی صورت میں خراج عقیدت پیش کیا۔ ان کا گانا نہ صرف چین کی دیوار چین پر فلمایا گیا ہے بلکہ اس کا ایک حصہ تاریخی شاہی قلعہ لاہور میں بھی شوٹ کیا گیا ہے۔ طارق نوید، جو جسٹن بیبر کے بعد دیوار چین پر گانا فلمانے والے پہلے گلوکار ہیں۔ اس سے پہلے بھی آئی سی سی ٹی 20 ورلڈ کپ 2022 کے دوران اپنا گیت مقبول کرا چکے ہیں۔ ان کے اس منفرد اقدام کو دونوں ممالک کے عوام کی دوستی اور محبت کی علامت قرار دیا جا رہا ہے۔ یہ نغمہ پاک چین تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور ثقافتی ہم آہنگی کو فروغ دینے کی ایک خوبصورت کوشش ہے جسے سوشل میڈیا پر بھی خوب سراہا جا رہا ہے۔

برطانوی یوٹیوبر ایئر پوڈز کی تلاش میں پاکستان پہنچ گیا

لاہور (این این آئی) برطانوی یوٹیوبر ایئر پوڈز کی تلاش میں پاکستان پہنچ گیا۔ میرے ایئر پوڈز ایک سال قبل گم گئے تھے جو اب پاکستان میں ہیں، کچھ ہفتے قبل سوشل میڈیا پر ایک چیز کا غلغلہ زوروں پر تھا اور وہ تھا ایک برطانوی یوٹیوبر کے چوری شدہ ایئر پوڈز کا پاکستان پہنچنا جسے لینے کیلئے انہوں نے یہاں آنے کا بھی اعلان کر دیا تھا۔ 29 مئی کو مائیکرو بلاگنگ پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ کر کے لارڈ مائیلز نے بتایا تھا کہ میرے ایئر پوڈز ایک سال قبل گم گئے تھے جو اب پاکستان میں ہیں، اور اندازہ لگائے کہ اپنی چیز واپس لینے کون اگلے ہفتے جا رہا ہے۔ ایک اور پوسٹ میں یوٹیوبر نے بتایا تھا کہ یہ ایپل ایئر پوڈز دبئی میں ہوٹل سے چوری ہو گئے تھے جو پاکستان پہنچ گئے ہیں۔ لارڈ مائلز نے اپنے ایپل کے ایئر پوڈز گم ہونے کے بعد فائنڈ مائی فیچر کے ذریعے یہ پتا لگایا کہ ان کے ایئر پوڈز جہلم میں موجود ہیں۔

میں نے اپنے بچوں کو سخت دباؤ میں رکھا، نوازالدین صدیقی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے اسٹار اداکار نوازالدین صدیقی نے بچوں کے ساتھ سختی برتنے کا اعتراف کیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق نوازالدین صدیقی کی صاحبزادی شورا نے بھی اداکاری کی دنیا میں سفر کا آغاز کر دیا ہے۔ اپنی صلاحیتوں اور غیر معمولی اداکاری کے بدولت انڈسٹری میں پہنچان بنانے والے نوازالدین صدیقی نے تازہ انٹرویو میں بتایا کہ میں نے اپنے بچوں کو سخت دباؤ میں رکھا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے بچوں کی شروع سے ہی حوصلہ افزائی کی اور ساتھ اس بات پر نظر رکھی کہ وہ کیا دیکھ رہے ہیں، دراصل بے مقصدیت پر مبنی مواد ہر جگہ موجود ہے، نظر صرف اس لیے رکھی کہیں وہ بے معنی چیزوں میں گم نہ ہو جائیں۔

شیفالی جری والا کی آخری ایکس پوسٹ نے ہلچل مچادی

اداکارہ کے اچانک انتقال کی خبر نے فلم اور ٹیلی ویژن انڈسٹری کو ہلا کر رکھ دیا



ممبئی (این این آئی) کانٹا لگا گرل شیفالی جری والا پراسرار طور پر چل بسیں، اب ان کی آخری ایکس پوسٹ کے حوالے سے چہ میگوئیاں ہو رہی ہیں جو ان کے آنجہانی دوست سدھارتھ شکلا کے بارے میں تھی۔ اداکارہ شیفالی جری والا کے اچانک انتقال کی خبر نے فلم اور ٹیلی ویژن انڈسٹری کو ہلا کر رکھ دیا ہے، اداکارہ 2002 کے مشہور زمانہ میوزک ویڈیو کانٹا لگا میں کام کرنے کی وجہ سے سب سے زیادہ جانی جاتی ہیں، موت کے وقت وہ صرف 42 سال کی تھیں۔ اگرچہ یہ خبریں گردش کر رہی ہیں کہ شیفالی کی موت دل کا دورہ پڑنے سے ہوئی، تاہم حکام کی جانب سے موت کی سرکاری وجہ ابھی تک بیان نہیں کی گئی ہے۔ ایک بیان میں ممبئی پولیس نے بتایا ہے کہ ہمیں اس بارے میں رات 1 بجے اطلاع ملی، شیفالی کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے کو پر اسپتال بھیج دی گئی ہے، شیفالی کی موت کی وجہ ابھی تک واضح نہیں ہے۔ تاہم اگر شیفالی کے دل کا دورہ پڑنے سے موت کی خبریں سچ ہیں، تو یہ بات ان کی آخری ایکس پوسٹ کو اور بھی زیادہ چونکا دینے والا بنا دیتی ہے۔ شیفالی کچھ عرصے سے ایکس پر غیر فعال تھیں اور ان کی آخری پوسٹ 2 ستمبر 2024 کو کی گئی تھی، یہ تاریخ 2021 میں سدھارتھ شکلا کی تیسری برسی کی تھی، جن کی موت 40 سال کی عمر میں دل کا دورہ پڑنے سے ہوئی تھی۔ اس پوسٹ میں صرف شیفالی اور سدھارتھ کی بگ باس 13 ہاؤس کی ایک تصویر ہے جس میں وہ گرمجوشی سے ایک دوسرے کو گلے لگائے ہوئے ہیں۔ اس پوسٹ کے کیپشن میں لکھا تھا کہ آج تمہیں یاد کر رہی ہوں میرے دوست سدھارتھ شکلا۔ اس سیزن میں سدھارتھ نے ٹرافی جیتی تھی، جبکہ شیفالی نے وائلڈ کارڈ مدِ مقابل کے طور پر اپنی پہچان بنائی تھی۔

عروہ حسین کا گلگتی انداز توجہ کا مرکز بن گیا

چند روز قبل عروہ اور فرحان نے ایک فیملی فوٹو شیئر کی تھی جو سب کی توجہ کا مرکز بن گئی



کوئٹہ (این این آئی) پاکستانی اداکارہ عروہ حسین کا بلوچستان کے سیر سپاٹے کرتے ہوئے گلگتی انداز اپنانا فینز کی تعریفوں کا مرکز بن گیا۔ میری لاڈلی، نیلی زندہ ہے، اڈاری اور میری شہزادی جیسے ڈراموں میں بہترین اداکاری کے جوہر دکھانے والی اداکارہ عروہ حسین کی ایک وجہ شہرت معروف گلوکار فرحان سعید بھی ہیں جو انکے شوہر ہیں۔ عروہ حسین اور فرحان سعید نے سال 2016 میں شادی کی اور 3 جنوری 2024 کو اسٹار جوڑی کے ہاں بیٹی کی پیدائش ہوئی۔ عروہ حسین ان دنوں اپنی بیٹی کے ساتھ وقت گزارنے اور اس کی پرورش کرنے میں مصروف ہیں جسکی وجہ سے ٹی وی اسکرینز سے دور ہوگئی ہیں لیکن سوشل میڈیا پر متحرک رہتی ہیں۔ اسٹار جوڑی پاکستان میں مون سون کے موسم سے لطف اندوز ہونے شمالی علاقہ جات کی سیر کو گئے ہوئے ہیں اور اس ٹرپ پر انکے ساتھ انکی ننھی پری جہاں آرا بھی ہے۔ چند روز قبل عروہ اور فرحان نے ایک فیملی فوٹو شیئر کی تھی جو سب کی توجہ کا مرکز بن گئی کیونکہ اس تصویر میں عروہ، فرحان اور جہاں آرا وادی اسکردو کے حسن میں گم نظر آئے۔

بقیہ نمبر 1

من کی کوششوں کو سبوتاژ کرنے والے طاقتور عناصر ہمیشہ موجود ہیں، سعودی عرب مزید پاکستانی فوج بھیجنے کا فیصلہ حالات اور دونوں ممالک کی سیاسی قیادت کے فیصلے سے مشروط ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ کولیکٹو ڈیٹرنس اور علاقائی امن کا مشترکہ وژن رکھنے والے ممالک (مکہ مشترکہ دفاعی) اتحاد میں شامل ہو سکتے ہیں، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے میں نئے ممالک کی شمولیت کا فیصلہ تینوں ممالک کی سیاسی قیادت نے کرنا ہے، پاکستان سعودی عرب اور مقدس مقامات مکہ ومدینہ کے دفاع کے لیے پرعزم ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ یمن کا تنازع یمن کا اندرونی معاملہ ہے، پاکستان اس تنازع کا حصہ نہیں بلکہ سعودی عرب اور حرمین شریفین کے تحفظ کے لئے موجود ہے، خیبر پختونخوا میں بڑے آپریشنز نہیں بلکہ انسدادِ دہشت گردی کے لیے انٹیلی جنس کی بنیاد پر کارروائیاں (IBOs) مزید تیز کی جائیں گی

بقیہ نمبر 2

تنویر حسین نے کہا ہے کہ کے پی میں گورنر راج 2 سے 6 ماہ تک رہ سکتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا تنویر حسین نے کہا کہ اگر ریاست اور اداروں پر چڑھائی کی جائے گی تو معاملات خراب ہوں گے، پی ٹی آئی کے دھرنوں نے ماضی میں ملک کو نقصان پہنچایا، اب دھرنوں کی سیاست کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کا اپنے ہی اداروں کے خلاف چڑھائی ملک دشمنی کے مترادف ہے، وہ ایک زیرک سیاستدان ہیں تاہم انہیں بھی اس حد تک نہیں جانا چاہیے تھا، امید ہے کہ جلد معاملات بہتر ہو جائیں گے۔

بقیہ نمبر 3

میڈیا پروٹیکشن اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (SMPRA) کا چیئرپرسن مقرر کر دیا۔ وفاقی وزارت داخلہ کے نوٹیفکیشن کے مطابق اظفر علی ناصر کی تعیناتی 5 برس کے لئے کی گئی ہے۔ چیئرمین ایس ایم پی آر اے کی تقرری پریونشن آف الیکٹرانک کرائمز ایکٹ 2025 کے تحت کی گئی۔ سید اظفر علی پنجاب میں نگران حکومت کے وزیر بھی رہ چکے ہیں۔

بقیہ نمبر 4

بھی سوچتا ہوں کہ تھک گیا ہوں تاہم پرسوں مولانا سے اسمبلی میں ملاقات ہوئی تو محسوس ہوا کہ مجھ میں تھوڑا دم خم ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا کہ 1991 میں سیاست میں قدم رکھا، 36 سال سے ملک کی خدمت کر رہا ہوں، سیالکوٹ شہر میری پہچان ہے، اس کے عوام کی بہتری میری ذمے داری ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ سیاسی زندگی میں بہت سے نشیب وفراز دیکھے، مشرف دور میں اٹک قلعے میں قید رہا، 4 دفعہ جیل کاٹی 2020 میں پی ٹی آئی کے دور میں نیب کی قید میں 6 ماہ رہا، مجھے قید کرنے والے یہ بھی نہ بتا سکے کہ میرے خلاف چارج کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی حکومتیں جب کسی کو پکڑنا چاہتی ہیں تو پہلے پکڑتی ہیں پھر سوچتی ہیں کہ چارج کیا لگانا ہے، انتقامی سیاست کبھی بھی ملک کے مفاد میں نہیں۔ وزیر دفاع نے کہا کہ ہم نے خود سے 5 گنا بڑے دشمن کو شکست دی، جنگیں پہلی بھی ہوئیں لیکن کوئی نہ کوئی ابہام رہ جاتا تھا، یہ پہلی جنگ تھی بھارت کے ساتھ جس میں کوئی ابہام نہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ بھارت نے خود تسلیم کیا، اس کی فوج نے تسلیم کیا، یہ پاکستان کے لیے بہت بڑا اعزاز ہے، افواج پاکستان کئی سال سے دہشت گردی کے خلاف جنگ لڑ رہی ہیں۔ مسلم لیگ (ن) کے رہنما نے کہا کہ میں نے اسمبلی میں کہا کہ اپنا نصاب درست کریں، ایک دلچسپ بات بتاتا ہوں، کوئی تعلیم کی وزارت نہیں لیتا، کہتے ہیں اس میں کیا رکھا ہے اس میں ٹور نہیں۔ خواجہ آصف نے کہا کہ پڑھے لکھے اور ہنرمند نوجوان ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں، نوجوان پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہیں، وقت کے ساتھ ساتھ تعلیمی شعبے میں ارتقا ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 5

کستانیوں کو قتل کر رہے ہیں، کسی بھی محرومی یا سیاسی اختلاف کو تشدد کا جواز نہیں بنایا جا سکتا۔ بلوچستان کے مسائل کا حل بندوق نہیں بلکہ تعلیم، مکالمے، سیاسی عمل اور جمہوری رویوں میں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو لاہور میں یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) کے کانووکیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ ہماری وفاداری غیر مشروط ہے اور بلوچستان کے عوام بھی اس ملک کے برابر کے شہری ہیں۔ صوبے کے حقیقی مسائل، احساس محرومی اور ترقیاتی ضروریات کو سمجھنا ضروری ہے، تاہم ان مسائل کو بنیاد بنا کر علیحدگی پسند تشدد کی حمایت یا اس کا جواز پیش کرنا کسی صورت درست نہیں۔ بعض حلقے کبھی پسماندگی، کبھی محرومی اور کبھی دیگر مسائل کو مسلح تشدد سے جوڑ کر ایک ایسا بیانیہ تشکیل دیتے ہیں جس سے حقائق دھندلا جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے حالات پر گفتگو کرنے والے مبصرین اور تجزیہ کاروں کی ذمہ داری ہے کہ وہ حقائق کی بنیاد پر بات کریں اور تشدد کو کسی بھی صورت قابل قبول بنانے کی کوشش نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کو درپیش دوسرا بڑا چیلنج مسلح تشدد ہے، جہاں دہشت گرد مسلح جتھوں کی صورت میں لوگوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، معصوم شہریوں کو قتل کر رہے ہیں اور صوبے کے بنیادی ڈھانچے کو تباہ کر رہے ہیں۔ دہشت گردی صرف انسانی جانوں کا نقصان نہیں بلکہ بلوچستان کی ترقی، معاشی سرگرمیوں، تعلیم اور عوام کے بہتر مستقبل کی راہ میں بھی رکاوٹ ہے۔ اختلاف رائے اور سیاسی مطالبات کا حق ہر شہری کو حاصل ہے، لیکن بندوق کے ذریعے اپنی سوچ دوسروں پر مسلط کرنا کسی طور قابل قبول نہیں ہو سکتا۔ وزیر اعلیٰ نے تیسرے چیلنج کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ سوشل میڈیا کے ذریعے بالخصوص نوجوان نسل کو گمراہ کن معلومات اور منفی پروپیگنڈے کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ نوجوانوں کو یہ شعور دینا ہوگا کہ وہ ہر خبر، دعوے اور بیانیے کو تحقیق اور حقائق کی کسوٹی پر پرکھیں۔ جامعات اور تعلیمی اداروں کا کردار صرف ڈگریاں فراہم کرنا نہیں بلکہ ایسے باشعور، ذمہ دار اور تنقیدی سوچ رکھنے والے شہری تیار کرنا بھی ہے جو معاشرے میں مثبت کردار ادا کر سکیں۔ میر سرفراز بگٹی نے یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی کی جانب سے بلوچستان کے طلبہ کو فراہم کی جانے والی اسکالرشپس کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہیں یہ جان کر خوشی ہوئی ہے کہ یو ایم ٹی نے بلوچستان کے نوجوانوں کو اعلیٰ تعلیم کے مواقع فراہم کیے ہیں۔ پنجاب حکومت کی جانب سے سالانہ ایک ارب روپے بلوچستان میں تعلیم کے فروغ کے لیے فراہم کرنا بین الصوبائی تعاون اور قومی یکجہتی کی ایک قابل قدر مثال ہے۔ ایسے اقدامات سے نہ صرف بلوچستان کے طلبہ کو آگے بڑھنے کے مواقع ملتے ہیں بلکہ صوبوں کے درمیان اعتماد اور باہمی تعلقات بھی مضبوط ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اپنے 80 فیصد سے زائد طلبہ کو 80 فیصد اسکالرشپ پر تعلیم فراہم کرنے کی کوشش کر رہی ہے تاکہ مالی وسائل کی کمی کسی بھی باصلاحیت نوجوان کی اعلیٰ تعلیم کے حصول میں رکاوٹ نہ بنے۔ ہماری کوشش ہے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو معیاری تعلیم، جدید مہارتوں اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں۔ نوجوانوں کی تعلیم پر سرمایہ کاری درحقیقت بلوچستان اور پاکستان کے روشن مستقبل پر سرمایہ کاری ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت ہیں اور انہیں مناسب مواقع، رہنمائی اور تعلیمی سہولیات فراہم کر کے قومی ترقی کے دھارے میں مؤثر کردار دیا جا سکتا ہے۔ تعلیم ہی وہ راستہ ہے جو نوجوانوں کو انتہا پسندی، تشدد اور گمراہ کن نظریات سے دور رکھتے ہوئے انہیں علم، شعور اور مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرتا ہے۔ ہمیں اپنی نوجوان نسل کو مایوسی اور منفی پروپیگنڈے کے بجائے امید، محنت اور ترقی کا راستہ دکھانا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کانووکیشن میں فارغ التحصیل طلبہ، ان کے والدین اور اساتذہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ گریجویشن کسی سفر کا اختتام نہیں بلکہ عملی زندگی کے ایک نئے اور اہم مرحلے کا آغاز ہے۔ آج طلبہ ایک نئی دنیا میں قدم رکھ رہے ہیں جہاں کامیابی کے لیے مسلسل محنت، دیانت داری اور مستقل مزاجی بنیادی اہمیت رکھتی ہے۔ انہوں نے فارغ التحصیل نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی صلاحیتوں کو نکھاریں، بلند اہداف مقرر کریں اور اپنی تعلیم ومہارت کو ملک وقوم کی خدمت کے لیے استعمال کریں۔ میر سرفراز بگٹی نے یونیورسٹی انتظامیہ، فیکلٹی اور منتظمین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ کانووکیشن میں شرکت ان کے لیے باعث اعزاز ہے۔ انہوں نے تمام فارغ التحصیل طلبہ کے روشن مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور کہا کہ محنت اور دیانت داری کو اپنا شعار بنا کر نوجوان زندگی کے ہر شعبے میں کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 6

مرحلے میں داخل ہو چکی ہے، جہاں رابطہ سازی، تجارتی سہولت کاری، لاجسٹکس، صنعتی ترقی اور پائیدار اقتصادی نمو کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی تجارت تیزی سے تبدیل ہو رہی ہے، جہاں ڈیجیٹلائزیشن، اسمارٹ لاجسٹکس، مضبوط سپلائی چینز، گرین شپنگ اور ملٹی موڈل ٹرانسپورٹ مستقبل کی تجارت کا رخ متعین کر رہے ہیں۔ ان چیلنجز سے نمٹنے اور نئے مواقع سے فائدہ اٹھانے کے لیے علاقائی تعاون اور جدید حکمت عملی ناگزیر ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کا منفرد جغرافیائی محل وقوع اسے علاقائی اور بین الاقوامی تجارت کے لیے قدرتی گیٹ وے بناتا ہے۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ، پورٹ قاسم اتھارٹی، گوادر پورٹ اتھارٹی اور پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن سمیت ملکی بحری ادارے پاکستان کو جدید میری ٹائم، لاجسٹکس اور صنعتی مرکز بنانے کے وژن پر عمل کر رہے ہیں، جس سے نہ صرف پاکستان بلکہ پورا خطہ مستفید ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ریجنل ٹرانزٹ ٹریڈ ہب کا تصور پاکستان کی قومی اقتصادی ترجیحات سے مکمل مطابقت رکھتا ہے اور اس کے تحت بندرگاہوں کی جدید کاری، ملٹی موڈل ٹرانسپورٹ کوریڈورز، لاجسٹکس پارکس، صنعتی انفراسٹرکچر، بحری خدمات، ڈیجیٹل تجارتی سہولت کاری اور ویلیو ایڈڈ لاجسٹکس پلیٹ فارمز میں مشترکہ سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ محمد جنید انوار چوہدری نے کہا کہ چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) کا فلیگ شپ منصوبہ گوادر پورٹ بندرگاہی آپریشنز، لاجسٹکس، ویئر ہاؤسنگ، فری زون ڈویلپمنٹ اور بحری صنعتوں میں سرمایہ کاری کے غیر معمولی امکانات فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے چینی کمپنیوں کو ان منصوبوں میں بھرپور شرکت کی دعوت دیتے ہوئے یقین دلایا کہ حکومت سرمایہ کاروں کو شفاف، سازگار اور کاروبار دوست ماحول فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے تاکہ دونوں ممالک کے لیے طویل المدتی اور باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری کو فروغ دیا جا سکے۔ وفاقی وزیر نے اس موقع پر جیانگ ٹون لینڈ انٹرنیشنل ہولڈنگز کا بھی شکریہ ادا کیا، جنہوں نے علاقائی روابط اور اقتصادی تعاون کے فروغ کے لیے حکومتی اور کاروباری رہنماؤں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان اور چین کی غیر معمولی دوستی کو مزید مستحکم کرتے ہوئے تجارت، سرمایہ کاری اور علاقائی روابط کے فروغ کے ذریعے دونوں ممالک کے عوام کے لیے ایک زیادہ مربوط، مستحکم اور خوشحال مستقبل کی بنیاد رکھی جائے گی

بقیہ نمبر 7

6 سے امیدوار راجہ صدیق سے ملاقات کی۔ مختلف برادریوں اور عمائدین علاقہ نے مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں کی حمایت کا اعلان کیا اور اس موقع پر وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے کارنر میٹنگز سے بھی خطاب کیا

بقیہ نمبر 8

تر اقتصادی شراکت داری سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں ممالک نے ادارہ جاتی روابط کو مزید مستحکم بنانے اور اعلیٰ سطح کے رابطوں کے باقاعدہ تبادلے کے ذریعے دوطرفہ تعاون کو مزید مؤثر اور منظم بنانے پر اتفاق کیا۔ فریقین نے باہمی دلچسپی کے امور پر کثیر جہتی فورمز میں قریبی رابطے اور تعاون جاری رکھنے کے اپنے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ کویت کے وزیر خارجہ نے حکومت پاکستان اور پاکستانی عوام کی جانب سے کویتی وفد کے لیے پرتپاک استقبال اور پرخلوص مہمان نوازی پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کووڈ19 وباء کے دوران کویت کی حمایت پر پاکستان کو خراج تحسین پیش کیا۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ نے کویت کے ساتھ پاکستان کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کیلئے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے اس خواہش کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک باہمی مفاد پر مبنی شراکت داری کو تمام شعبوں میں مزید وسعت دیں۔ فریقین نے مشرق وسطیٰ اور فلسطین کی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ کویت کے وزیر خارجہ نے خطے میں امن واستحکام کے فروغ کیلئے پاکستان کے تعمیری کردار کو بھی سراہا

بقیہ نمبر 9

ہے ان کی قربانیوں کی بدولت آج ہم سکون کی سانس لے رہے ہیں ایف ڈبلیو او کے ذریعے بلوچستان کے مختلف اضلاع میں میگا پروجیکٹ پر معیاری کام کیا جا رہا ہے ایسے ادارے کے خلاف بات کرنا سمجھ سے بالاتر ہے، پہاڑوں پر جانے والے قومی دائرے میں آئیں انہیں باعزت روزگار فراہم کیا جائے گا، ساکران، گڈانی، حب اور وندر کو 6 ماہ کے اندر تعمیر وترقی اور خوشحالی کے ساتھ نقشہ تبدیل ہو جائے گا، ماسٹر پلان کے لیے صوبائی حکومت نے 6 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں جبکہ اب تک صرف ڈیڑھ ارب روپے جاری کیے گئے ہیں، حکومت ہماری ضرور ہے مگر ہمیں اپوزیشن جیسی پوزیشن میں رکھا گیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کے روز حب کے نواحی علاقے حسن پیر گوٹھ عطا محمد میں ایک عظیم الشان شمولیتی جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حب کے صدر شریف پالاری، ضلعی جنرل سیکریٹری میر علی اکبر زہری، پیپلز پارٹی تحصیل حب کے صدر رباب گسی، جنرل سیکریٹری میر علی اصغر زہری، جمیل احمد باریجہ، وڈیرہ جان شیر بلوچ، علی گوہر خان گسی، میر علی نواز زہری، الٰہی بخش، رزاق لاسی، رفیق سیاپاد، مشتاق گلاب زاہد اللہ خان صافی، کونسلر اقبال گسی، کونسلر ڈاکٹر شیر جان بلوچ، کونسلر نواز دودا، کونسلر میر بشیر گسی، گل محمد پلال، کونسلر رباب محمد حسنی، کونسلر اسماعیل رند، سلیم رمضان رند، سفر خان رخشانی، چیئرمین یونین کونسل حسن پیر عزیز گرگناڑی، عزیز مینگل وریام زہری، میر جان زہری، یوسف کیازئی سمیت حاجی عطا محمد مینگل گوٹھ، غلام رسول بٹھانزئی گوٹھ، لعل محمد گوٹھ، خدا بخش گوٹھ اور میر مری گوٹھ کے سینکڑوں افراد نے شرکت کی شمولیتی تقریب سے میر علی حسن زہری نے کہا کہ ضلع حب کے عوام کی فلاح وبہبود اور علاقے کی تعمیر وترقی کے لئے ہمہ وقت بھاگ دوڑ میں لگا ہوا ہوں انشاء اللہ صدر پاکستان آصف علی زرداری کی قیادت اور فیلڈ مارشل حافظ عاصم منیر کی عوام دوست اور ترقی پسند پالیسی کے تحت ضلع حب کے تمام بنیادی مسائل حل کیے جائیں گے تعلیم، صحت، پینے کے پانی کی فراہمی سمیت دیگر مسائل کو اپنے قائدین کی قیادت اور رہنمائی کے ذریعے حل کریں گے، تعلیم کے فروغ کے لئے 5 ارب روپے کی لاگت سے ساکران میں کیڈٹ کالج بنایا جا رہا ہے مگر اس کی تعمیر کے لئے صوبائی حکومت نے 2 کروڑ روپے جاری کیے گئے ہیں اسی طرح ماسٹر پلان کے لیے 6 ارب روپے مختص کیے گئے تھے جبکہ صوبائی حکومت نے ڈیڑھ ارب روپے جاری کیے ہیں اس سے لگتا ہے کہ حکومت ہماری ضرور ہے مگر ہمیں اپوزیشن جیسی پوزیشن میں رکھا گیا ہے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کراچی شاہراہ کی تعمیر سمیت مختلف منصوبوں میں فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن (ایف ڈبلیو او) اہم کردار ادا کر رہا ہے تعمیراتی کاموں کے دوران اہلکاروں کی شہادتیں بھی ہوئی ہیں اور ان کی مشینری کو نظر آتش بھی کیا گیا اس لئے ایف ڈبلیو او کی ادارے کی کارکردگی اور قربانیوں کو مدنظر رکھنا چاہیے انہوں نے کہا کہ ایف ڈبلیو او نے مختلف منصوبوں میں معیاری کام کیا ہے اور مند کے علاقے کی سڑک سمیت دیگر منصوبوں میں بھی اس کی کارکردگی کو دیکھا جا سکتا ہے ان کے مطابق تعمیراتی کاموں کے دوران پیش آنے والی مشکلات کے باوجود ادارے کی خدمات کو سراہا جانا چاہیے، میر علی حسن زہری نے پہاڑوں پر جانے والے کو قومی دائرے میں شامل ہونے کی دعوت دی اور کہا کہ وہ ریاست کے سامنے سلینڈر کریں تو انہیں باعزت روزگار فراہم کیا جائے اور ان کے بچوں معیاری تعلیم، صحت کی سہولیات سمیت دیگر بنیادی مسائل حل کیے جائیں گے انہوں نے کہا کہ اس وقت وفاقی اداروں میں سینکڑوں نوکریاں آئی ہوئی ہیں جن کے اشتہارات اخبارات میں شائع ہو رہے ہیں لہٰذا ضلع حب کے نوجوان اپنے کاغذات جمع کرائیں تاکہ انہیں وفاقی اداروں میں ملازمتیں فراہم کی جا سکیں میر علی حسن زہری نے کہا کہ تعلیم کے شعبے میں انقلابی اقدامات کیے جا رہے ہیں 120 اسکولوں کی مرمت کی جا چکی ہے، ساکران میں کیڈٹ کالج کی تعمیر جاری ہے جبکہ 26 نئے اسکول تعمیر کرنے کے منصوبے پر کام ہو رہا ہے اس کے علاوہ تعلیمی اداروں میں سولر سسٹم کی فراہمی اور دیگر سہولیات کی بہتری پر بھی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ علاقے کے بچوں اور بچیوں کو معیاری تعلیم کے بہتر مواقع میسر آ سکیں شمولیتی تقریب سے انجینئر سعید مینگل، احمد خان جمالی، ایم کریم مری، کونسلر عثمان کوہ بلوچ اور غلام محمد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میر علی حسن زہری کی قیادت ورہنمائی میں انشاء اللہ ضلع حب پاکستان پیپلز پارٹی کا گڑھ بن جائے گا آج ضلع حب کی سرزمین بھی گواہی دے رہی ہے کہ حب کے کونے کونے میں تعمیر وترقی اور عوامی خوشحالی کے کام زور وشور سے جاری ہیں انہوں نے کہا کہ ساکران بھوتانی برادران کا گڑھ تھا مگر آج میر علی حسن زہری کے جیالوں کا گڑھ بن چکا ہے انہوں نے کہا کہ میر علی حسن زہری عوام کے درمیان رہتے ہوئے ان کے مسائل کو حل کر رہے ہیں اس وقت ضلع حب میں تعلیم، صحت، پینے کے پانی کی فراہمی، روزگار کی فراہمی، سڑکوں کی تعمیر، سیوریج لائنوں کی بچھائی، سولر سسٹم کی فراہمی سمیت دیگر بنیادی مسائل عوام کی دہلیز پر حل کیے جا رہے ہیں اس موقع پر فتح محمد، ولی محمد، شاہ علی، وڈیرہ صوالی، وڈیرہ الٰہی بخش، فتح محمد مری، محمد وسلیمان مری، وزیر خان مری، سعید خان مری، الٰہی بخش مری، دوست محمد مری، قربان مری، صالح محمد مری، عثمان مری، اسماعیل مری، گہور خان مری، فتح محمد مینگل، شیر محمد، جان محمد، عبدالجبار، عبدالرحمٰن، گہرام خان چانڈیو، نذیر چانڈیو، ولی محمد، فقیر محمد، عبدالعزیز مینگل، لال بخش، باقی رند سمیت سینکڑوں افراد نے پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی نائب صدر میر علی حسن زہری کی قیادت ورہنمائی میں پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا

بقیہ نمبر 10

ب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان اپنی منفرد ثقافت، شاندار روایات اور قدرتی حسن کے باعث پاکستان کا ایک قیمتی اثاثہ ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ حالیہ انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے گلگت بلتستان کے عوام نے اسے سب سے بڑی جماعت کے طور پر منتخب کیا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی قیادت میں قائم اتحادی حکومت عوامی اعتماد کو خدمت، ترقی اور خوشحالی کے عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے زور دیا کہ گلگت بلتستان کے عوام کو جمہوری، آئینی اور بنیادی حقوق کی فراہمی، بااختیار بنانے اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے کے نوجوانوں کے لیے تعلیم اور روزگار کے مواقع، بہتر صحت کی سہولیات اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی حکومت کی ترجیحات میں شامل ہونی چاہیے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان پیپلز پارٹی گلگت بلتستان کے عوام کی امنگوں کی ترجمانی اور ان کے جائز حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی

بقیہ نمبر 11

ہے۔ ایک انٹرویو میں محمد علی نے کہا کہ ابتدائی مرحلے میں اسلام آباد، فیصل آباد اور گوجرانوالہ کی بجلی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری پر کام جاری ہے اور ان اداروں کی تفصیلی جانچ پڑتال (ڈیو ڈیلیجنس) کا عمل شروع ہو چکا ہے، سرمایہ کاروں کی جانب سے مزید وقت طلب کیے جانے کے باعث بولی کا عمل تاخیر کا شکار ہو سکتا ہے تاہم کوشش ہے کہ آئندہ سال کی پہلی سہ ماہی میں ان تینوں کمپنیوں کی نجکاری کا عمل مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد اور سکھر کی ڈسکوز پر بھی کام شروع کر دیا گیا ہے، جبکہ لاہور، ملتان، پشاور اور ہزارہ کی بجلی تقسیم کار کمپنیوں کے لیے بھی پیش رفت کی جا رہی ہے، منصوبے کے مطابق 2027ء کی دوسری سہ ماہی میں حیدرآباد اور سکھر جبکہ سال کے دوسرے نصف حصے میں دیگر کمپنیوں کی نجکاری کے حوالے سے پیش رفت متوقع ہے۔ محمد علی نے کہا کہ پاکستان کی برآمدات طویل عرصے سے تقریباً 30 ارب ڈالر کے آس پاس ہیں، جس کی ایک بڑی وجہ پیداواری لاگت میں اضافہ ہے، جب تک توانائی کی قیمتیں کم نہیں ہوں گی، پاکستانی صنعتیں عالمی منڈی میں مؤثر مقابلہ نہیں کر سکیں گی اور معیشت کی مطلوبہ ترقی ممکن نہیں ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کے شعبے میں اصلاحات نہ ہونے کی صورت میں صارفین گرڈ سے بجلی خریدنا چھوڑ سکتے ہیں، کیونکہ لوگ سستے متبادل ذرائع، خصوصاً سولر اور بیٹری اسٹوریج کی جانب منتقل ہو رہے ہیں۔ اس لیے ضروری ہے کہ قومی گرڈ سے فراہم کی جانے والی بجلی کی قیمت کم اور اس شعبے کو سرمایہ کاروں کے لیے پرکشش بنایا جائے۔ چیئرمین نجکاری کمیشن نے کہا کہ سرمایہ کاروں کو ماضی کے تجربات، خصوصاً الیکٹرک کے ٹیرف سے متعلق معاملات پر تحفظات ہیں، سرمایہ کار چاہتے ہیں کہ طویل مدتی ٹیرف پالیسی، قواعد وضوابط اور سرمایہ کاری کے تحفظ کے حوالے سے واضح ضمانتیں فراہم کی جائیں۔ حکومت کی کوشش ہے کہ ڈسکوز کی نجکاری سے قبل سرمایہ کاری کے منصوبوں اور ملٹی ایئر ٹیرف کی منظوری دی جائے تاکہ مستقبل میں پالیسی کے عدم تسلسل کا خطرہ کم ہو۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت ایک اصلاحاتی دستاویز تیار کر چکی ہے، جس میں بجلی کے نرخوں کے تعین، ڈسکوز کے کاروباری ڈھانچے، سرمایہ کاروں کے اختیارات اور بجلی کی مسابقتی مارکیٹ کے قیام سے متعلق تجاویز شامل ہیں۔ اس دستاویز پر متعلقہ حکومتی اداروں اور سرمایہ کاروں سے مشاورت جاری ہے اور وزیراعظم کی قائم کردہ اسٹیئرنگ کمیٹی کے جائزے کے بعد اسے عوامی مشاورت کے لیے پیش کرنے کا ارادہ ہے۔ محمد علی کے مطابق حکومت بجلی کے شعبے میں ایسا مسابقتی نظام متعارف کرانا چاہتی ہے جس میں صارفین مختلف بجلی فراہم کرنے والی کمپنیوں میں سے انتخاب کا اختیار حاصل ہو اور کمپنیاں بہتر خدمات اور کم نرخوں کے ذریعے صارفین کو اپنی جانب راغب کریں۔ اس نظام میں یکساں ٹیرف کی آخری چارہ کار کے بجلی فراہم کنندہ تک محدود رکھنے کی تجویز پر غور ہے۔ انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاروں کو منافع پاکستانی روپے میں دیا جائے گا، تاہم اس کے تعین میں افراط زر، خطرات اور سرمایہ کاری کی نوعیت کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا۔ سرمایہ کاروں کی کارکردگی بہتر بنانے، بجلی کے نقصانات کم کرنے اور بلوں کی وصولی بڑھانے پر مراعات دینے کی تجویز بھی زیر غور ہے، جبکہ اس سے حاصل ہونے والے فوائد میں صارفین کو بھی حصہ ملنا چاہیے۔ انہوں نے واضح کیا کہ نجکاری کے بعد موجودہ ملازمین کے مفادات کا تحفظ حکومت کی ترجیح ہوگا۔ ایک مخصوص عبوری مدت کے دوران ملازمین کو ملازمت سے فارغ نہ کرنے اور ان کی ملازمت کی شرائط تبدیل نہ کرنے کی ضمانت دینے کی تجویز ہے۔ سرمایہ کاروں کے ساتھ بھی اس حوالے سے معاہدے کیے جائیں گے۔ محمد علی نے کہا کہ بجلی کے شعبے میں تقریباً 40 ہزار میگاواٹ پیداواری صلاحیت موجود ہے، جبکہ کیپیسٹی پیمنٹس کی مد میں تقریباً 1700 ارب روپے ادا کیے جا رہے ہیں۔ حکومت کا چیلنج یہ ہے کہ بجلی کی سستی فراہمی کے لیے مسابقتی نظام قائم کرنے کے ساتھ موجودہ پیداواری معاہدوں اور کیپیسٹی پیمنٹس کی ذمہ داریوں کا بھی مناسب حل نکالا جائے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت پاکستان اسٹیٹ آئل اور سوئی سدرن وسوئی ناردرن گیس کمپنیوں کی نجکاری کے امکانات کا بھی جائزہ لے رہی ہے۔ پی ایس او کے بعض اسٹریٹجک شعبے حکومت کے پاس رکھنے، جبکہ غیر اسٹریٹجک سرگرمیاں، مثلاً پیٹرول پمپس، نجی شعبے کو دینے کی تجویز پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 12

یفران انجینئر امیر مقام نے گلگت بلتستان کے غیور عوام کو 79 ویں یوم آزادی کے موقع پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ ایک منفرد اعزاز ہے کہ گلگت بلتستان کے لوگ اپنے وطن کی آزادی کا دن دو بار مناتے ہیں، ایک 14 اگست کے دن اور دوسرا یکم نومبر کو، اس دن کو گلگت بلتستان کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل سمجھا جاتا ہے، جب اس خطے کے لوگوں نے اپنی آزادی حاصل کی اور پاکستان کے ساتھ شامل ہوئے۔ یہاں جاری بیان کے مطابق انجینئر امیر مقام نے گلگت بلتستان کے یوم آزادی کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ اس خوشی کے موقع پر ہمیں مقبوضہ جموں وکشمیر اور فلسطین کے ان بہن بھائیوں کو بھی یاد رکھنا چاہیے، غیور کشمیر کے باسی 8 دہائیوں سے حق خودارادیت کیلئے برسرپیکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اپنی مسلح افواج کا شکریہ ادا کرتے ہیں، جو ہماری سرحدوں اور ملک کی خودمختاری کی حفاظت کرتے ہیں، وفاقی حکومت گلگت بلتستان کی تعمیر وترقی کو اولین ترجیح دیتی ہے، گلگت بلتستان سی پیک کے حوالے سے اہم خطہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان اس خطے کا مستقبل ہیں، پاکستان مسلم لیگ (ن) نے اپنے ادوار میں گلگت بلتستان میں ریکارڈ ترقیاتی کام کروائے ہیں، موجودہ وفاقی حکومت گلگت بلتستان کی حکومت کے ساتھ مل کر علاقے کی تعمیر وترقی کیلئے اپنی بھرپور کوشش جاری رکھے گی، یہ خطہ سیاحت کے حوالے سے پوری دنیا میں اعلیٰ مقام رکھتا ہے، وفاقی حکومت گلگت بلتستان میں سیاحت کی ترقی کیلئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات اٹھائے گی، ہم گلگت بلتستان اور پاکستان کے عوام کیلئے ایک ہو کر ترقی کی منازل طے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن میں افواج پاکستان کو سلام پیش کرتا ہوں جنہوں نے دشمن عناصر کی ملک کو غیر مستحکم کرنے کے حوالے سے تمام سازشوں کو ناکام بنایا، جب بھی ہمارے دشمن نے اپنے ناپاک عزائم کا مظاہرہ کرتے ہوئے سرحدوں پر جارحیت کرنے کی کوشش کی تو ہماری بہادر افواج نے اسے عبرت ناک شکست دے کر اس کے عزائم خاک میں ملائے۔

بقیہ نمبر 13

عت اسلامی اور حکومتی کمیٹی کے درمیان مذاکرات کے آئندہ اجلاس کے حوالے سے آگاہ کیا گیا۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ اسحاق ڈار نے انہیں پیغام دیا ہے کہ جماعت اسلامی اور حکومتی کمیٹی کے درمیان مذاکرات 3 نومبر کو ہوں گے۔ اسی طرح وفاقی وزیر احسن اقبال نے بھی ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ لیوی پر مذاکرات 3 نومبر کو ہوں گے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ جماعت اسلامی اور حکومتی کمیٹی کے درمیان مذاکرات کا بنیادی مقصد پیٹرولیم لیوی کا بتدریج خاتمہ اور عوام کو مہنگائی سے ریلیف دلانا ہے۔ جماعت اسلامی عوام کو درپیش معاشی مشکلات کے خاتمے اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے لیے اپنا مؤقف مذاکرات میں پیش کرے گی۔

بقیہ نمبر 14

الزاویہ الجزولیہ پاکستان، پنجاب ادبی پرچار اور اکادمی ادبیات پاکستان کے تعاون سے نعتیہ مشاعرہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مشاعرہ ہفتہ کو شیخ ایاز کانفرنس ہال، اکادمی ادبیات اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ تقریب کی صدارت معروف شاعر وادیب افتخار عارف نے کی جبکہ وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں ڈاکٹر احسان اکبر، ڈاکٹر سرور حسین نقشبندی، عباس تابش اور عرش ہاشمی نے بطور مہمانان اعزاز شرکت کی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی نے نعتیہ مشاعرے کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ نعت کے حوالے سے اس نوعیت کی معیاری اور بامقصد تقریبات کا انعقاد ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ الزاویہ الجزولیہ پاکستان، پنجاب ادبی پرچار اور اکادمی ادبیات پاکستان کی ایسی خوب صورت اور روحانی محافل کے انعقاد پر داد کے مستحق ہیں۔ نعتیہ مشاعرے میں ملک کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے ممتاز شعرائے کرام نے شرکت کی اور بارگاہ رسالت مآب ﷺ میں عقیدت ومحبت کے گلہائے عقیدت پیش کیے۔ شعرائے کرام نے اپنے کلام کے ذریعے حضور اکرم ﷺ سے اپنی والہانہ محبت اور عقیدت کا اظہار کیا۔ صدر محفل اور دیگر مقررین نے نعتیہ شاعری کی ادبی وروحانی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ نعت، اردو ادب کی ایک عظیم اور مقدس صنف ہے، جو حب رسول ﷺ کے جذبات کو مؤثر انداز میں پیش کرتی ہے۔ تقریب کے اختتام پر منتظمین نے اکادمی ادبیات پاکستان کے تعاون اور تمام شرکاء، مہمانوں اور شعرائے کرام کا شکریہ ادا کیا

بقیہ نمبر 15

ل کشیدہ حالات جاری ہیں۔ چترال اور زیارک اضلاع میں ہونے والے حالیہ واقعات نے طالبان کی جانب سے ملک پر مکمل کنٹرول کے دعووں پر بھی سوالات اٹھا دیے ہیں

بقیہ نمبر 16

ضروری ہے۔ وفاقی آئینی عدالت نے کہا کہ ایک بار فیصلہ حتمی ہو جائے تو اسے دوبارہ نہیں کھولا جا سکتا، جب تک فراڈ، غلطی یا دائرہ اختیار کی عدم ثابت نہ ہو۔ فیصلہ انوری بی بی نامی خاتون کی زمین پر اسکول تعمیر کیس میں سنایا گیا۔ وفاقی آئینی عدالت کے مطابق ایک ہی معاملے پر بار بار مقدمہ بازی عدالتی عمل کے ناجائز استعمال کے مترادف ہے، زمین کی تقسیم سے متعلق حتمی فیصلے کو عملدرآمد کی کارروائی کے ذریعے دوبارہ چیلنج نہیں کیا جا سکتا۔ وفاقی آئینی عدالت نے کہا عملدرآمد کرنے والی عدالت ڈگری کے دائرہ کار سے تجاوز کر کے پہلے سے طے شدہ حقوق کو تبدیل نہیں کر سکتی، زمین کی تقسیم اور دوبارہ الاٹمنٹ کا معاملہ پہلے ہی سپریم کورٹ تک جا چکا تھا۔ عدالت نے کہا کہ کنسولیڈیشن حکام کی جانب سے زمین کی تقسیم کا فیصلہ حتمی ہو چکا ہے، بھکر میں لڑکیوں کے اسکول کی تعمیر کے لیے زمین کی ملکیت کا تنازع وفاقی آئینی عدالت میں زیر سماعت تھا۔ انوری بی بی کے ورثا کا مؤقف تھا کہ لڑکیوں کا اسکول ان کی ملکیتی زمین پر تعمیر کیا گیا۔ درخواست گزاروں نے زمین کی تقسیم اور اسکول کی تعمیر سے متعلق سابقہ فیصلوں کو چیلنج کیا تھا

بقیہ نمبر 17

ٹی کی زیر صدارت ایس ایم ایز کی برآمدات بڑھانے سے متعلق اجلاس ہوا۔ اجلاس میں چھوٹی اور درمیانی صنعتوں کی برآمدات بڑھانے کے لیے حکومتی اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر مملکت خزانہ نے چھوٹے برآمد کنندگان کو قرضوں کی فراہمی اور مالی مشکلات دور کرنے پر زور دیا۔ دوران اجلاس چھوٹے برآمد کنندگان کو حکومتی مراعات سے آگاہ کرنے کے لیے مہم چلانے کی تجویز بھی سامنے آئی۔ بین الاقوامی تجارتی نمائشوں میں شرکت اور جدید مشینری کے حصول میں مشکلات کا جائزہ لیا گیا۔ آئی ٹی اور سافٹ ویئر کمپنیوں کے لیے سرمایہ کاری کے مواقع بڑھانے پر غور ہوا۔ وزیر مملکت نے زرعی اور غذائی مصنوعات کی برآمدات بڑھانے کے لیے سہولتیں فراہم کرنے پر زور دیا۔ برآمد کنندگان کی تجاویز پر متعلقہ وزارتوں اور اداروں کو مشترکہ اقدامات کی ہدایت کر دی گئی۔ بلال اظہر کیانی نے چھوٹی صنعتوں کو مالی اور انتظامی رکاوٹوں سے نکالنے کیلئے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ نمبر 18

الرحمن نے کہا ہے کہ امت مسلمہ کو مستقبل مایوسی، خوف اور تقسیم کے سامنے ہتھیار ڈالنے کے بجائے علم، کردار، خوداعتمادی اور عملی جدوجہد کا راستہ اختیار کرنے والے نوجوان تعمیر کریں گے، مسلم دنیا کو اپنے تاریخی ورثے سے رہنمائی لیتے ہوئے موجودہ عالمی بحرانوں کا مقابلہ کرنے کے لیے ٹھوس اور قابل عمل متبادل پیش کرنا ہوں گے

بقیہ نمبر 19

خطے کی صورتحال پر دوررس اثرات مرتب کر سکتا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق انہوں نے کہا کہ تینوں ممالک کے درمیان ہونے والا یہ معاہدہ ایک گیم چینجر ثابت ہوگا۔ ترک وزیر خارجہ نے اس معاملے پر بھارت اور اسرائیل کی جانب سے پھیلائی جانے والی مبینہ غلط معلومات کو بھی مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اس حوالے سے ہونے والا پروپیگنڈا معاہدے کی اہمیت کو کم نہیں کر سکتا

بقیہ نمبر 20

کے مطابق ڈاکٹر حفیظ الرحمن دریشک نے حکومت کے عوامی فلاحی اقدامات اور معاشی استحکام کی پالیسیوں کا خیر مقدم کیا۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور حلقے کے عوامی وترقیاتی مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ نمبر 21

زہری جلسہ عام میں شرکت کریں گے اور عوام سے خطاب کریں گے پیپلز پارٹی حب کے عہدیداروں اور کارکنان نے جلسہ عام کی تیاریاں مکمل کر لی ہیں جلسہ عام کو کامیاب بنانے کے لیے پیپلز پارٹی کے جیالوں اور کارکنوں میں جوش وخروش پایا جا رہا ہے

بقیہ نمبر 22

پرگہرے رنج وغم اور دلی افسوس کا اظہار کرتے ہیں کہا کہ ہم اس دکھ کی گھڑی میں ہم ان کے اہل خانہ، عزیز واقارب، دوست احباب اور سیاسی رفقاء سے دلی تعزیت کرتے ہیں برکت نادر روانجھو ایک ثابت قدم اور عمر بھر بھٹو ازم سے وابستہ رہنے والے نظریاتی کارکن تھے ان کی جمہوری جدوجہد اور پاکستان پیپلز پارٹی کے نظریات سے وابستگی کا آغاز طالب علمی کے زمانے میں بلوچستان کے علاقے لسبیلہ سے ہوا شہید محترمہ بینظیر بھٹو سے ان کی غیر متزلزل وفاداری، عوام سے گہری وابستگی اور پارٹی کے مشن کے لیے ان کی انتھک جدوجہد ان کی سیاسی زندگی کی نمایاں وصف تھی۔ انہیں جاننے والے اور ان کے ساتھ کام کرنے والوں کے لیے ان کی نظریاتی وابستگی، ثابت قدمی اور پارٹی سے بے لوث وفاداری ہمیشہ مشعل راہ رہے گی کراچی میں پیش آنے والے المناک ٹریفک حادثے میں ان کی وفات کا صدمہ اس لیے بھی زیادہ دلخراش ہے کہ یہ انتہائی غم واندوہ کے موقع پر ہماری تمام تر ہمدردیاں اور دعائیں ان کے سوگوار خاندان کے ساتھ ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کے اہل خانہ کو یہ ناقابل تلافی صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ اور صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام اور جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 23

کو کے مطابق کانفرنس میں قبل از وقت انتباہی نظام کو مزید مؤثر بنانے کی سفارش کی گئی۔ 5 روزہ کانفرنس کے دوران 17 سیشنز اور 67 تکنیکی پریزنٹیشن پیش کی گئیں، جبکہ 10 کلیدی خطابات اور 5 پینل مباحثوں کا انعقاد بھی کیا گیا۔ وفاقی وزیر ڈاکٹر مصدق ملک نے پاک۔ اقوام متحدہ کانفرنس کی اختتامی تقریب میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے ردعمل دینے کے بجائے پیشگی تیاری پر توجہ دینا ہوگی۔ سیٹلائٹ ڈیٹا، مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے قدرتی آفات کی پیشگی نشاندہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتباہ ایسا ہونا چاہیے جو متاثرہ مقام اور آبادی کی واضح نشاندہی کرے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سائنسی معلومات کو بروقت فیصلوں اور عملی اقدامات میں تبدیل کرنا ناگزیر ہے۔ سیلابی علاقوں اور تجاوزات کی سیٹلائٹ کے ذریعے مسلسل نگرانی بھی ضروری ہے۔ چیئرمین سپارکو نے کہا کہ خلائی ٹیکنالوجی کی حقیقی افادیت بروقت فیصلوں اور عملی اقدامات میں ہے۔ انہوں نے اداروں کے درمیان معلومات کے تبادلے اور باہمی تعاون کو مضبوط بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ نمائندہ اقوام متحدہ نے کہا کہ خلائی ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کے لیے عالمی تعاون اور علم کا تبادلہ اہم ہے۔ سپارکو کی جانب سے کانفرنس میں پاکستان اسپیس فار کلائمیٹ اقدام بھی پیش کیا گیا۔ سپارکو کے مطابق پاکستان کی خلائی صلاحیتیں موسمیاتی نگرانی اور آفات کے خطرات کے جائزے میں معاون ثابت ہوں گی۔ کانفرنس میں آفات سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی تعاون کے فروغ پر اتفاق کیا گیا۔ کانفرنس میں کمزور اور متاثرہ آبادیوں تک بروقت انتباہ پہنچانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ 5 روزہ پاک۔ اقوام متحدہ کانفرنس کے اختتام پر سب کے لیے قبل از وقت انتباہ کے عالمی وژن کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا گیا

بقیہ نمبر 24

لی کر دیا گیا۔ گورنمنٹ کالج برائے خواتین سیالکوٹ کا نام تبدیل کر دیا گیا، گورنمنٹ صادق کالج بہاولپور کے نام میں تبدیلی، لاہور کالج فار ویمن لاہور کا نام بھی تبدیل کر دیا گیا۔ پنجاب ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے تمام وائس چانسلرز اور رجسٹرار کو مراسلہ جاری کر دیا۔ نئے ناموں کے ساتھ لفظ یونیورسٹی جہاں قابل اطلاق ہو، حذف کرنے کی ہدایت کی گئی۔ ناموں کی تبدیلی کے باوجود متعلقہ اداروں کے اعلیٰ تعلیم سے متعلق اختیارات اور فرائض برقرار رہیں گے۔ پنجاب کی سرکاری جامعات کو ترمیمی ایکٹ 2026ء کے مطابق ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 25

میں متعدد اہم شاہراہوں اور موٹرویز کے منصوبوں پر کام کر رہی ہے جبکہ کاروباری برادری کی سہولت، تجارتی سرگرمیوں کے فروغ اور پاکستان کو وسط ایشیائی ریاستوں سے منسلک کرنے کے لیے جدید مواصلاتی نیٹ ورک کی تعمیر ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورے کے موقع پر کاروباری برادری سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر فیصل آباد چیمبر کے صدر عارف احسان ملک، سینئر نائب صدر میاں محمد سعید، سیکرٹری جنرل محمد ایوب، نائب صدر محمد یاسین، سابق صدر میاں جاوید اقبال، سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود اور رکن صوبائی اسمبلی شعیب صدیقی سمیت دیگر عہدیداران اور کاروباری شخصیات بھی موجود تھیں۔ چیمبر کے عہدیداران نے وفاقی وزیر کا استقبال کیا۔ عبدالعلیم خان نے وزارت مواصلات کی گزشتہ ڈھائی سالہ کارکردگی پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ وہ صرف حکومت کے نہیں بلکہ کاروباری برادری کے بھی نمائندہ ہیں۔ ملک میں ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے لیے محض باتوں اور تقریروں سے کام نہیں چلتا بلکہ عملی اقدامات، بہتر منصوبہ بندی اور دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال کی ضرورت ہوتی ہے۔ انہوں نے این ایچ اے کے ریونیو میں اضافے پر پوری قوم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایک سال کے ریونیو سے بھی کئی اہم منصوبوں پر کام جاری ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ این ایچ اے نے بلوچستان میں ہی 112 ارب روپے خرچ کر رہی ہے جبکہ پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام (پی ایس ڈی پی) کے 66 منصوبوں کی تکمیل کے لیے تقریباً 3 ہزار ارب روپے درکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ مالی وسائل کے تناظر میں ضروری ہے کہ ادارے اپنے وسائل پیدا کریں اور قومی ترقی کے لیے خود انحصاری کو فروغ دیں۔ انہوں نے فیصل آباد پنڈی بھٹیاں موٹروے ایم فور کے منصوبے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ اس منصوبے پر تمام فنڈز این ایچ اے نے اپنے وسائل سے خرچ کیے ہیں اور اس وقت تین کنسٹرکشن تیزی سے کام کر رہی ہیں۔ اس موٹروے پر ایک مزید ریسٹ ایریا بھی تعمیر کیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ موٹرویز کے درمیان گرین ایریاز کے قیام سے متعلق ضوابط پر سختی سے عمل درآمد کرایا جائے گا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ وہ وزیراعظم کو فیصل آباد کے دورے کی دعوت دیں گے۔ عبدالعلیم خان نے بتایا کہ ملتان، لودھراں ایکسپریس وے کو رواں سال دسمبر تک مکمل کرنے کے لیے کام جاری ہے۔ سمبڑیال کھاریاں موٹروے میں این ایچ اے کا حصہ 15 ارب روپے ہے جبکہ لاہور، سیالکوٹ، کھاریاں اور راولپنڈی کو ملانے والی موٹروے کو چھ لین پر مشتمل بنانے کا منصوبہ بھی اہمیت کا حامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان منصوبوں سے سفری سہولیات میں بہتری آئے گی اور تجارتی سامان کی نقل وحمل زیادہ آسان اور تیز ہوگی۔ وفاقی وزیر مواصلات نے پشاور بائی پاس کے منصوبے کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پانچ ارب روپے کی لاگت سے تعمیر ہونے والے اس بائی پاس کے ذریعے ٹریفک کو شہر کے اندر سے گزرنے کی ضرورت نہیں رہے گی جس سے شہریوں کو ریلیف ملے گا۔ انہوں نے لیہ اور تونسہ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وہاں دریا پر پل تعمیر ہونے کے باوجود سڑکوں کی تعمیر کے لیے مختص 10 ارب روپے خرچ نہ ہونے کا معاملہ بھی قابل توجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ این ایچ اے کی مالی خودمختاری میں اضافہ ہونے سے ملک بھر میں بنیادی ڈھانچے کے مزید منصوبے شروع کیے جا سکتے ہیں، اگر این ایچ اے کو 500 ارب روپے کا ادارہ بنا دیا جائے تو اس کی مالی استعداد سے تقریباً 2 ہزار ارب روپے مالیت کے منصوبے شروع کرنے کی گنجائش پیدا ہو سکتی ہے، اس مقصد کے لیے ادارے کی آمدن میں اضافے اور وسائل کے بہتر استعمال پر توجہ دی جا رہی ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ ایکسل لوڈ پالیسی پر سختی سے عمل درآمد کرایا جائے گا کیونکہ یہ خود ٹرانسپورٹرز کے مفاد میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ 30 ٹن وزن برداشت کرنے کی صلاحیت رکھنے والی سڑک پر 100 ٹن وزنی گاڑیاں چلانے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے کہا کہ مقررہ وزن سے زیادہ سامان لے جانے والی گاڑیاں سڑکوں کو نقصان پہنچاتی ہیں جس سے قومی وسائل ضائع ہوتے ہیں اور مرمت پر اضافی اخراجات اٹھانا پڑتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موٹرویز اور قومی شاہراہوں کے تحفظ کے لیے متعلقہ اداروں کو واضح ہدایات دی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شاہراہوں کے اطراف آگ جلانے والوں کے خلاف کارروائی کے لیے موٹروے پولیس کو بھی سخت ہدایات جاری کی گئی ہیں تاکہ سڑکوں اور ان کے بنیادی ڈھانچے کو نقصان سے محفوظ رکھا جا سکے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ گلگت بلتستان کی سیاحتی شاہراہوں کی تعمیر این ایچ اے ترجیحی بنیادوں پر کر رہی ہے کیونکہ یہ سڑکیں نہ صرف مقامی آبادی بلکہ سیاحت کے فروغ کے لیے بھی انتہائی اہم ہیں۔ مری ایکسپریس وے کو ایک مثالی شاہراہ قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسی طرز پر اسے مظفرآباد تک توسیع دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سیاحت کے فروغ اور مذہبی سیاحت کے لیے سکھ برادری کو ننکانہ ایکسپریس وے کا تحفہ دیا جائے گا، اس نوعیت کے منصوبوں سے بیرون ملک سے آنے والے زائرین اور سیاحوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی جبکہ مقامی معیشت کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ سکھر حیدرآباد اور کراچی تک موٹروے کی تعمیر ملک بھر کی کاروباری برادری کے لیے انتہائی اہم ہے، کراچی پورٹ سے آٹھ لین پر مشتمل موٹروے شروع کرنے کا منصوبہ ہے جس کے ذریعے بندرگاہ سے آنے اور جانے والے ٹرکوں کو شہر کے اندر داخل ہونے کی ضرورت نہیں رہے گی، اس سے کراچی میں ٹریفک کے دباؤ میں کمی اور تجارتی سامان کی ترسیل میں بہتری متوقع ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حیدرآباد سکھر موٹروے پر اگلے ماہ کام شروع کرنے کا منصوبہ ہے اور اسے دو سال میں مکمل کر لیا جائے گا، ان شاہراہوں کی تعمیر سے ملک کی بندرگاہوں، صنعتی مراکز اور تجارتی منڈیوں کے درمیان رابطے بہتر ہوں گے جس سے کاروباری سرگرمیوں اور سرمایہ کاری کو فروغ ملے گا۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ مانسہرہ، ناران، کاغان، جھالکنڈ اور چلاس شاہراہ کو چین سے منسلک کرنے کے لیے کام کیا جائے گا، اس رابطے سے شمالی علاقوں میں سیاحت کے فروغ کے ساتھ تجارتی اور معاشی سرگرمیوں کے نئے مواقع پیدا ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی شاہراہیں کاروباری برادری کا وقت اور پیسہ بچائیں گی جس کے نتیجے میں ملک میں مزید سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو بہتر مواصلاتی نیٹ ورک اور وسط ایشیائی ریاستوں تک رسائی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ جدید شاہراہیں نہ صرف اندرون ملک تجارت کو تیز کریں گی بلکہ علاقائی تجارت، برآمدات اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کے لیے بھی معاون ثابت ہوں گی۔ عبدالعلیم خان نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وزارت مواصلات اور این ایچ اے دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے قومی شاہراہوں اور موٹرویز کے منصوبوں کو آگے بڑھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے کی بہتری، شاہراہوں کی حفاظت، مالی خودانحصاری اور کاروباری برادری کو بہتر سفری سہولیات فراہم کرنا ملکی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔

بقیہ نمبر 26

روبھو ضلعی سیکریٹری اطلاعات ونشریات یوسف راہی ضلعی سینئر نائب صدر مشتاق گلاب ودیگر اپنے ایک مشترکہ تعزیتی پیغام میں پیپلز پارٹی لسبیلا کے سابق جنرل سیکریٹری وسینئر رہنما برکت علی نادر روانجھو کی حادثاتی وفات پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم برکت علی نادر روانجھو ایک مخلص اور سچے نظریاتی رہنما تھے جن کی کمی کو ہمیشہ محسوس کیا جاتا رہے گا۔ پی پی پی رہنماؤں نے مرحوم کے سوگواروں سے دلی ہمدردی اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں ہماری دعا ہے کہ اللہ رب العزت مرحوم کے درجات بلند اور سوگوار خاندان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ نمبر 27

پریشانیوں میں مزید اضافہ کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف مہنگائی نے عام آدمی کی قوت خرید کو بری طرح متاثر کر دیا ہے دوسری جانب بجلی گیس اور پانی کی ناقص فراہمی نے شہریوں پر اضافی مالی بوجھ ڈال دیا ہے صبح 9 بجے سے 12 بجے تک اور سہ پہر 3 بجے سے شام ساڑھے 6 بجے تک گیس کی لوڈشیڈنگ کے باعث شہری ایل پی جی کے مہنگے استعمال پر مجبور ہیں جبکہ ٹیوب ویلوں کی بندش کی وجہ سے پانی کے حصول کیلئے مہنگے ٹینکروں کا سہارا لینا پڑ رہا ہے رہنماؤں نے کہا کہ کم تنخواہوں بے روزگاری اور بڑھتی ہوئی مہنگائی کے اس دور میں یہ اضافی اخراجات عوام کے لیے ناقابل برداشت ہو چکے ہیں۔ حکومت اور متعلقہ ادارے عوامی مسائل کے حل کے بجائے محض اعلانات دعووں اور نمائشی اقدامات تک محدود نظر آتے ہیں شہری بنیادی سہولیات سے محروم ہو کر شدید اذیت کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام اپنے جائز مسائل کے حل کے لیے مختلف دفاتر کے چکر لگا لگا کر تھک چکے ہیں لیکن کہیں شنوائی نہیں ہو رہی۔

بقیہ نمبر 28

لی دوا کھا لی تھی، جسے تشویشناک حالت میں سول ہسپتال منگلور سے سیدو شریف ہسپتال منتقل کیا گیا، تاہم وہ دوران علاج دم توڑ گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کے بعد قانونی کارروائی اور ضروری تقاضے پورے کرنے کے لیے ابتدائی رپورٹ درج کر کے انکوائری شروع کر دی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 29

نے اپنے وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ سوشل میڈیا کے ذریعے چند مفاد پرست بدنام زمانہ بلیک میلر گروپ کی جانب سے جو الزامات عائد کیے جا رہے ہیں، وہ بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہیں۔ ان کے مطابق اس منفی مہم کا مقصد اپنے مبینہ غیر قانونی مفادات کا تحفظ، شہر میں خوف وہراس اور انتشار پھیلانا اور مجھ پر دباؤ ڈالنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض عناصر کا مبینہ طور پر لوگوں کو بلیک میل کر کے ناجائز مفادات حاصل کرنا ان کا سابقہ طرز عمل رہا ہے، تاہم جب ان کے مبینہ غیر قانونی اقدامات کے خلاف اقدام کیا گیا تو ان کے راستے میں رکاوٹ پیدا ہوئی جس کے بعد انہوں نے سوشل میڈیا پر کردار کشی اور بے بنیاد الزامات کا سلسلہ شروع کر دیا۔ شوکت میمن نے واضح کیا کہ میں ایسے منفی ہتھکنڈوں اور دباؤ ڈالنے کی کوششوں کو کسی صورت قبول نہیں کروں گا۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر مبینہ طور پر مہم چلانے والے اکاؤنٹس، پیجز اور اس میں ملوث کرداروں کے خلاف قانونی ضابطوں کے تحت کارروائی کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ ایف آئی اے، سائبر کرائم سمیت دیگر متعلقہ اداروں سے بھی باضابطہ رابطہ کیا گیا ہے اس کے علاوہ عدالت سے بھی قانونی چارہ جوئی کے لیے اقدام کیا گیا ہے تاکہ ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جا سکے۔ دوسری جانب صحافی برادری نے بھی بدین پریس کلب کے صدر شوکت میمن کے خلاف مبینہ منفی پروپیگنڈے، بے بنیاد الزامات اور ہراساں کرنے کی کوششوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے ایف آئی اے، سائبر کرائم کے متعلقہ حکام، دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ایس ایس پی بدین سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری نوٹس لے کر شفاف تحقیقات کی جائیں اور اگر الزامات ثابت ہوں تو ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔ شوکت میمن نے اپنی صحافی برادری، پریس کلب کے معزز ممبران، سیاسی سماجی کاروباری علمی ادبی مذہبی حلقوں اور بدین کے باشعور شہریوں سے اپیل کی کہ سوشل میڈیا پر جاری کسی بھی غیر مصدقہ، من گھڑت اور منفی پروپیگنڈے پر یقین نہ کریں اور حقائق سامنے آنے تک ذمہ داری کا مظاہرہ کریں تاکہ ان بلیک میلر عناصر سے شریف شہریوں کی ہمیشہ کے لیے جان چھوٹ جائے۔ انہوں نے کہا کہ حق، سچ اور اصولوں کی بنیاد پر صحافت کا سفر جاری رہے گا اور اس طرح کی مبینہ سازشیں ان کے حوصلے اور ہمارے عزم کو کمزور نہیں کر سکتیں۔ انہوں نے کہا کہ عزت، وقار اور اصولوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 30

لگنے کی اطلاع ملتے ہی قریبی اسٹیشن سے ایمرجنسی گاڑیاں روانہ کر دی گئیں۔ ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر فائر فائٹنگ شروع کی اور پانچ منٹ کی کارروائی کے بعد آگ پر قابو پا لیا، تاہم کمرے میں موجود خاتون اور دو بچے جانبر نہ ہو سکے۔ چار مرلے کے گھر کی دوسری منزل پر کرایہ دار رہائش پذیر تھے۔ واقعے کی اطلاع پولیس کنٹرول روم کو دے دی گئی، جبکہ مقامی پولیس موقع پر پہنچ کر تحقیقات کر رہی ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق آگ لگنے کی وجہ تاحال معلوم نہیں ہو سکی۔ ایمرجنسی آپریشن کی نگرانی ایمرجنسی آفیسر انجینئر محمد بلال نے کی۔

بقیہ نمبر 31

کے لیے بیرون ملک بڑے مواقع موجود ہیں، فرنیچر نمائش صنعتکاروں، سرمایہ داروں اور خریداروں کے لیے نئی سرمایہ کاری کا ذریعہ بنے گی جس سے ملک کی ایکسپورٹ میں بھی اضافہ ہوگا، ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کراچی ایکسپو سینٹر میں فرنیچر ایکسپو 2026 کے دوسرے دن نمائش کے افتتاح کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ منعم ظفر خان نے منتظمین کے ہمراہ نمائش کا دورہ بھی کیا اور ان کی کوششوں کو سراہا۔ اس موقع پر پاکستان انٹرنیشنل بزنس فورم کراچی کے جنرل سیکریٹری عامر رفیع، جماعت اسلامی کراچی کے سیکریٹری اطلاعات زاہد عسکری، سینئر ڈپٹی سیکریٹری اطلاعات صہیب احمد بھی موجود تھے۔ منعم ظفر خان نے مزید کہا ہے کہ آل پاکستان فرنیچر ایسوسی ایشن اور نمائش کے منتظمین مبارکباد کے مستحق ہیں فرنیچر مینوفیکچررز، ڈیزائنرز، آرکیٹیکٹس، امپورٹرز، ایکسپورٹرز، پروفیشنلز کو ایک چھت تلے جمع کر کے فرنیچر سیکٹر میں مواقع پیدا کرنے کی کوشش کرنا یقینا قابل ستائش ہے۔ یہ محض ایک کاروبار یا صنعت نہیں ہے بلکہ یہ ہمارے ہنرمند کاریگروں اور لاکھوں خاندانوں کے روزگار کا ذریعہ بھی ہے، اگر ہم عالمی مارکیٹ کا جائزہ لیں تو اس وقت پوری دنیا میں فرنیچر مارکیٹ کا حجم تقریباً 400 بلین ڈالرز ہے، لیکن پاکستان میں اس کا حصہ صرف 8 سے 12 ملین ڈالرز تک ہے لیکن مایوسی کی بات نہیں کیونکہ پاکستان کی ایکسپورٹ کے 50 فیصد امریکہ اور جرمنی جانے کی وجہ سے بے شمار مواقع موجود ہیں، اپنی مصنوعات کی کوالٹی کو عالمی معیار کے مطابق بنائے، جدید مشینری اور ٹیکنالوجی سے استفادہ کرے، پاکستان میں نوجوانوں کی تعداد 65 فیصد ہے جو پاکستان کا اثاثہ ہیں، ان نوجوانوں کو جدید ڈیزائن اور ہنر کی تربیت دینے کے بعد آئی ٹی کے شعبے سے وابستہ کرنے کی ضرورت ہے، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کی حوصلہ افزائی بھی کی جانی چاہیئے، حکومت وریاست کی ذمہ داری ہے کہ ان کا ہاتھ تھاما جائے جبکہ بین الاقوامی نمائشوں کے انعقاد اور تجارتی روابط کو بڑھانا اور عالمی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنا ہوگی، کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے، اس کے علاوہ چنیوٹ، پشاور، لاہور میں فرنیچر کی بڑی مارکیٹیں ہیں، یہاں ہنرمند موجود ہیں، حکومت کی ذمہ داری ہے کہ وہ یہاں کی انڈسٹریز کو بجلی، گیس اور دیگر بنیادی ضروریات فراہم کرے۔

بقیہ نمبر 32

نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان اور ان کی پارٹی کی طرف سے عجیب وغریب قسم کی باتیں ہو رہی ہیں، مولانا فضل الرحمان میں غصہ، ڈر، دکھ اور جھنجھلاہٹ پائی جاتی ہے، مولانا فضل الرحمان میں غصہ اس بات کا ہے کہ ان کے جو قریبی ساتھیوں کے بارے میں کرپشن کی باتیں ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان میں خیبر پختونخوا میں جہاں بھی کوئی بے ضابطگی نظر آئے اس کو بے نقاب کریں گے اور قوم کا لوٹا پیسہ واپس لائیں گے کہ مولانا فضل الرحمان کا غصہ اسی بات کا ہے کہ پی ڈی ایم دور میں ان کے قریبی لوگوں کے نام کرپشن سے جڑ رہے ہیں، مولانا فضل الرحمان کو دکھ اس بات کا ہے کہ وہ جانتے تھے کہ خیبر پختونخوا کی نئی انتظامیہ میں سیٹیں ملیں گی مگر وہ نہیں ملیں۔ شمر ہارون بلور نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں نئی انتظامیہ میں مولانا فضل الرحمان کی سیٹوں کی خواہش کا محسن نقوی اور خواجہ آصف نے بھی ذکر کیا ہے، مولانا فضل الرحمان کو جھنجھلاہٹ اس لیے ہے کہ آج کل ان کی ساتھ کوئی رابطے نہیں کر رہا یا ان سے کوئی مشورے نہیں لے رہا، مولانا فضل الرحمان خود کو اہمیت دینے کیلئے کبھی کوئی اور کبھی کوئی بات کر دیتے ہیں، امید ہے کہ مولانا فضل الرحمان ہوش کے ناخن لیں گے۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا نے کہا کہ لیکن حکومت کے صبر کو کمزوری نہ سمجھا جائے، حکومت کے ہاتھ اور بھی بہت کچھ لگ سکتا ہے اور لگا ہے، لیکن اگر کسی ماحول کو ہم خراب نہیں کرنا چاہ رہے تو اس کو کمزوری کے طور پر نہ لیا جائے۔

بقیہ نمبر 33

قات کے دوران ضلع زیارت کی مجموعی انتظامی، امن وامان اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، منیر خان اچکزئی نے ضلع زیارت میں ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس خان اچکزئی کی مجموعی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ضلع زیارت کی موجودہ قیادت میں عوامی فلاحی، شفافیت اور موثر گورننس کے نئے معیارات قائم ہوئے ہیں وہ ایک متحرک اور محنتی افسر ہیں جو عوام کے مسائل کو سمجھتے ہیں، ڈپٹی کمشنر زیارت نے شفاف متحرک اور عوام دوست انتظامیہ کی مثال قائم کی ہے، ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس خان اچکزئی نے کہا کہ ضلع زیارت کو سیاحتی حب بنانے اور امن وامان کی بہتری ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہیں سرکاری ذمہ داری کے ساتھ مقامی روایات اور معززین کو عزت دینے کے کلچر کو فروغ دیں گے، ضلعی انتظامیہ ایک ٹیم کی طرح کام کر رہی ہے، جس کا نتیجہ عوام کو فائدہ کی صورت میں مل رہا ہے، ملاقات کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر زیارت کی جانب سے مہمانوں کے اعزاز میں پرتکلف عشائیہ دیا گیا

بقیہ نمبر 34

حکام کے ساتھ اٹھائیں گے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار ہفتہ کے روز چیمبر ہاؤس میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ نمبر 35

پر قریبی ایمبولینس فوری طور پر جائے وقوعہ پر روانہ کی گئی۔ ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر پہنچ کر نوجوان کو سی پی آر فراہم کی، تاہم وہ جانبر نہ ہو سکا۔ لواحقین کے مطابق متوفی مبینہ طور پر گھریلو معاملات پر ناراض تھا۔ واقعے کی اطلاع 15 کنٹرول اور پولیس کو دے دی گئی، جبکہ پولیس کی ضروری قانونی کارروائی کے بعد میت نشتر ہسپتال ملتان منتقل کر دی گئی۔

بقیہ نمبر 36

ز شاہ بھاڈائی اور دیگر پارٹی رہنماؤں اور بدین ضلع کے عہدیداران کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے ریاض چانڈیو نے الزام عائد کیا کہ سندھ کے تمام وسائل پر پنجاب کا قبضہ ہے، جبکہ سندھ کی مزید زمینوں اور قدرتی وسائل پر قبضے کے لیے پیپلز پارٹی کے ساتھ مل کر لوٹ مار کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی زمینوں اور قدرتی وسائل پر یہاں کے عوام کا بنیادی حق ہے، مگر افسوس کہ قدرتی وسائل سے مالا مال صوبے کے لوگ آج بھی بنیادی سہولیات اور دو وقت کی روٹی کے لیے پریشان ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ خصوصاً ضلع بدین سے 70 فیصد سے زائد تیل، کوئلہ اور گیس حاصل ہونے کے باوجود مقامی آبادی غربت، بھوک، بدحالی اور بے روزگاری کا شکار ہے۔ قدرتی وسائل سے حاصل ہونے والی آمدنی اور فوائد مقامی لوگوں تک نہیں پہنچ رہے، جس کے باعث وسائل سے مالا مال علاقوں کے رہائشی آج بھی محرومیوں کی زندگی گزار رہے ہیں۔ ریاض چانڈیو نے کہا کہ تھر پارکر سے لاکھوں ٹن کوئلہ نکال کر بجلی پیدا کی جا رہی ہے، لیکن اس کے فوائد مقامی آبادی کو ملنے کے بجائے پنجاب منتقل کیے جا رہے ہیں، جبکہ تھر کے لوگ آج بھی دو وقت کی روٹی اور بنیادی سہولیات کے حصول کے لیے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دادو، جامشورو، ٹنڈو جام سمیت سندھ کے مختلف علاقوں میں کھربوں روپے کے قدرتی وسائل موجود ہیں، جن پر قبضے کے لیے مختلف منصوبے تیار کیے جا رہے ہیں۔ سندھ کی زمینوں، وسائل اور قومی وحدت کے خلاف کسی بھی اقدام کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ سندھ کو تقسیم کرنے یا نئے صوبے اور انتظامی یونٹس بنانے کی کوششیں یہاں کے عوام کے حقوق پر حملہ ہیں، جن کے خلاف سیاسی اور قومی سطح پر بھرپور آواز اٹھائی جائے گی۔ اس موقع پر جیے سندھ قومی محاذ کے رہنماؤں نے بدین کے صحافیوں، سیاسی وسماجی حلقوں، قوم پرست رہنماؤں اور عوام سے اپیل کی کہ وہ 22 نومبر کو کراچی میں ریگل چوک سے کراچی پریس کلب تک ہونے والے احتجاجی مارچ میں بھرپور شرکت کریں اور سندھ کی وحدت، زمینوں اور قدرتی وسائل کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ نمبر 37

سے مسلسل رابطے میں رہی، جبکہ دونوں ممالک کو دوبارہ مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ ذرائع کے مطابق قطری ثالث امریکا اور ایران کے درمیان اعتماد سازی کے ایسے اقدامات پر اتفاق کرانے کی کوشش کر رہے ہیں جن پر آئندہ چند روز میں عمل درآمد ممکن ہو سکے۔ ان اقدامات میں ایران کی جوہری تنصیبات کے معائنے کے لیے اقوام متحدہ کے معائنہ کاروں کو رسائی دینے کی تجویز بھی شامل ہے۔ جس کے بدلے امریکا کی جانب سے بعض پابندیوں میں نرمی پر غور کیا جا سکتا ہے تاہم دونوں ممالک کے مطالبات میں اختلاف برقرار ہے۔ امریکا چاہتا ہے کہ مذاکرات کے آغاز ہی سے ایران کے جوہری پروگرام پر رعایتیں دی جائیں جبکہ تہران کا مطالبہ ہے کہ پہلے ایرانی بندرگاہوں کی امریکی بحری ناکہ بندی ختم کی جائے، منجمد اثاثے بحال کیے جائیں اور تیل کی برآمدات پر پابندیاں نرم کی جائیں۔ رپورٹ کے مطابق قطری ثالثوں کو مذاکرات میں مثبت پیش رفت کی امید ہے اور دوحہ میں بات چیت جاری رہنے کا امکان ہے۔ اس دوران پاکستان، ترکی، مصر، عراق اور سعودی عرب بھی سفارتی کوششوں کے ذریعے خطے میں جنگ کے خاتمے کے لیے سرگرم ہیں۔

بقیہ نمبر 38

تاریخ میں پہلی مرتبہ "بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو (2026BITE)" کا انعقاد کر رہا ہے۔ اس سلسلے میں بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ کی زیر صدارت بیوٹمز میں ایک اعلیٰ سطحی اسٹیک ہولڈرز اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں بورڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم لاشاری، بیوٹمز کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر میرواس کاسی، رجسٹرار ڈاکٹر احسن اچکزئی، ایف پی سی سی آئی کے چیئرمین ایڈوائزری بورڈ میاں زاہد حسین، مختلف کاروباری ومالیاتی اداروں، سرکاری محکموں، تعلیمی اداروں اور سماجی شعبے سے وابستہ تنظیموں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وائس چیئرمین بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی واضح ہدایات ہیں کہ سرمایہ کاروں اور کاروباری برادری کے لیے سازگار ماحول اور آسانیاں پیدا کی جائیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صوبے کے نوجوانوں کو کاروبار اور صنعت کی جانب راغب کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، جبکہ "بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو" اسی وژن کی ایک اہم کڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ مایوسیوں کا خاتمہ کر کے بلوچستان کا مثبت، پرامن اور سرمایہ کاری کے لیے موزوں تشخص دنیا کے سامنے پیش کیا جائے۔ بیوٹمز کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر میرواس کاسی نے کہا کہ "بلوچستان انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ ایکسپو" ایک منفرد اور انتہائی مثبت اقدام ہے، جس کے انعقاد کے لیے بیوٹمز ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ اور کاروباری برادری کے لیے سہولیات کی فراہمی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر قائم لاشاری نے کہا کہ یہ ایکسپو نہ صرف کاروباری اداروں بلکہ نوجوانوں، نئے کاروباری افراد اور اسٹارٹ اپس کو بھی ایک مؤثر پلیٹ فارم فراہم کرے گا، جہاں انہیں سرمایہ کاروں، مالیاتی اداروں اور کاروباری ماہرین سے روابط استوار کرنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ اس موقع پر بیوٹمز کے رجسٹرار ڈاکٹر احسن اچکزئی نے شرکاء کو ایکسپو کے اغراض ومقاصد، مجوزہ پروگرام اور لے آؤٹ پلان پر تفصیلی بریفنگ دی جبکہ اجلاس کے شرکاء نے ایونٹ کو مزید مؤثر اور کامیاب بنانے کے لیے اپنی تجاویز بھی پیش کیں۔

بقیہ نمبر 39

صدر پیپلز پارٹی (سندھ) نثار احمد کھوڑو، اٹارنی جنرل آف پاکستان منصور اعوان، سابق چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) مزمل حسین، کمشنر انڈس واٹرز مہر علی شاہ، سینیٹر محسن لغاری، ممبر ارسا پنجاب امجد سعید، سینئر صحافی سہیل وڑائچ، صوبائی وزیر برائے یونیورسٹیز (سندھ) محمد اسماعیل کھوڑو، سابق وفاقی سیکرٹری برائے پانی وتوانائی عرفان علی، ایڈوائزر واپڈا شاہد حمید، حسن عباس، سکندر شاہ اور بین الاقوامی ایکسپرٹ راس مسعود نے شرکت کی۔ شرکاء نے مجموعی طور پر اس امر پر اتفاق کیا

بقیہ نمبر 40

ن میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ حکومت کو عوام کو ریلیف دینا ہوگا، دوسری صورت میں ملتان سے اسلام آباد لانگ مارچ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ سے قبل کوئٹہ، میرپور خاص، بہاولپور، مانسہرہ، سرگودھا میں عوامی جلسے ہوں گے، لانگ مارچ کے انتظامات کیلئے کمیٹیاں تشکیل دے دی گئی ہیں

بقیہ نمبر 41

نے وومن کمپلیکس میں پارکنگ شیڈ، اسٹریٹ لائٹس اور ضروری اسٹاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کا اعلان کیا۔ چیف آفیسر محمد صالح جاموٹ نے خواتین کی فلاح وبہبود کے اقدامات کو سراہتے ہوئے بلڈنگ اور لیڈیز پارک میں دس دکانیں کاروبار کرنے کے لیے فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائے۔ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق خواتین کے کاروباری مواقع (Entrepreneurship) کو مزید وسعت دی جائے گی۔ انہوں نے وومن کمپلیکس میں جاری آٹھ روزہ تربیتی پروگرام کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس پروگرام کو مزید مؤثر اور بہتر بنانے کے لیے ضلعی انتظامیہ ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی ٹریننگ کو خواتین شرکاء کو سی ایم فنڈ سے مالی مدد فراہم کرنے کا اعلان کیا۔ اس موقع پر وومن کمپلیکس کی منیجر روبینہ کریم شاہوانی نے اپوزیشن لیڈر اور دیگر افسران کو ادارے کی کارکردگی اور جاری سرگرمیوں پر بریفنگ دی۔ بعد ازاں وفد نے خواتین کے لیے منعقدہ آٹھ روزہ تربیتی پروگرام کا دورہ کیا، جہاں شرکاء سے ملاقات کی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ دورے کے اختتام پر اپوزیشن لیڈر سمیت تمام متعلقہ حکام نے خواتین کو خود مختار بنانے، کاروباری سرگرمیوں کے فروغ اور انہیں ہر ممکن سہولیات وسرکاری تعاون فراہم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 42

علی نادر روانجھو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے موقع پر دم توڑ گیا واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایدھی ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور نعش کراچی سول اسپتال منتقل کردی بعد ازاں قانونی کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی گئی مزید برآں مرحوم برکت علی نادر روانجھو کی نماز جنازہ ہفتہ کی شب حب میں ادا کر دی گئی جس میں مختلف سیاسی وقبائلی شخصیات، سرکاری افسران، صحافیوں سمیت معززین علاقہ اور شہریوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی

بقیہ نمبر 43

تجاوز کر گئی ہے۔ یہ وبا (جو رواں برس مئی میں شروع ہوئی تھی) اگست میں ملک کی تاریخ کی سب سے ہلاکت خیز وبا بن گئی، جس کی تصدیق صحت عامہ کے حکام نے کی ہے اور اس وقت اموات کی شرح 48.6 فی صد ہے۔ وزارت صحت کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق وبا کا مرکز ابھی شمال مشرقی صوبے اتوری میں ہے جہاں تنازعات کی صورتحال کے باعث وائرس پر قابو پانے کی کوششوں میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ کینیا، نائیجیریا اور یوگنڈا میں بھی ایبولا کے کیسز کی تصدیق ہوئی ہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق یہ جمہوریہ کانگو کی تاریخ میں ایبولا کی 17 ویں وبا ہے اور تاریخ کی دوسری بڑی وبا بھی ہے۔ عالمی ادارہ صحت کے افریقی دفتر کے مطابق اس وبا کے خاتمے کے لیے حفاظتی اقدامات میں مزید تیزی لانے، متاثرہ علاقوں تک رسائی بہتر بنانے اور مقامی آبادی میں آگاہی مہم کو وسعت دینے کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 44

اور تمام لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے کہا کہ انسانی زندگی ایک قیمتی نعمت ہے اور اس طرح اچانک کسی اپنے کا بچھڑ جانا خاندان کے لیے بڑا صدمہ ہوتا ہے اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو یہ ناقابل تلافی نقصان برداشت کرنے کے لیے صبر وحوصلہ عطا فرمائے آمین

بقیہ نمبر 45

کیے۔ ماہانہ وصولیوں کا ہدف ایک ہزار 132 ارب روپے مقرر تھا۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق 31 اکتوبر کو مزید 25 سے 30 ارب روپے ٹیکس وصول ہونے کی توقع ہے۔ ٹیکس وصولیوں کا ہدف پورا کرنے کے لیے ایف بی آر کے دفاتر آج بھی کھلے رہیں گے۔ دوسری جانب مالی سال کے پہلے چار ماہ، جولائی سے اکتوبر کے دوران مجموعی طور پر 4 ہزار 58 ارب 50 کروڑ روپے ٹیکس جمع کیا گیا، اس مدت کے لیے 4 ہزار 185 ارب روپے کا ہدف مقرر تھا۔ اس طرح چار ماہ کی ٹیکس وصولیاں بھی مقررہ ہدف سے 126 ارب 50 کروڑ روپے کم رہیں۔

بقیہ نمبر 46

کی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ناکامی کی پیش خیمہ ہے، امریکی عوام اپنے صدر کے غزہ وفلسطینیوں پر صیہونی ظلم، نسل کشی اور انتہائی جنگی جرائم سرزد ہونے پر ناراض ہیں، غزہ کے مظلوموں نے لازوال قربانیاں دے کر پوری دنیا میں بیداری کی لہر پیدا کی ہے، ٹرمپ اور صیہونیت جنگی ناکامیوں اور خلیج میں ناکام حکمت عملی کے اثرات کو زبردستی جنگ مسلط رکھ کر زائل کرنا چاہتے ہیں، لیکن اب ظلم، جبر، نسل کشی اور انسانوں سے آزادی کا حق چھیننے کی روش کو ذلت کا ہی سامنا کرنا ہو گا۔ خلیج میں جنگ کے خاتمہ اور سعودی عرب ویمن کے حوثیوں کے درمیان تنازعات کشیدگی کے خاتمے کے لیے پاکستان، قطر، ترکی کی سفارتی کوششیں درست سمت میں اقدام ہیں، سفارتی مذاکراتی عمل سے جنگ کے سدباب اور امن کا قیام خوش آئند ہے، لیکن مستقل بنیادوں پر عالم اسلام کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے عالم اسلام کا مضبوط اور ٹھوس بنیادوں پر اتحاد وقت کا اہم ترین چیلنج ہے۔ منصورہ میں مرکزی مشاورتی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے لیاقت بلوچ نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کا نفاذ آئینی اختیارات کا بدنیتی پر اور تجاوز پر مبنی اقدام ہے۔ منتخب ادارہ اور حکومت کو زیر کرنے کے لیے اقدام سراسر غیر آئینی، غیر جمہوری اور آمرانہ اقدام ہے۔ 2 نومبر 2026ء کو پشاور میں جماعت اسلامی کا خیبر پختونخوا جماعت اسلامی کی لیڈرشپ کا اہم اجلاس طلب کر لیا گیا ہے، جس میں آئندہ کے لائحہ عمل کے لیے سفارشات ترتیب دی جائیں گی، خیبر پختونخوا میں بیرونی مداخلت، افغانستان کی سرزمین سے دہشت گردی کا دھکیلا جانا کھلی حقیقت ہے، لیکن سب سے بڑا بحران حکومت، ریاست، سیکیورٹی فورسز اور عوام کے درمیان بے اعتمادی کی خلیج ہے۔ بلوچستان، خیبر پختونخوا کے حالات اور گھمبیر سیاسی بحرانوں کا حل ہارڈ اسٹیٹ نہیں قومی ڈائیلاگ، قومی ترجیحات اور بحرانوں سے نکل کر قومی استحکام کو ترجیح دینے کے لیے قومی کانفرنس جس میں تمام اسٹیک ہولڈرز شریک ہوں اور نیک نیتی، صحیح حکمت عملی سے قومی اتفاق رائے کا قومی ایکشن پلان بنایا جائے اور غیر جانبداری سے عمل کیا جائے۔ اپوزیشن کی سیاسی پارلیمانی کمیٹی کا مذاکرات کے لیے آمادہ ہونا سیاسی جمہوری پیش رفت ہے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ اپوزیشن کی آل پارٹیز کانفرنس کے انعقاد کی تجدید اور دعوت پر امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے مثبت پیغام دیا تھا، لیکن اس کے بعد تحریک تحفظ آئین پاکستان اور پی ٹی آئی نے کسی پیش رفت سے آگاہ نہیں کیا، پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں تلخی، الزام تراشیاں اور ٹارگٹڈ توہین آمیز رویے منفی اثرات ہی لائیں گے۔ لیاقت بلوچ نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی پر آئندہ ہفتہ حکومتی اور جماعت اسلامی کی ٹیموں کے مذاکرات ہوں گے، عوام کو ریلیف ملے گا اور دوسری صورت میں ملتان سے اسلام لانگ مارچ ہوگا۔

بقیہ نمبر 47

ئے کہا کہ وہ اپنے بیٹوں اور عزیز واقارب سے مشاورت کے بعد دو روز میں اپنے فیصلے اور اختیار سے وفد کو آگاہ کریں گے گیوفر نے میر جمیل احمد مینگل کی جانب سے ملاقات کے لیے وقت دینے اور مثبت جواب پر ان کا شکریہ ادا کیا

بقیہ نمبر 48

فعال کمپنیاں اس دوران مالیاتی خدمات حاصل نہیں کر سکیں گی۔ اعلامیہ میں کہا گیا کہ دوبارہ فعال ہونے کے لیے کمپنیوں کو اپنی واجب الادا فائلنگ مکمل کرنا ہوگی، غیر فعال حیثیت کے دوران کمپنیوں کے ڈائریکٹرز میں تبدیلی رجسٹر نہیں ہو سکے گی، غیر فعال کمپنیوں میں لاہور کی 13,927، اسلام آباد کی 13,859، کراچی کی 4,868، پشاور کی 2,031، ملتان کی 1,861، فیصل آباد کی 1,384، گلگت کی 1,102، کوئٹہ کی 436 اور سکھر کی 236 کمپنیاں شامل ہیں۔ چیئرمین ایس ای سی پی کے مطابق کمپنیاں قانونی تقاضے پورے کر کے دوبارہ فعال حیثیت حاصل کر سکتی ہیں، کمپنیوں کو غیر فعال قرار دینے کا مقصد کارپوریٹ رجسٹر کو زیادہ قابل اعتماد بنانا ہے، یہ اقدام غیر فعال کمپنیوں کے غلط استعمال کی روک تھام میں مددے گا، شفاف اور قابل اعتماد کارپوریٹ رجسٹر، کاروباری اعتماد کی بنیاد ہے، غیر فعال کمپنیوں کو الگ کرنا مالیاتی نظام کے تحفظ کے لیے اہم ہے، کمپنیاں قانونی تقاضے پورے کر کے دوبارہ فعال حیثیت حاصل کر سکتی ہیں۔

بقیہ نمبر 49

ایوارڈ میں جمیعت علماء اسلام نے وہ تاریخی کامیابی حاصل کی جس نے بلوچستان کی مالی تقدیر بدل دی

بقیہ نمبر 50

خیال کیا۔ دورے کے دوران مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے ہسپتال میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات مختلف شعبوں کی کارکردگی اور مریضوں کو دی جانے والی خدمات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا بھی کی اور طبی عملے کی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے پاک بحریہ کی جانب سے تقریباً سات سال سے بند شفاخانہ ہسپتال کو دوبارہ فعال کرنے کے اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ گوادر کے عوام کے لیے ایک اہم اور خوش آئند پیش رفت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال کی بحالی سے نہ صرف مقامی شہریوں بلکہ گرد ونواح کے علاقوں کے عوام کو بھی بہتر طبی سہولیات میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ معیاری اور بروقت طبی سہولیات ہر شہری کا بنیادی حق ہیں، اور صحت کے شعبے میں ایسے اقدامات عوامی فلاح وبہبود کے لیے انتہائی اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے پاک بحریہ کی اس کاوش کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام گوادر میں صحت کے شعبے کی بہتری میں مثبت کردار ادا کرے گا۔ مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے امید ظاہر کی کہ پاک بحریہ مستقبل میں بھی عوامی فلاح وبہبود کے ایسے منصوبے جاری رکھے گی تاکہ گوادر کے عوام کو مزید بہتر، معیاری اور جدید طبی سہولیات میسر آ سکیں۔ انہوں نے اس عزم کا بھی اعادہ کیا کہ ضلع گوادر میں صحت کے شعبے کی بہتری اور عوام کو بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے اپنی کوششیں ہر سطح پر جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر 51

وڑائچ کے قریب تیز رفتار موٹرسائیکل اور رکشے میں تصادم کے نتیجے میں 55 سالہ شخص محمد شبیر جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق حادثے کے نتیجے میں محمد شہباز شدید زخمی ہوا اور موقع پر ہی دم توڑ گیا۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں شروع کر دیں۔ ریسکیو اہلکاروں نے ضروری کارروائی کے بعد لاش مقامی پولیس کے حوالے کر دی۔ پولیس نے ضابطے کی کارروائی شروع کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 52

بکریاں کھمبری کھرن نالہ دیامر سے برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس افسران گلگت اور دیامر کی خصوصی ہدایات پر تھانہ پڑی بنگلہ گلگت اور تھانہ کھمبری دیامر کی پولیس ٹیموں نے مشترکہ کارروائی کی۔ اس دوران تھانہ پڑی بنگلہ میں درج مقدمہ نمبر 28/2026، بجرم دفعات 379 اور 34 تعزیرات پاکستان میں مطلوب چوری شدہ 52 بکریاں کھمبری کھرن نالہ دیامر سے برآمد کر لی گئیں۔ گلگت بلتستان پولیس کے مطابق جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری ہیں اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 53

لیٹر شراب برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت ملک جنید ولد محمد جاوید، ساکن چمن زار کالونی راولپنڈی، کے نام سے ہوئی ہے۔ ملزم کے قبضے سے دو لیٹر شراب (ٹرہ) برآمد کر کے قبضہ پولیس میں لے لی گئی، جبکہ ملزم کو گرفتار کر کے حوالات تھانہ منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ کر لیا گیا ہے۔

بقیہ نمبر 54

کو پرانے سکھر سے ملانے والی زیر تعمیر سڑک پر پولز حادثات کا سبب بن رہے ہیں۔ سیپکو حکام کے مطابق رقم کی ادائیگی نہ ہونے کی وجہ سے 10 پول سڑک سے منتقل نہیں کیے جا سکتے ہیں۔ حکام نے بتایا کہ میونسپل کارپوریشن نے 3 دن قبل کھمبے ہٹانے کے لیے بقایاجات کی ادائیگی کر دی ہے۔ حکام کے مطابق رقم اکاؤنٹ میں منتقل ہوتے ہی کھمبوں کی منتقلی کا کام شروع کر دیا جائے گا۔ 2022 میں ادا کی گئی رقم سے دیگر تمام کام مکمل کر لیے گئے تھے۔

بقیہ نمبر 55

سمجھے منصوبے کے تحت گزشتہ کئی روز سے سوشل میڈیا پر جمعیت علمائے اسلام اور اس کے رہنماؤں کی کردار کشی کی جا رہی ہے۔ یہ تاثر دیا جا رہا ہے کہ عہدے اور منصب نہ ملنے پر قائد جمعیت مولانا فضل الرحمن ناراض ہو گئے ہیں، حالانکہ جمعیت کے قائد اور کارکنوں نے ہمیشہ اصولوں کو حکومتی عہدوں اور منصب پر ترجیح دی ہے۔ نوشہرہ کے انجیلہ ہاس میں میاں بابر شاہ کاکا خیل کی اپنے خاندان اور سینکڑوں ساتھیوں سمیت عوامی نیشنل پارٹی چھوڑ کر جمعیت علمائے اسلام میں شمولیت کے موقع پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا عطاء الرحمن نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام نے جمہوریت کی بقا، ملکی سالمیت اور پارلیمان کی بالادستی کو ہمیشہ مقدم رکھا ہے ہم عہدوں کیلئے نہیں، اصولوں کیلئے سیاست کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر انتخابات میں دھاندلی کے ذریعے نتائج پر ڈاکہ ڈالا جاتا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں بدامنی کے نام پر ایمرجنسی نافذ کر دی گئی، لیکن اب یہی معاملہ صوبے بھر میں تجاوزات کے خلاف آپریشن میں تبدیل ہو گیا ہے۔ ان کا الزام تھا کہ تجاوزات کے خلاف کارروائیوں کے نام پر اداروں کے افسران اور اہلکاروں نے کرپشن اور لوٹ مار کا بازار گرم کر رکھا ہے اور عوام کو ریلیف دینے کے بجائے مشکلات سے دوچار کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دیہات اور بستیاں تجاوزات آپریشن کے نام پر کھنڈرات میں تبدیل کی جا رہی ہیں۔

بقیہ نمبر 56

ان کا شناختی کارڈ 2015 سے بلاک کر دیا گیا تھا۔ انہوں نے شناختی کارڈ کی بحالی کے لیے نادرا کے دفتر کے کئی چکر لگائے اور مختلف کمیٹیوں کے سامنے پیش ہوئے لیکن ان کے مسئلے پر کوئی توجہ نہیں دی گئی۔ انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے کوئٹہ میں وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی غفلت اور تاخیر کے خلاف شکایت درج کروائی۔ شکایت موصول ہونے پر وفاقی محتسب (کوئٹہ) نے فوری طور پر تحقیقات کا آغاز کیا، متعلقہ محکمے کو طلب کیا اور کیس کی ہنگامی بنیادوں پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش وضاحت پیش کرنے میں ناکام رہا جس پر وفاقی محتسب نے شکایت کنندہ کا بلاک شدہ شناختی کارڈ فوری طور پر بحال کرنے کی ہدایت جاری کی۔ ان ہدایات پر عمل کرتے ہوئے محکمے نے فوری طور پر شکایت کنندہ کا شناختی کارڈ بحال کر دیا۔ شکایت کنندہ نے اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ نمبر 57

کیٹنز) نے اسلام آباد میں منعقدہ چین۔ جنوبی ایشیا فورم برائے غربت میں کمی اور ترقیاتی تعاون 2026 کے موقع پر چین میں غربت کے خاتمے کی کامیابیوں، فلسفے اور تجربات سے متعلق عالمی نقطہ ہائے نظر پر مبنی ایک رپورٹ جاری کر دی

بقیہ نمبر 58

عمر خان کی خصوصی ٹاسک پر ایس ایچ او تھانہ سیدو شریف فضل رحیم خان نے ٹریفک اور ڈسٹرکٹ پولیس کے ہمراہ نماز جمعہ کے بعد مرغزار، کوہستان گٹ اور افسر آباد روڈ پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی اور اوور اسپیڈنگ کے خلاف کارروائیاں کیں۔ اس دوران اوور اسپیڈنگ، بغیر نمبر پلیٹ موٹر سائیکل چلانے اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی میں ملوث متعدد نوجوانوں کو موٹر سائیکلوں سمیت گرفتار کرا لیا گیا۔ ڈی پی او سوات محمد عمر خان نے کہا کہ ون ویلنگ موت کا کھیل ہے اور چند لمحوں کا شوق عمر بھر کے پچھتاوے، مستقل معذوری یا جان لیوا حادثات کا سبب بن سکتا ہے۔

میر علی حسن زہری آج حاجی ابراہیم شیخ گوٹھ میں جلسے سے خطاب کرینگے

پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حب کی جانب سے آج حاجی ابراہیم شیخ گوٹھ میں عظیم الشان جلسہ عام ہوگا، پا

پیپلز پارٹی ضلع حب کے عہدیداروں و کارکنان نے جلسہ عام کی تیاریاں مکمل کرلیں

حب (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حب کی جانب سے آج حاجی ابراہیم شیخ گوٹھ میں عظیم الشان جلسہ عام ہوگا، پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر و ترجمان صدر آصف علی زرداری برائے بلوچستان میر علی حسن زہری جلسہ عام سے خطاب کریں گے، پیپلز پارٹی ضلع حب کے عہدیداروں و کارکنان نے جلسہ عام کی تیاریاں مکمل کرلیں، پاکستان پیپلز پارٹی ضلع حب کی جانب سے حب کے نواحی علاقے حاجی ابراہیم شیخ گوٹھ آج بروز اتوار 2 بجے جلسہ منعقد کیا گیا ہے جلسہ عام سے پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر نائب صدر بلوچستان اور ترجمانِ صدر آصف علی زرداری برائے بلوچستان میر علی حسن (بقیہ نمبر 21 صفحہ 7پر)



حب۔ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر و ترجمان صدر آصف علی زرداری برائے بلوچستان میر علی حسن زہری حسن پیر گوٹھ عطاء محمد ساکران میں منعقدہ شمولیتی جلسے کے دوران اسٹیج پر بیٹھے ہیں اس موقع پر انجینئر سعید مینگل، یونین کونسل حسن پیر کے چیئرمین عزیز گرگناڑی، جمیل احمد باریچہ، نوروز قلندرانی سمیت دیگر بھی موجود ہیں

برکت نادر رونجھو کی اچانک اور المناک وفات پر ہم گہرے رنج و غم اور دلی افسوس کا اظہار

کراچی میں پیش آنے والے المناک ٹریفک حادثے میں ان کی وفات کا صدمہ اس لیے بھی زیادہ دلخراش ہے

لاڑکانہ (نمائندہ بولان) پاکستان پیپلز پارٹی ورکر کے صدر ڈاکٹر صفدر عباس اور سابق ایم این اے ناہید خان نے پیپلز پارٹی کے رہنما برکت نادر رونجھو کی اچانک اور المناک وفات (بقیہ 22 صفحہ 7پر)

پاک۔ اقوام متحدہ بین الاقوامی کانفرنس کا اختتام، 22 ممالک کے مندوبین کی شرکت

کانفرنس میں کمزور اور متاثرہ آبادیوں تک بروقت انتباہ پہنچانے کی ضرورت پر زور دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) 5 روزہ پاک۔ اقوام متحدہ بین الاقوامی کانفرنس کا اختتام ہوگیا، جس میں 22 ممالک کے مندوبین سمیت 250 سے زائد نمائندوں نے شرکت کی۔ بین الاقوامی کانفرنس میں خلائی ٹیکنالوجی کے ذریعے موسمیاتی تبدیلیوں اور قدرتی آفات سے نمٹنے پر زور دیا گیا۔ سپار (بقیہ 23 صفحہ 7پر)

پنجاب کے 6 سرکاری تعلیمی اداروں کے نام تبدیل کرنے کا فیصلہ

نئے ناموں کے ساتھ لفظ یونیورسٹی جہاں قابل اطلاق ہو، حذف کرنے کی ہدایت

پنجاب کی سرکاری جامعات کو ترمیمی ایکٹ 2026ء کے مطابق ضروری اقدامات کرنے کی ہدایت کی گئی ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کی جانب سے پبلک سیکٹر یونیورسٹیز (ترمیمی) ایکٹ 2026ء نافذ کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ پنجاب کے 6 سرکاری تعلیمی اداروں کے نام تبدیل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ گورنمنٹ کالج لاہور کا نام تبدیل کر دیا گیا، گورنمنٹ کالج فیصل آباد اب نئے نام سے پہچانا جائے گا۔ اس کے علاوہ گورنمنٹ کالج برائے خواتین فیصل آباد کے نام میں بھی تبد (بقیہ 24 صفحہ 7پر)

فیصل آباد آنے والوں کو اب بہترین سڑک ملے گی

عبدالعلیم خان

موجودہ مالی وسائل کے تناظر میں ضروری ہے کہ ادارے اپنے وسائل پیدا کریں اور قومی ترقی کے لیے خود انحصاری کو فروغ دیں

وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کا فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورے کے موقع پر کاروباری برادری سے خطاب

فیصل آباد (بولان بیورو) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی) این ایچ اے (کاریونیو وزارت مواصلات کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے وقت 66 ارب روپے تھا جو اب بڑھ کر 164 ارب روپے ہو چکا ہے، این ایچ اے اپنے وسائل سے ملک بھر (بقیہ 25 صفحہ 7پر)



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو مرحوم عبدالغنی مینگل میموریل انٹرنیشنل باکسنگ چیمپئن شپ کی اختتامی فائٹ سے لطف اندوز ہو رہے ہیں۔

پی پی پی کے سینئر رہنما برکت نادر ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگئے

دکھ کی اس گھڑی میں ہم سوگوار خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں، وڈیرہ حسن لاسی جاموٹ

بیلا (نمائندہ بولان) پی پی پی کے سینئر رہنما برکت نادر ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہوگئے مرحوم کی حادثاتی وفات پر پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما قبائلی شخصیت وڈیرہ حسن لاسی جاموٹ نے پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلا کے ضلعی صدر شاہنواز حسن جاموٹ ضلعی جنرل سیکریٹری ڈاکٹر ثنا (بقیہ نمبر 26 صفحہ 7پر)



نصیر آباد: پارلیمانی سیکرٹری برائے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ورکن صوبائی اسمبلی حاجی میر محمد خان لہڑی سے لوگ مل رہے ہیں

کوئٹہ کے شہری بنیادی سہولیات سے محروم ہیں

مولانا عبدالرحمن

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی گیس اور پانی کے سنگین مسائل نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے

شہری ایل پی جی کے مہنگے استعمال پر مجبور ہیں جبکہ ٹیوب ویلوں کی بندش کی وجہ سے پانی کے حصول کیلئے مہنگے ٹینکروں کا سہارا لینا پڑ رہا ہے

کوئٹہ (بولان بیورو) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل، شاہ زاہد مشوانی اور دیگر نے کہا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی گیس اور پانی کے سنگین مسائل نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے طویل اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پانی کی شدید قلت اور گیس کی مسلسل بندش کے باعث شہری شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں متعلقہ اداروں کی بے حسی اور عدم توجہی عوام کی (بقیہ 27 صفحہ 7پر)

سوات، دکوڑک میں زہریلی دوا کھانے سے 18 سالہ نوجوان جاں بحق

سوات (این این آئی) تحصیل چارباغ کے علاقے دکوڑک میں 18 سالہ نوجوان سمیر ولد شیر علی نے مبینہ طور پر زہر (بقیہ 28 صفحہ 7پر)

بدین پریس کلب کے صدر شوکت میمن کے خلاف سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈے کی شدید مذمت

صحافی برادری کا اظہارِ یکجہتی، قانونی کارروائی کا اعلان

بدین (نامہ نگار) بدین پریس کلب کے صدر شوکت میمن کے خلاف بعض مبینہ بلیک میلر عناصر، مفاد پرست گروہوں اور سماج دشمن کرداروں کی جانب سے سوشل میڈیا پر مبینہ طور پر بے بنیاد، من گھڑت الزامات، کردار کشی اور منفی پروپیگنڈے کی صحافتی برادری نے شدید مذمت کرتے ہوئے صدر پریس کلب بدین کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ جبکہ بدین پریس کلب کے صدر شوکت میمن (بقیہ 29 صفحہ 7پر)

گھر میں آتشزدگی، خاتون اور دو بچے جھلس کر جاں بحق

*ملتان (نمائندہ بولان) گھر میں آتشزدگی، خاتون اور دو بچے جھلس کر جاں بحق **ملتان بوسن روڈ پر سائیکل موڑ، اڈا لطف آباد کے قریب گھر کی دوسری منزل کے کمرے میں آگ لگنے سے خاتون اور دو بچے جھلس کر جاں بحق ہو گئے۔ *ریسکیو 1122 کے مطابق گھر میں آگ (بقیہ نمبر 30 صفحہ 7پر)

ملتان گرین لینڈ میرج ہال، کوکا کولا کے قریب تیز رفتار لوڈر رکشے نے چنگچی رکشے کو سائیڈ سے ٹکر ماردی

ملتان (نمائندہ بولان) ملتان گرین لینڈ میرج ہال، کوکا کولا کے قریب تیز رفتار لوڈر رکشے نے چنگچی رکشے کو سائیڈ سے ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں چنگچی رکشے میں سوار پانچوں مسافر شدید زخمی ہوگئے

حکومت کراچی کی انڈسٹری کو بجلی، گیس اور پانی سمیت بنیادی سہولیات فراہم کرے، منعم ظفر خان

فرنیچر نمائش صنعتکاروں، سرمایہ داروں اور خریداروں کے لیے نئی سرمایہ کاری کا ذریعہ بنے گی، یہ محض ایک کاروبار یا صنعت نہیں ہے

ہمارے ہنر مند کاریگروں اور لاکھوں خاندانوں کے روزگار کا ذریعہ بھی ہے، ایکسپو سینٹر میں نمائش کا افتتاح و گفتگو

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا ہے کہ کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے، حکومت و ریاست کی ذمہ داری ہے کہ صنعت و تجارت کے فروغ کے لیے کراچی کی انڈسٹری کو بجلی، گیس اور پانی سمیت بنیادی سہولیات اور ضروریات کی فراہمی یقینی بنائے، کراچی سمیت ملک کے مختلف شہروں میں فرنیچر کی بڑی بڑی مارکیٹیں موجود ہیں، روایتی ہنرمندی کو جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کرکے اور جدید ڈیزائن و عالمی معیار کے ساتھ آگے بڑھیں تو پاکستان کی فرنیچر مارکیٹ (بقیہ 31 صفحہ 7پر)

مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا ثمر ہارون بلور نے مولانا فضل الرحمان کو آڑے ہاتھوں لے لیا

حکومت کے صبر کو کمزوری نہ سمجھا جائے، امید ہے مولانا فضل الرحمان ہوش کے ناخن لیں گے، مشیر اطلاعات کے پی کے

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا ثمر ہارون بلور نے مولانا فضل الرحمان کو آڑے ہاتھوں لیتے ہوئے ان کی بے جا تنقید کو مسترد کر دیا ہے اور کہا ہے کہ حکومت کے صبر کو کمزوری نہ سمجھا جائے، امید ہے مولانا فضل الرحمان ہوش کے ناخن لیں گے۔ اپنے بیان میں ثمر ہارون بلور (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

ضلع زیارت کو سیاحتی حب بنانا ہماری اولین ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر

ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس خان اچکزئی سے ان کے دفتر میں سابق ترجمان گورنر ہاؤس بلوچستان نذیر خان اچکزئی کی خصوصی ملاقات کی

ملاقات کے دوران ضلع زیارت کی مجموعی انتظامی، امن و امان اور ترقیاتی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (بولان بیورو) ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس خان اچکزئی سے ان کے دفتر میں سابق ترجمان گورنر ہاؤس بلوچستان نذیر خان اچکزئی کی خصوصی ملاقات کی اس موقع پر حاجی قاسم خان اچکزئی، ایڈوکیٹ بلوچستان ہائی کورٹ نجیب اللہ کاکڑ اور محمد علی اچکزئی بھی ان کے ہمراہ تھے، ملا (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

بلوچستان کا پر امن اور سرمایہ کاری کیلئے موزوں تشخص پیش کیا جائے، بلال کاکڑ

سرمایہ کاروں اور کاروباری برادری کے لیے سازگار ماحول اور آسانیاں پیدا کی جائیں

حکومت صوبے کے نوجوانوں کو کاروبار اور صنعت کی جانب راغب کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ

کوئٹہ (بولان بیورو) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور ہدایات کے مطابق بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ (BBoIT)، بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (BUITEMS) کے اشتراک سے آئندہ ماہ صوبے کی (بقیہ 38 صفحہ 7پر)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے پاکستان میں فرانس کے نئے سفیر ژاں نوئل پوارے ملاقات کررہے ہیں۔

22 نومبر کو کراچی میں احتجاجی مارچ ہوگا، ریاض چانڈیو

سندھ کے وسائل پر قبضے کے لیے نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کی کوششیں کی جا رہی ہیں

بدین (نامہ نگار) جیئے سندھ قومی محاذ کے مرکزی چیئرمین ریاض چانڈیو نے کہا ہے کہ سندھ کے وسائل پر قبضے کو مزید مستحکم کرنے کے لیے صوبے میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کے اعلانات کیے جا رہے ہیں، ایسے فیصلوں کے خلاف جیئے سندھ رہبر کمیٹی کی اپیل پر 22 نومبر کو کراچی میں ریگل چوک سے کراچی پریس کلب تک احتجاجی مارچ کیا جائے گا، جس میں تمام قوم پرست رہنماؤں، سیاسی کارکنوں اور سندھ کے عوام کو بھرپور شرکت کی دعوت دیتے ہیں۔ بدین پریس کلب میں وائس چیئرمین نوا (بقیہ نمبر 36 صفحہ 7پر)

پاکستان اپنے آبی حقوق کا تحفظ قانونی اور سفارتی ذرائع سے کرے گا، ملک محمد احمد خان

سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی بین الاقوامی اصولوں کے منافی ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی کا سیمینار سے خطاب

پاکستان کے آبی مسائل کے حل کیلئے قومی اتفاق رائے، موثر سفارت کاری اور بہتر آبی انتظام ناگزیر، مقررین کا اظہار خیال

لاہور (این این آئی) دی یونیورسٹی آف لاہور میں سندھ طاس معاہدہ و پاکستان کی قومی سلامتی کے موضوع پر قومی مقالمہ کا انعقاد کیا گیا۔ مکالمے میں ملک کی ممتاز سیاسی، پارلیمانی، صحافتی اور علمی شخصیات نے سندھ طاس معاہدے کے تاریخی پس منظر، قانونی حیثیت، سفارتی پہلوؤں، ماحولیاتی تبدیلیوں اور پاکستان کی آبی ضروریات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ شرکا میں سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان، سینیٹر و (بقیہ 39 صفحہ 7پر)

اسلام آباد میں چین۔ جنوبی ایشیا فورم، غربت میں کمی اور ترقیاتی تعاون پر غور

اسلام آباد (این این آئی) چائنا انٹرنیشنل کمیونیکیشن گروپ کے یورپ و ایشیا مرکز (چائنا پکچرل پبلی (بقیہ نمبر 57 صفحہ 7پر)

سوات، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر متعدد موٹر سائیکل سوار گرفتار

سوات (این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر ملاکنڈ زاہد نواز مروت کی ہدایات اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سوات محمد (بقیہ 58 صفحہ 7پر)

اسلام آباد کی صنعتی ترقی کے لیے نئی انڈسٹریل اسٹیٹ ناگزیر ہے، گورنر پنجاب

اوورسیز پاکستانی قومی معیشت میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، چیئرمین او پی ایف

پاکستانی برآمدات کے فروغ کے لیے اوورسیز بزنس فورمز کا کردار اہم ہے، سردار ظہور اقبال

اسلام آباد (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کو کاروباری برادری کے اہم مسائل کے حل کیلئے اپنے بھرپور تعاون کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا ہے کہ وہ بالخصوص اسلام آباد میں نئی انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے لیے موزوں زمین کی فراہمی اور چیمبر میں بینکنگ محتسب پاکستان کا سہولت ڈیسک قائم کرنے کے معاملات متعلقہ (بقیہ 34 صفحہ 7پر)

پسند کی شادی پر میاں بیوی کو قتل کرنے والے لڑکی کے بھائی، چچا کو دو مرتبہ عمر قید

جہلم (این این آئی) جہلم میں ایڈیشنل سیشن جج نے میاں بیوی قتل کیس میں جرم ثابت ہونے پر دو ملزمان کو دو، دو مرتبہ عمر قید کی سزا سنا دی۔ تفصیلات کے مطابق عدالت نے ملزمان کو پانچ، پانچ لاکھ روپے جرمانہ ادا کرنے کا حکم بھی دیا۔

ملتان کچہری روڈ پر 23 سالہ نوجوان مبینہ خودکشی کے واقعے میں جاں بحق

پولیس کی ضروری قانونی کارروائی کے بعد میت نشتر ہسپتال ملتان منتقل کردی گئی

ملتان (نمائندہ بولان) ملتان کچہری روڈ پر 23 سالہ نوجوان مبینہ خودکشی کے واقعے میں جاں بحق *ملتان: کچہری روڈ پر رحما سینٹر کے قریب 23 سالہ نوجوان محمد ولید ولد کامران رشید مشتاق مبینہ طور پر پھندا لینے کے باعث جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق اطلاع ملنے (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

ایران امریکا جنگ بندی کی کوششیں تیز: قطر میں مسلسل 12 گھنٹے طویل مذاکرات

قطر امریکا ایران کے درمیان ایسے اقدامات پر اتفاق کرانے کی کوشش کر رہے ہیں جن پر آئندہ چند روز میں عمل درآمد ہو سکے

دوحہ (این این آئی) امریکا اور ایران کے درمیان جاری جنگ ختم کرانے اور مذاکرات کی بحالی کے لیے سفارتی کوششیں تیز ہوگئی ہیں، ایرانی مذاکرات کار قطری ثالثوں سے بات چیت کے لیے دوحہ پہنچے۔ غیر خبر رساں ادارے کے مطابق مذاکرات سے باخبر ایک عہدیدار نے بتایا کہ ایرانی وفد کی دوحہ آمد سے قبل جمعے کو تہران میں 12 گھنٹے سے زائد طویل مذاکرات ہوئے جن کا مقصد جنگ کے خاتمے کے لیے کوئی قابل قبول راستہ تلاش کرنا تھا۔ عہدیدار کے مطابق قطری ثالثی ٹیم مذاکرات کے دوران امریکی حکام (بقیہ 37 صفحہ 7پر)

نادرا نے وفاقی محتسب کی ہدایت پر شہری کا شناختی کارڈ 11 سال بعد بحال کردیا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) وفاقی محتسب کے حکم پر محمد داد نامی شہری کا شناختی کارڈ گیارہ سال بعد بحال کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق شکایت کنندہ محمد داد نے بتایا کہ نادرا کی جانب سے (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

حکومت نے پیٹرول لیوی پر عوام کو ریلیف نہ دیا تو اسلام آباد لانگ مارچ ہوگا، لیاقت بلوچ

لانگ مارچ سے قبل کوئٹہ، میر پور خاص، بہاولپور، مانسہرہ، سرگودھا میں عوامی جلسے ہونگے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) لیاقت بلوچ نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان نے کہا ہے کہ حکومتی اور جماعت اسلامی کے پیٹرول لیوی پر حتمی مذاکرات آئندہ ہفتے ہونگے۔ ایک بیا (بقیہ نمبر 40 صفحہ 7پر)



کراچی: ایکسپو سینٹر کراچی میں جاری پاکستان فرسٹ فرنیچر ٹریڈ شو 2026 کے دوسرے ایڈیشن کے موقع پر صوبائی وزیر محنت، انسانی وسائل و سماجی تحفظ سعید غنی اسٹالز کا دورہ کر رہے ہیں

حیدرآباد، بجلی کے پول ہٹائے بغیر تعمیر ہونیوالی سڑک سے تمام کھمبے ہٹا دیے گئے

حیدرآباد (این این آئی) حیدرآباد میں قاسم آباد علمدار چوک تک روڈ پر نصب بجلی کے تمام کھمبے ہٹا دیے گئے حیسکو کا کام (آج) اتوار تک مکمل کرلیا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق سندھ حکومت کی جانب سے علمدار چوک قاسم آباد تک نیا روڈ تعمیر کیا گیا ہے۔ روڈ کے درمیان نصب بجلی کے پول ہٹائے بغیر سڑک کو عوام کے لیے کھول دیا گیا تھا جس سے نہ صرف شہریوں کو مشکلات کا سامنا تھا بلکہ حادثات بھی رونما ہو رہے تھے

خواتین کو خود مختار بنانے کا روباری سرگرمیوں کے فروغ اہمیت کا حامل ہے، یونس عزیز

اپوزیشن لیڈر بلوچستان میر یونس عزیز زہری نے وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اینڈ وومن کمپلیکس خضدار کا اچانک دورہ کیا

میئر خضدار میر محمد آصف جمالدینی نے وومن کمپلیکس میں پارکنگ شیڈ، اسٹریٹ لائٹس اور ضروری اسٹاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کا اعلان کیا

خضدار (این این آئی) اپوزیشن لیڈر بلوچستان میر یونس عزیز زہری نے وومن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ اینڈ وومن کمپلیکس خضدار کا اچانک دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ ڈپٹی کمشنر خضدار عبدالرزاق ساسولی، ایس ایس پی خضدار دوستین دشتی، صدر انجمن تاجران حافظ حمیداللہ مینگل، میئر خضدار میر محمد آصف جمالدینی اور چیف آفیسر محمد صالح جاموٹ بھی موجود تھے۔ دورے کے دوران اپوزیشن لیڈر نے وومن ہاسٹل میں رہائش پذیر خواتین کے لیے سہولیات میں اضافے کا اعلان کرتے ہوئے ریفریجریٹر، وائی فائی اور دیگر بنیادی سہولیات فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ میئر خضدار میر محمد آصف جمالدینی (بقیہ 41 صفحہ 7پر)



حب، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سے پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما برکت علی نادر رونجھو کا ملاقات کے موقع پر لیا گیا یادگار فوٹو

حب کے قریب کراچی لکی کے مقام پر ٹریفک حادثہ

برکت علی نادر رونجھو موقع پر جاں بحق، نعش کراچی اسپتال منتقل

حب (نمائندہ بولان) حب کے قریب کراچی لکی کے مقام پر ٹریفک حادثہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء برکت علی نادر رونجھو موقع پر جاں بحق، نعش کراچی اسپتال منتقل ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی بعدازاں مرحوم کی نماز جنازہ حب میں ادا کردی گئی تفصیلات کے مطابق ہفتہ کے روز حب کے قریب کراچی لکی کے مقام پر ٹریفک حادثے میں حب سے تعلق رکھنے والے پیپلز پارٹی کے صوبائی سینئر رہنماء و رونجھو قبیلے کی سرکردہ شخصیت برکت (بقیہ نمبر 42 صفحہ 7پر)



برکت علی نادر کی روڈ حادثے میں وفات پر بھوتانی برادران کا اظہارِ تعزیت

اللہ تعالیٰ مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، بھوتانی برادران

حب (نمائندہ بولان) برکت علی نادر کی روڈ حادثے میں وفات پر بھوتانی برادران کا اظہارِ تعزیت، لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار، بلوچستان عوامی پارٹی کے صوبائی صدر سردار محمد صالح بھوتانی، سابق رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی، سردارزادہ محمد عرفان بھوتانی اور سردارزادہ شہزاد صالح بھوتانی نے برکت علی نادر کی روڈ حادثے میں افسوسناک وفات پر گہرے دکھ اور رنج و غم کا اظہار کیا ہے بھوتانی برادران نے اپنے مشترکہ تعزیتی پیغام میں کہا کہ برکت علی نادر کی حادثے میں اچانک وفات کی خبر انتہائی افسوسناک اور دل کو رنجیدہ کرنے والی ہے اس دکھ اور تکلیف کی گھڑی میں ہم مرحوم کے اہل خانہ، عزیز و اقارب (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

عہدوں کیلئے نہیں، اصولوں کیلئے سیاست کرتے ہیں، مولانا عطاالرحمٰن

نوشہرہ (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام خیبر پختونخوا کے امیر سینیٹر مولانا عطاالرحمٰن نے کہا ہے کہ ایک سازش اور سوچ (بقیہ 55 صفحہ 7پر)

حیدرآباد کے بعد سکھر میں بھی سڑک کے بیچوں بیچ بجلی کے پولز سے شہری پریشان

سکھر (این این آئی) حیدرآباد کے بعد سکھر میں بھی سڑک کے بیچوں بیچ بجلی کے پولز سے شہری پریشان ہیں، انڈسٹریل ایریا (بقیہ 54 صفحہ 7پر)

جمہوریہ کانگو میں ایبولا وائرس سے پانچ ہزار سے زائد ہلاکتیں

ملک کے 8 صوبے وبا سے متاثر، تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 10 ہزار 300 سے تجاوز کرگئی

کانگو (این این آئی) براعظم افریقا کے ملک جمہوریہ کانگو میں جاری ایبولا کی وبا کے نتیجے میں پانچ ہزار سے زائد افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ملک کے 26 میں سے 8 صوبے اب اس وبا سے متاثر ہیں، ایبولا کے تصدیق شدہ کیسز کی تعداد 10 ہزار 300 سے (بقیہ 43 صفحہ 7پر)

سوات، بحرین پولیس کی کارروائی، دو لیٹر شراب برآمد، راولپنڈی کا رہائشی گرفتار

سوات (این این آئی) تھانہ بحرین پولیس نے منشیات اور غیر قانونی سرگرمیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دو (بقیہ 53 صفحہ 7پر)

ایف بی آر کو اکتوبر میں 157 ارب روپے کے ٹیکس شارٹ فال کا سامنا

ایف بی آر نے اکتوبر کے پہلے 30 روز میں 975 ارب روپے کے ٹیکس محصولات جمع کئے

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کو ماہ اکتوبر میں ٹیکس وصولیوں کے مقررہ ہدف کے مقابلے میں 157 ارب روپے کے شارٹ فال کا سامنا ہے۔ ذرائع کے مطابق ایف بی آر نے اکتوبر کے پہلے 30 روز میں 975 ارب روپے کے ٹیکس محصولات جمع (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

گلگت اور دیامر پولیس کی مشترکہ کارروائی، چوری شدہ 52 بکریاں برآمد

گلگت (این این آئی) گلگت اور دیامر پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے بہوٹ نالہ پڑی سے چوری ہونے والی 52 (بقیہ 52 صفحہ 7پر)



صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک اور دیگر عمائدین قبائلی تنازع کے پرامن تصفیے کے لیے میر جمیل احمد مینگل سے ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کے حق پر سودا بازی قبول نہیں، مولانا واسع

بلوچستان مسلسل بدامنی، سیاسی انتشار، معاشی بدحالی، انتظامی ناکامی اور عوامی محرومیوں کی دلدل میں دھنستا چلا گیا

بلوچستان کے وسائل پر پہلا اور ناقابلِ تنسیخ حق بلوچستان کے عوام کا ہے، اس حق پر کسی قسم کی سودے بازی ہرگز قبول نہیں کی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ہی بلوچستان کی حقیقی عوامی، نظریاتی اور نمائندہ جماعت ہے، اور صوبے کی سب سے بڑی عوامی قوت ہونے کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ نعروں، جذباتی سیاست اور وقتی مفادات کے بجائے عملی جدوجہد، اصولی سیاست اور بلوچستان کے آئینی، سیاسی، معاشی اور قومی حقوق کے تحفظ کو اپنی سیاست کا مرکز بنایا ہے۔ ہماری جدوجہد اور کارکردگی عوام کے سامنے ایک روشن حقیقت ہے۔ بلوچستان کے حقوق کی جنگ ہو، وسائل کی منصفانہ تقسیم، صوبائی خودمختاری، ترقیاتی منصوبوں کا حصول یا عوام کے روزگار اور خوشحالی کا معاملہ، جمعیت علماء اسلام نے ہر محاذ پر فیصلہ کن، تاریخی اور ناقابلِ فراموش کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ساتویں این ایف سی (بقیہ 49 صفحہ 7پر)

نیتن یاہو کی انتخابات میں ناکامی ٹرمپ کی ناکامی کا پیش خیمہ ہے، لیاقت بلوچ

غزہ کے مسلمانوں نے قربانیاں دے کر دنیا میں بیداری پیدا کی، قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان

لاہور (این این آئی) قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ اسرائیل کے انتخابات میں نیتن یاہو کی ناکامی امریکہ کے مڈٹرم انتخابات میں امر (بقیہ 46 صفحہ 7پر)

مرید کے میں موٹر سائیکل اور رکشے میں تصادم، 55 سالہ شخص جاں بحق

کالا شاہ کاکو (این این آئی) تحصیل مرید کے کے علاقے چک (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7پر)

صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک کی سربراہی میں وفد کی میر جمیل احمد مینگل کی رہائش گاہ آمد

وفد نے میر جمیل احمد مینگل کی جانب سے ملاقات کے لیے وقت دینے اور مثبت جواب پر ان کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (بولان بیورو) صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک، رکن صوبائی اسمبلی میر جانزیب مینگل، قبائلی رہنما میر پسند خان مینگل، یوسف بنگلزئی، محمد خان جتک اور دیگر معززین پر مشتمل وفد کی میر جمیل احمد مینگل کی رہائش گاہ آمد تفصیلات کے مطابق میر جمیل احمد مینگل اور میر اشرف مینگل کے درمیان جاری خونی تنازع کے تصفیے کے حوالے سے وفد نے میر جمیل احمد مینگل سے ملاقات کی اور معاملے کے پرامن حل کے لیے تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر میر جمیل احمد مینگل نے وفد کو عزت و احترام دیتے ہو (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

شفا جاہ ہسپتال کی فعالیت خوش آئند پیشرفت ہے

مولانا ہدایت الرحمن

بلوچستان کے عوام کو صحت و تعلیم کی سہولیات پہنچانا وقت کی اہم ضرورت ہے، امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے

امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے گوادر قائد حق دو تحریک مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے شفا جاہ ہسپتال کا دورہ کیا

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے گوادر قائد حق دو تحریک مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے شفا جاہ ہسپتال کا دورہ کیا جہاں انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا مریضوں کی عیادت کی ان کے لواحقین سے ملاقات کی اور طبی عملے سے بھی تبادلہ (بقیہ 50 صفحہ 7پر)



صحبت پور۔ صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ اور چیف انجینئر نصیر آباد زون بشیر احمد ناصر زیر تعمیر ڈسٹرکٹ کمپلیکس کا جائزہ لے رہے ہیں۔



ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری بچے کو قطرے پلا کر پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا۔

گوشوارے جمع نہ کروانے پر ایس ای سی پی نے 39,704 کمپنیوں کو غیر فعال قرار دے دیا

متعلقہ کمپنیوں کے موجودہ بینک اکاؤنٹس بھی فائلنگ مکمل ہونے تک منجمد کر دیئے گئے، ایس ای سی پی

اسلام آباد (این این آئی) سالانہ گوشوارے جمع نہ کرانے پر کارروائی کرتے ہوئے ایس ای سی پی نے 39 ہزار 704 کمپنیوں کو غیر فعال قرار دے دیا۔ ایس ای سی پی کے مطابق یہ کمپنیاں 4 سال سے سالانہ گوشوارے جمع نہیں کرا رہی تھیں، غیر فعال کمپنیوں کے نئے بینک اکاؤنٹس نہیں کھل سکیں گے، متعلقہ کمپنیوں کے موجودہ بینک اکاؤنٹس بھی فائلنگ مکمل ہونے تک منجمد کر دیئے گئے، غیر (بقیہ 48 صفحہ 7پر)



کراچی: [illegible]